بلوچستان کا مقبول روزنامہ
Daily SABA-QTA
روزنامہ صباء کوئٹہ
ایڈیٹر غضنفر علی
Phone: 081-2830288
Email: saba6097595@gmail.com
ABC CERTIFIED
جلد نمبر 22 | پیر 17 اگست 2026 | 03 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 8 روپے | شمارہ نمبر 158

# غریب عوام سے لیوی کی مد میں 700 ارب روپے کا ٹیکس وصول کیا گیا، حافظ نعیم الرحمن

ملک میں طبقاتی نظام اب نہیں چلے گا' جنریشن زی آپ کو بتائیں گے جدوجہد کس کو کہتے ہیں، یہ فارم 47 کا سسٹم ہے لوگوں کا پسندیدہ سسٹم نہیں

**جماعت اسلامی کے تین صوبوں میں گورنر ہاؤسز، پنجاب میں وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر احتجاجی دھرنے، ہم اپنے مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رکھیں گے' مقررین کا دھرنے کے شرکاء سے خطاب**

لاہور / کراچی / پشاور / کوئٹہ ( این این آئی) جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن کی اپیل پر خیبر پختونخواہ ،سندھ اور بلوچستان کے گورنر ہاؤسز جبکہ پنجاب میں وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر احتجاجی دھرنے دیئے گئے ۔ لاہور میں وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر ہونے والے احتجاجی دھرنے میں لاہور سمیت وسطی پنجاب کے تمام اضلاع سے جماعت اسلامی کے کارکنان اور عوام کی بڑی تعداد شرکت

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

# بلوچستان میں امن دشمنوں کو شکست دیکر پرامن بلوچستان کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنانا ہے

**صوبائی وزراء**

آج یہاں پر بسنے والوں سمیت اب خواتین گھروں میں بھی محفوظ نہیں گزشتہ دنوں فتنۃ الہندوستان کے دہشتگردوں نے نوشکی کے علاقے کلی مینگل آباد میں رہائش پذیر سرکاری ملازمہ حفیظہ بی بی اور حفصہ بی بی کو گھر میں گھس کر موت کی گھاٹ اتارنے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے

**پاک فوج کے تعاون سے ان کا گھر بحال ہوا تھا لیکن انہیں گھر میں گھس کر قتل کرنیوالے دہشتگرد بلوچ قوم کے خیر خواہ نہیں ہوسکتے اور گھروں میں حملہ کرکے خواتین کو قتل کرنا کونسی بلوچیت ہے۔ فتنۃ الہندوستان صرف سیکورٹی فورسز نہیں بے گناہ شہریوں کو بھی نشانہ بنارہا ہے ہیں اور چھپ کر وار کرتے ہیں**

کوئٹہ ( آن لائن ) پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کی خواتین صوبائی وزرا و ڈپٹی اسپیکر صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ ،صوبائی وزیر راحیلہ حمید خان درانی ،صوبائی مشیر کھیل مینا مجید بلوچ ، رکن صوبائی اسمبلی ہادیہ نواز بھوتانی نے کہا ہے کہ فتنۃ الہندوستان

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف آزاد کشمیر میں خواتین کی مخصوص نشستوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف بھی موجود ہیں

## انڈونیشیا میں زلزلے سے جانی نقصان پر ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا اظہار افسوس

اسلام آباد ( آن لائن ) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## قطر کا ایرانی پائلٹس کو حراست میں رکھنے کے ایرانی دعوے کی تردید

**ایران کی جانب سے ابھی تک اس دعوت کا جواب نہیں دیا گیا، ترجمان قطری وزارت خارجہ**

دوحہ،تہران ( آن لائن ) قطر نے ایرانی پائلٹس کو حراست میں رکھنے کے دعوے کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ مارچ میں ایرانی طیاروں نے قطری فضائی

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

# کاروباری شخصیات کا تعاون پاکستان کیلئے انتہائی اہم ہے

**گورنر بلوچستان**

وطن عزیز سے ہزاروں میل دور رہنے کے باوجود آپ کے دلوں میں پاکستان کی محبت اور جذبہ حب الوطنی میں کوئی کمی نہیں آئی جو یقیناً قابل تحسین ہے، جعفر خان مندوخیل

**پاکستانی ہونے کے ناطے ہمیں آپ سے بڑی امیدیں اور توقعات وابستہ ہیں۔ میری خواہش ہے کہ آپ پاکستان اور بالخصوص بلوچستان کی ترقی و خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں**

کوئٹہ + نیو یارک (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کے امریکہ کے سرکاری دورے کے موقع پر گزشتہ رات ہوسٹن شہر جشن آزادی پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں آباد تمام پاکستانیوں اور پاکستانی ڈائسپورا کو یوم آزادی کی دلی مبارکباد دی۔ وطن عزیز سے ہزاروں میل دور رہنے کے باوجود آپ کے دلوں میں پاکستان کی محبت اور جذبہ حب الوطنی میں کوئی کمی نہیں آئی جو یقیناً قابل تحسین ہے۔ اس موقع پر انٹرنیشنل شہرت یافتہ پاکستانی [illegible]

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے، سیاسی طریقے سے ہی حل کیا جاسکتا ہے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

**نئے صوبوں کا قیام پاکستان کے لیے مزید مشکلات کا باعث بنے گا، نیشنل پارٹی بھرپور مزاحمت کرے گی، سربراہ نیشنل پارٹی**

کوئٹہ ( آن لائن ) نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ سوراب واقعہ نے حقیقت عیاں کردی ہے اور آنے والے وقت میں بلوچستان میں مزید تباہی نظر آرہی ہے بلوچستان کا

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سول ہسپتال میں تیزاب گردی کا نشانہ بننے والی لیڈی ڈاکٹر ماہ نور کی مدد کرنے والے عبدالرزاق خلجی اپنے بھائیوں کے ہمراہ ملاقات کررہے ہیں

# دہشتگردوں کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک ضرور پہنچایا جائے گا

**وزیر داخلہ**

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان پولیس کی قربانیاں قابل تحسین ہیں۔ قوم اپنے بہادر جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اس موقع پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے خیریت دریافت کرنے اور حوصلہ افزائی پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا

**امن دشمن عناصر کے مذموم عزائم کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کے قیام کے لیے سیکورٹی ادارے پوری ذمہ داری اور عزم کے ساتھ اپنا کردار ادا کررہے ہیں**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے وزیر داخلہ ضیا لانگو سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور ان کی خیریت دریافت کی ۔ محسن نقوی نے مستونگ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے حملہ ناکام بنانے پر بلوچستان پولیس کی بہادری کو خراج تحسین پیش کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہوا اور میر ضیا لانگو حملے میں محفوظ رہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان پولیس کی قربانیاں قابل تحسین ہیں۔ ضیا لانگو نے خیریت دریافت کرنے اور حوصلہ افزائی پر محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا۔ بلوچستان کے وزیر داخلہ نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک ضرور پہنچایا جائے گا اور امن دشمن عناصر کے مذموم عزائم کامیاب نہیں ہونے دیے جائیں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہوا اور میر ضیا لانگو حملے میں محفوظ رہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان پولیس کی قربانیاں قابل تحسین

بقیہ 44 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

# خاران: سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 7 دہشتگرد ہلاک

فورسز نے دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو گھیرے میں لے کر موثر کارروائی کی، جبکہ آپریشن کے بعد علاقے میں تلاشی اور صفائی کی کارروائی بھی جاری رکھی گئی

**دہشتگردوں کے ٹھکانوں سے جدید اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر جنگی سامان برآمد ہوا، جبکہ ایک موٹر سائیکل اور دو گاڑیاں بھی قبضے میں لے لی گئیں**

خاران (یو این اے) بلوچستان کے ضلع خاران کے علاقے میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران فتنہ الخوارج سے وابستہ متعدد دہشت گرد زخمی بھی ہوئے۔ فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو گھیرے میں لے کر موثر کارروائی کی، جبکہ آپریشن کے بعد علاقے میں تلاشی اور صفائی کی کارروائی بھی

بقیہ 41 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## صدر مملکت کا بلوچستان کے ضلع خاران میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے ضلع خاران میں کامیاب

بقیہ 43 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## 27 ستمبر کا مارچ ملک وقوم کی تقدیر اور تاریخ بدل دے گا، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

**صوبے کے عوام کو کیڑے مکوڑے سمجھنے کی روش مزید قبول نہیں کی جائے گی، امن کی بحالی کے لیے ہر حد تک جائیں گے**

کوہاٹ، بنوں (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کے لانگ مارچ کے لیے بھرپور اور بہترین تیاری کی جائے گی اور اس مرتبہ ملک وقوم کی تقدیر اور تاریخ دونوں بدل دیں گے، خیبر پختونخوا گزشتہ دو دہائیوں سے تجربہ گاہ بنا ہوا ہے اور صوبے کے عوام کو کیڑے مکوڑے سمجھنے کی روش مزید قبول نہیں کی جائے گی۔ اتوار کے

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## نواز شریف کی زیر صدارت مری میں اجلاس، آزاد کشمیر کی مخصوص نشستوں پر غور

**مخصوص نشستوں کیلئے 10 خواتین کے انٹرویوز، مری ڈیولپمنٹ پلان پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا**

مری (این این آئی) مری کے گورنمنٹ ہاؤس میں مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس ہوا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں آزاد کشمیر اسمبلی میں خواتین کی مخصوص نشستوں کے معاملے پر غور کیا گیا۔ مخصوص نشستوں کیلئے 10

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## کم جونگ ان کے ساتھ میرے تعلقات شاندار ہیں، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) اس وقت جب دنیا ایران امریکی بحران کی پیش رفت میں مشغول ہے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ ان کے ساتھ اپنی ایک پرانی تصویر پر تبصرہ کرتے ہوئے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ تصویر میں ظاہری تاثرات کے باوجود دونوں کے درمیان

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## کراچی، جیکب لائن سے فتنہ الخوارج کا مبینہ دہشتگرد گرفتار، اسلحہ و بارود برآمد

**گرفتار ملزم اور اس کے ساتھی کراچی میں حساس مقامات کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کررہے تھے، ذرائع**

کراچی (این این آئی) رینجرز اور سی ٹی ڈی نے جیکب لائن جمشید ٹاؤن میں مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے مبینہ دہشتگرد شہزاد عرف ڈگر کو گرفتار کرلیا، جس کے قبضے سے اسلحہ اور بارود برآمد کرنے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ملزم کا تعلق فتنہ الخوارج کے منصور گروپ سے ہے۔ تفتیش کے دوران ملزم نے انکشاف کیا کہ 2025 میں منصور کی مبینہ ذہن سازی کے بعد تنظیم میں شامل ہوا تھا

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## امریکا کابل میں سفارت خانہ دوبارہ کھولے، ملک میں سرمایہ کاری کرے، افغان وزیر خارجہ

**امریکی ترجمان نے باہمی تعلقات کی بحالی کا امکان مسترد کر دیا**

کابل (یو این اے) افغانستان کی طالبان رجیم کے وزیر خارجہ امیر خان متقی نے امریکا سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ کابل میں سفارت خانہ دوبارہ کھولے اور ان کے ملک میں سرمایہ کاری کرے۔ کابل میں دی نیویارک ٹائمز کو انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہم جنگ کے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## عالمی برادری مقبوضہ جموں وکشمیر کی سنگین صورتحال سے نمٹنے کیلئے موثر اقدامات کرے، حریت کانفرنس

**عالمی برادری کو مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارت کی طرف سے جاری ریاستی دہشت گردی سے لاتعلق نہیں رہنا چاہیے**

سری نگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے عالمی برادری بالخصوص اقوام متحدہ پر زور دیا ہے کہ وہ علاقے کی بگڑتی ہوئی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فوری اور موثر اقدامات کرے کیونکہ بھارت کا

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## ایران نے چین تک تیل پہنچانے کے لیے نیا راستہ منتخب کرلیا

**ایران کی سمندری تیل برآمدات 21 سے گھٹ کر 5 لاکھ بیرل یومیہ رہ گئی، رپورٹ**

تہران (این این آئی) امریکی پابندیوں اور سمندری راستوں میں رکاوٹوں کے باعث ایران نے تیل کی برآمدات کے لیے ریل کا راستہ اختیار کرنا شروع کردیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران کی سمندری تیل برآمدات 21 لاکھ بیرل یومیہ سے

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## فتنہ الخوارج کے دہشتگرد ملک کے امن واستحکام اور ترقی کے دشمن ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی

**سردار ایاز صادق کا خاران میں انٹیلی جنس آپریشن کے دوران 7 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین**

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے خاران میں انٹیلی جنس آپریشن کے دوران 7 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور صلاحیتوں کی تعریف کی ہے۔

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## پی ٹی آئی ارکان اپنے لیڈر کو قائداعظم سے بڑا سمجھتے ہیں: اختیار ولی

**یہ دو قومی نظریے کو بھی تسلیم نہیں کرتے، اس کے کارکن ملک دشمن ہر تحریک کا حصہ بننے سے گریز نہیں کرتے**

اسلام آباد ( آن لائن ) وزیراعظم کے معاون خصوصی اختیار ولی خان نے الزام عائد کیا ہے کہ پی ٹی آئی کے ارکان اپنے لیڈر کو قائداعظم محمد علی جناح سے بھی بڑا لیڈر سمجھتے ہیں اور ان کے بقول تحریک انصاف دو قومی نظریے کو بھی تسلیم نہیں کرتی۔ رئیس

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## تیل کی آمدنی میں کمی اور فیکٹریوں کی تباہی سے ایران کے معاشی مسائل کئی گنا بڑھ گئے، ایرانی صدر

**تیل کی فروخت میں کمی کے باعث ریاست کو حاصل ہونیوالی آمدنی بھی کم ہوگئی ہے**

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کے ساتھ جنگ شروع ہونے کے بعد ایران کے معاشی مسائل مزید سنگین ہوگئے۔ تیل کی آمدنی میں کمی اور جنگ کے دوران صنعتی تنصیبات اور فیکٹریوں کی تباہی نے ملکی

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

# عبدالرزاق خلجی کی بہادری انسانیت قابل تقلید مثال ہے

**سرفراز بگٹی**

وزیراعلیٰ بلوچستان نے عبدالرزاق خلجی اور ان کے بھائیوں سے وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اور مشکل گھڑی میں متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کے لیے فوری اقدام کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کی

**حکومت ان شہریوں کی حوصلہ افزائی اور خدمات کا اعتراف کرتی ہے جو انسانی جان بچانے اور مشکل میں مبتلا افراد کی مدد کے لیے بروقت اور موثر کردار ادا کرتے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان**

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سول اسپتال کوئٹہ میں تیزاب گردی کا شکار ہونے والی لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی بروقت مدد کرنے والے نوجوان عبدالرزاق خلجی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کردیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے عبدالرزاق خلجی اور ان کے بھائیوں سے وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اور مشکل گھڑی میں متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کے لیے فوری اقدام کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عبدالرازق خلجی نے اپنی جان کی پروا کیے بغیر انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کی۔ ایسے باہمت، فرض شناس اور انسان دوست نوجوان معاشرے کے لیے قابل تقلید مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ان شہریوں کی حوصلہ افزائی اور

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## طالبان رجیم کے افغانستان پر قبضے کا 5 سالہ بدترین دور، انسانی حقوق کی پامالیوں پر عالمی تشویش برقرار

**بنیادی انسانی حقوق کی سنگین پامالیاں اور دہشتگردوں کی سرپرستی افغان طالبان رجیم کی پہچان بن چکی ہے**

اسلام آباد (یو این اے) طالبان رجیم کیا افغانستان پر قبضے کے 5 سالہ بدترین دور کے حوالہ سے انسانی حقوق کی پامالیوں پر عالمی تشویش برقرار ہے۔ بنیادی انسانی حقوق کی سنگین پامالیاں اور دہشتگردوں کی سرپرستی افغان طالبان رجیم کی پہچان بن چکی

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## جنوبی لبنان پر اسرائیلی فضائی حملوں میں 11 جاں بحق اور 19 زخمی

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے جنوبی لبنان میں حملے کرکے 11 افراد کو جاں بحق اور 19 کو زخمی کردیا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق المنصوری قصبے کے مضافات کو ایک اسرائیلی ڈرون نے نشانہ بنایا۔ لبنانی حکام کے مطابق اسرائیلی فضائی حملوں کی ایک لہر دیکھی گئی۔ لبنانی قومی خبر رساں ایجنسی نے اطلاع دی ہے کہ ایک اسرائیلی ڈرون نے جنوبی قصبے المنصوری کے مضافات پر حملہ کیا۔

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## یمن کی المخا بندرگاہ پر حوثیوں کے میزائل حملے، تجارتی سرگرمیاں معطل

**حملوں کے دوران بندرگاہ کو 25 سے زائد میزائلوں سے نشانہ بنایا گیا، غیرملکی میڈیا**

صنعا (این این آئی) یمن کی المخا بندرگاہ پر حوثیوں کے میزائل حملوں کے بعد تجارتی سرگرمیاں معطل کر دی گئیں۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ڈائریکٹر بندرگاہ نے بتایا کہ المخا بندرگاہ نے حالیہ حملوں کے بعد تجارتی اور بحری سرگرمیاں معطل کردی

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## وائٹ ہاؤس کا چین کی جانب سے امریکی ٹیرف سے بچنے کے لیے تجارتی دھوکہ دہی کا دعویٰ

واشنگٹن (این این آئی) وائٹ ہاؤس نے چین کی جانب سے امریکی ٹیرف سے بچنے کے لیے بڑے

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بنوں: وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی اسٹریٹ موومنٹ ریلی کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

## جان بچانے والی 52 نئی ادویات کی قیمتیں رواں ماہ مقرر ہونے کا امکان

**وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر صحت، خزانہ اور سی ای او ڈریپ (آج) ملاقات متوقع**

اسلام آباد (این این آئی) جان بچانے والی 52 نئی ادویات کی قیمتیں رواں ماہ مقرر ہونے کا امکان ہے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر صحت، ڈریپ حکام کی ملاقات طے پا گئی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر صحت، خزانہ اور سی ای او ڈریپ ( آج ) پیر کو ملاقات متوقع ہے اس اہم

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

[illegible]

# انتظامی یونٹس کا مطالبہ سندھ کیخلاف نہیں عوام کے حق میں ہے

**مصطفیٰ کمال**

انتظامی یونٹس بنانا سندھیوں کے خلاف نہیں بلکہ ان کے حق میں ہے، سندھ کے کسانوں کو بھی اپنے حکمران تبدیل کرنے کا اختیار ملے گا

**تین سال قبل آرمی چیف نے انتظامی یونٹس کی بات کی، محسن نقوی اور ڈی جی آئی ایس پی آر نے بھی موقف کی تائید کی، وفاقی وزیر صحت**

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنماؤں نے ملک میں آبادی کے تناسب سے نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ انتظامی یونٹس کا مطالبہ سندھ کی تقسیم یا سندھی عوام کے خلاف نہیں بلکہ اختیارات اور وسائل کی منصفانہ تقسیم اور عوام کو بااختیار بنانے کی جدوجہد ہے۔ ایم کیو ایم نے اس معاملے پر تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ قومی سطح پر

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## کوئٹہ، شہید کانسٹیبل محمد خماری کو صدارتی اعزاز 'ستارہ شجاعت' عطا کرنے کا اعلان

**11 مئی 2025 کو گوادر میں دہشتگردوں کا مقابلہ کرتے ہوئے جان کا نذرانہ پیش کیا، ترجمان بلوچستان پولیس**

کوئٹہ (یو این اے) ترجمان بلوچستان پولیس کے ایک پریس ریلیز کے مطابق بلوچستان پولیس کی عوام کے تحفظ اور امن کے قیام کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں، جسے تاریخ میں ہمیشہ سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔ صدر پاکستان جناب آصف علی زرداری

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## مستونگ حملے پر سابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کا میر ضیاء اللہ لانگو سے ٹیلی فونک رابطہ

**پولیس اہلکاروں نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے حملہ ناکام بنایا، صادق سنجرانی**

کوئٹہ (یو این اے) سابق چیئرمین سینیٹ و رکن بلوچستان اسمبلی صادق سنجرانی نے وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو سے ٹیلی فونک رابطہ کرکے ان کی خیریت دریافت کی اور مستونگ میں ان کے قافلے پر ہونے والے حملے کی شدید مذمت کی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## 5 روز گزرنے کے باوجود دھماکے سے متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت شروع نہ ہوسکی

**سیکیورٹی کلیئرنس کے منتظر ہیں، کلیئرنس ملتے ہی کام کا آغاز کر دیا جائے گا، سوئی سدرن گیس کمپنی**

کوئٹہ (یو این اے) بولان میں دھماکے سے متاثر ہونے والی 18 انچ قطر کی گیس پائپ لائن کی مرمت کا کام پانچ روز گزرنے کے باوجود شروع نہ ہوسکا، سیکیورٹی کلیئرنس نہ ملنے کے باعث سوئی سدرن گیس کمپنی کی امدادی و مرمتی کارروائیاں

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## گڈز ٹرانسپورٹرز اور حکومت کے درمیان مذاکرات میں آج اہم پیشرفت کا امکان

کراچی (یو این اے) گڈز ٹرانسپورٹرز اور حکومت کے درمیان آج اہم مذاکرات ہوں گے جس میں مثبت پیشرفت کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے۔ صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد ملک شہزاد اعوان نے ویڈیو پیغام میں بتایا کہ آج دن 3 بجے، وفاقی حکومت، پنجاب حکومت اور سندھ حکومت کے نمائندوں سے گورنر ہاؤس میں مذاکرات ہوں گے، گورنر سندھ، وزیر مواصلات عبدالعلیم خان، وزیر

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## پاکستان کی حفاظت، استحکام اور ترقی مشترکہ ذمہ داری ہے، شمسہ مہ جبین

**معاشرے میں اتحاد، بھائی چارے، برداشت، رواداری اور انسانیت کی خدمت کو فروغ دیں گے، تقریب جشن آزادی سے خطاب**

کراچی (این این آئی) صدائے انسانیت سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن کی چیئرپرسن شمسہ مہ جبین نے کہا ہے کہ یوم آزادی محض جشن منانے کا دن نہیں بلکہ یہ ہمیں اپنے بزرگوں کی عظیم قربانیوں، جدوجہد اور ان کے خوابوں کی تکمیل کے لیے اپنے کردار کا جائزہ لینے

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ علاج کے لیے بیرون ملک چلے گئے

**دبئی میں ڈاکٹرز نے تفصیلی طبی معائنہ کیا، کچھ ٹیسٹ کے نتائج آنا باقی ہیں، واپسی کا فیصلہ ہدایات کے بعد کریں گے، فیملی ذرائع**

اسلام آباد (این این آئی) سابق آرمی چیف جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ علاج کے لیے بیرون ملک چلے گئے۔ قمر جاوید باجوہ 3 ہفتے سی ایم ایچ میں زیر علاج رہے، انہیں سر اور کمر میں چوٹ آئی تھی۔ فیملی ذرائع کے مطابق سابق آرمی چیف قمر باجوہ نے یو اے ای

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی میں 3 گروپ بنے ہوئے ہیں، شیر افضل مروت

**27 ستمبر کو پی ٹی آئی کا مارچ نہیں ہوگا، کوئی تیاری نہیں، رکن قومی اسمبلی کی بات چیت**

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی میں 3 گروپ بنے ہوئے ہیں، 27 ستمبر کو پی ٹی آئی کا مارچ نہیں ہوگا، کوئی تیاری نہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مشال یوسفزئی کے حوالے سے غصے کی وجہ یہ ہے انکا تعلق بشریٰ بی بی سے ہے، کوشش کی گئی کہ مشال یوسفزئی کو سینیٹ کا ٹکٹ نہ ملے، بانی پی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## گورنر سندھ سید نہال ہاشمی کی عرس مجددی میں خصوصی شرکت

**پیر سرہندی گوٹھ میں امام ربانی مجدد الف ثانیؒ آغا اسداللہ جان سرہندی مجددی فاروقیؒ کا سالانہ عرس عقیدت واحترام سے منعقد**

کراچی (این این آئی) پیر سرہندی گوٹھ میں ہر سال کی طرح اس سال بھی عظیم روحانی و علمی شخصیات امام ربانی مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد فاروقی سرہندی اور پیر آغا اسداللہ جان سرہندی مجددی فاروقیؒ سالانہ عرس مبارک نہایت عقیدت واحترام اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منعقد ہوا، جس میں گورنر سندھ سید نہال ہاشمی نے خصوصی شرکت کی، جبکہ

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## پاکستان کیساتھ تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے کے وسیع مواقع ہیں، ہسپانوی سفیر

اسلام آباد (یو این اے) سپین کے سفیر کارلوس آراگون گل ڈی لاسرنا نے کہا ہے کہ دونوں ممالک تجارت، سرمایہ کاری، اقتصادی تعاون اور ثقافتی تعلقات کو مزید مضبوط بنا سکتے ہیں۔ سپین کے سفیر کارلوس آراگون گل ڈی لاسرنا نے راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آر سی سی آئی) کے دورے کے دوران تاجروں سے ملاقات میں کہا کہ پاکستان اور سپین کے درمیان تجارتی و اقتصادی روابط

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## امریکا اور پاکستان کے درمیان دوطرفہ تجارت 8 ارب ڈالر سے تجاوز کرگئی، نٹلی بیکر

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان میں امریکی ناظم الامور نٹلی اے بیکر نے لاہور کا دورہ کیا جس کے دوران تجارت، سرمایہ کاری، مصنوعی ذہانت اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں پاکستان اور امریکا کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے کے مواقع کو اجاگر کیا۔ نٹلی بیکر نے نجی شعبے کی شراکت داری کے ذریعے روزگار کے مواقع پیدا کرنے، معاشی امکانات کو وسعت دینے اور دونوں ممالک

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## واشنگٹن میں یوم آزادی کے موقع پر پاکستانی سفارتخانے میں قائداعظم کا مجسمہ نصب

**قائداعظم کا یہ مجسمہ ہیوسٹن میں قائم قائداعظم فاؤنڈیشن کی جانب سے سفارتخانے کو بطور تحفہ دیا گیا ہے**

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے دارالحکومت واشنگٹن میں پاکستانی سفارتخانے میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کا مجسمہ نصب کردیا گیا ہے، مجسمے کی نقاب کشائی یوم آزادی کی تقریب کے دوران کی گئی جس سے پاکستان کے یوم آزادی کی تقریبات کو ایک تاریخی اور قومی رنگ ملا۔ امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے پاکستانی

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## تربیلا ڈیم بھر گیا، دریاؤں میں سیلاب کا خطرہ؛ ملک بھر میں شدید بارشوں کی پیشگوئی

**دریائے سندھ میں تربیلا، کالاباغ، چشمہ اور تونسہ کے مقامات پر نچلے درجے کے سیلاب کی صورتحال ہے، رپورٹ**

اسلام آباد (این این آئی) مون سون بارشوں کے باعث ملک میں دریاں اور ڈیموں کی صورتحال میں نمایاں تبدیلی آئی ہے، تربیلا ڈیم اپنی آخری حد تک بھر گیا جبکہ منگلا ڈیم میں پانی کی سطح 68 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔ دریائے سندھ میں تربیلا، کالاباغ، چشمہ اور تونسہ کے مقامات پر نچلے درجے کے سیلاب کی صورتحال ہے جبکہ آئندہ 24 سے 48 گھنٹوں

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

# بلوچستان میں صحت کے شعبے میں نمایاں بہتری کے اقدامات اٹھارہے ہیں، وزیر صحت

نئے آلات، ایمبولینس سروس، لیبارٹریز اور ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ عوام کو مفت اور بروقت علاج دستیاب ہو، بخت محمد کاکڑ

**صحت کے شعبے میں شفافیت اور معیار کے لیے مانیٹرنگ سسٹم مزید مضبوط کیا جارہا ہے اور غفلت برتنے والے اہلکاروں کیخلاف کارروائی ہوگی، بات چیت**

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے کے عوام کو بہتر اور معیاری طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اسی مقصد کے تحت صحت کے شعبے میں بڑے پیمانے پر اصلاحات اور ترقیاتی منصوبے شروع کیے گئے ہیں، یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ صوبے بھر کے سرکاری اسپتالوں میں سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے فنڈز جاری کیے جا چکے ہیں۔ نئے آلات، ایمبولینس سروس، لیبارٹریز اور ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ عوام کو مفت اور بروقت علاج

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، قائمقام صدر آزاد کشمیر چوہدری لطیف اکبر سے وزیراعظم آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور ملاقات کررہے ہیں

# جب تک شیخ حسینہ کو حوالے نہیں کیا جاتا، بنگلہ دیشی وزیراعظم بھارت کا دورہ نہیں کریں گے، بنگلہ دیش

بنگلہ دیش نے دوطرفہ حوالگی کے معاہدے کے تحت شہید شریف عثمان ہادی کے قتل میں ملوث ملزمان کو بھی بنگلہ دیش کے حوالے کرنے کا مطالبہ کیا ہے

**بنگلہ دیش بھارتی حکومت کے جواب کا منتظر ہے۔ واضح رہے کہ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے طارق رحمان کی بطور وزیراعظم حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی تھی**

ڈھاکہ ( آن لائن) بنگلہ دیش کے وزیراعظم طارق رحمان کا بھارت کے دارالحکومت نئی دہلی کا دورہ فی الحال منسوخ کردیا گیا ہے۔ بنگلہ دیش کی وزارت خارجہ نے تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ دورے کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ بنگلہ دیشی وزارت خارجہ کے ترجمان اے ایم شاہد الکریم نے وزارت خارجہ میں پریس بریفنگ کے دوران دورہ منسوخ کیے جانے کا اعلان کیا۔ اس سے قبل بھارتی میڈیا نے امکان ظاہر کیا تھا کہ طارق رحمان آئندہ ہفتے کے وسط میں دو روزہ دورے پر بھارت جاسکتے ہیں، جبکہ ڈھاکہ میں بنگلہ

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صحبت پور۔ صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ اور ڈپٹی کمشنر صحبت پور میر ظہور حسین کھوسہ میموریل ہسپتال کے دورے کے موقع پر ڈائلائزیونٹ کا جائزہ لے رہے ہیں

# پاک امریکا تجارت 8 ارب ڈالر سے بڑھ گئی، نیٹلی بیکر

## پاکستان کا ٹیکنالوجی کا شعبہ تیزی سے وسعت پا رہا ہے، امریکا اور پاکستان تجارت، سرمایہ کاری، اے آئی، ابھرتی ٹیکنالوجیز میں تعاون بڑھا سکتے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان میں امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر نے کہا ہے کہ امریکا اور پاکستان کے درمیان دوطرفہ تجارت 8 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئی ہے۔ پاکستان میں امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر نے 11 اور 12 اگست کو لاہور کا دورہ کیا جہاں انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور مشیر علی ڈار سمیت کاروباری رہنماں، ٹیکنالوجی ماہرین سے ملاقاتیں کیں۔ امریکی سفارتخانے کے مطابق ملاقاتوں میں مصنوعی ذہانت (AI)، اعلیٰ تعلیم، اختراع، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ امریکی ناظم الامور نے کہا کہ امریکا پاکستان کے نجی شعبے، جامعات، اختراع کاروں اور حکومتی اداروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا ٹیکنالوجی کا شعبہ تیزی سے وسعت پا رہا ہے، امریکا اور پاکستان تجارت، سرمایہ کاری، اے آئی، ابھرتی ٹیکنالوجیز میں تعاون بڑھا سکتے ہیں، سافٹ ویئر، ڈیجیٹل سروسز اور مصنوعی ذہانت میں تعاون کے مواقع موجود ہیں۔ امریکی ناظم الامور نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات بڑھانے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ: [illegible] کوآرڈینیٹر وزیراعظم یوتھ افیئرز بلوچستان کے کوآرڈینیٹر حیدر خان اچکزئی اور دیگر جشن آزادی کے حوالے سے کیک کاٹ رہے ہیں

## جھل مگسی میں نامعلوم مسلح افراد کی کارروائی، ٹھیکیدار سمیت 2 افراد اغوا

جھل مگسی (یو این اے) جھل مگسی میں نامعلوم مسلح افراد نے ٹھیکیدار سمیت دو افراد کو مبینہ طور پر اغوا کرلیا۔ مقامی ذرائع کے مطابق مسلح افراد نے کارروائی کرتے ہوئے ٹھیکیدار اور ایک دوسرے شخص کو اپنی تحویل میں لیا اور نامعلوم مقام کی جانب لے گئے۔ واقعے کے بعد علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی، جبکہ واقعے کی اطلاع ملنے پر متعلقہ حکام نے تحقیقات شروع کردی ہیں۔ دونوں مغویوں کی بازیابی کے لیے کوششیں جاری ہیں، تاہم فوری طور پر اغوا کی وجہ اور ملزمان کے بارے میں مزید معلومات سامنے نہیں آسکیں۔

## پنجگور، آٹے کے شدید بحران نے عوام کا جینا دوبھر کردیا، 40 کلو تھیلا 6 ہزار روپے تک پہنچ گیا

پنجگور (یو این اے) پنجگور میں آٹے کا بحران نے شدت اختیار کرگیا ہے مہنگائی اور اشیا خورد و نوش کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے عام طبقے کو شدید متاثر کردیا ہے آٹے تاریخ کی سب سے بدترین مہنگائی چالیس کلو والا آٹا پانچ ہزار آٹھ سو 5800 اور 6000 ہزار کا فروخت ہونے لگا ہے 20 کلو آٹا 2800 سے 3000 تک کا پہنچ گیا ہے پنجگور میں پرائس کنٹرول کمیٹی بے بس تاجروں نے من مانے قیمتیں مقرر کرکے اپنی الگ ریاست بنادی ہے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر پنجگور اور متعلقہ اداروں سے اس پر سختی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

## ژوب اور شیرانی میں حالیہ ٹینڈرز میں بدعنوانی اور سیاسی مداخلت ہوئی، محمد زاہد

### ڈپٹی کمشنرز سے اپیل کی کہ افسران کے خودساختہ قوانین اور میرٹ کے خلاف ورزیوں کا سختی سے نوٹس لیں، پریس کانفرنس

ژوب (اے این این) گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے رہنماؤں محمد زاہد، مولانا احمد آصف، عبدالوحید ایوب زئی، گل خان، نعمت خان، نقیب اللہ اور دیگر نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ژوب اور شیرانی میں حالیہ ٹینڈرز اور بالخصوص پی ایس ڈی پی کے تحت ہونے والے ٹینڈرز میں سول محکموں کے افسران کی جانب سے بدعنوانی، غیر قانونی شرائط اور سیاسی مداخلت کا نوٹس لیا جائے پی ایس ڈی پی ایک خوش آئند منصوبہ ہے، جس سے پسماندہ اور ضرورت مند عوام مستفید ہو رہی ہے۔ اور انتہائی قلیل مدت میں علاقے میں کافی ترقی دیکھنے کو ملی ہے پی ایس ڈی پی ایک شفاف اور میرٹ پر مبنی ترقیاتی منصوبوں کے تحت ترقیاتی کام کر رہی ہے جس کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے سول آفیسران کی جانب سے پی ایس ڈی پی کو تنازعات اور کرپشن کا شکار بنانے کے لیے مختلف حربے استعمال کیے جا رہے ہیں جس کی مثال حالیہ ژوب اور شیرانی کے مختلف محکموں بالخصوص پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، محکمہ ایریگیشن اور دیگر سرکاری محکموں میں پی پیپرا کے طے شدہ قوانین کو مکمل طور پر نظر انداز کیا جا رہا ہے کرپشن کے لئے متعلقہ افسران کی جانب سے خودساختہ اور ناروا شرائط عائد کی جارہی ہیں ان بے بنیاد شرائط کو جواز بنا کر رجسٹرڈ اور معیار پر پورا اترنے والے ٹھیکیداروں کو بولی کے عمل سے باہر ٹیکنیکل طریقے سے من پسند فرموں کو نوازا جاتا ہے جس کی وجہ سے نہ صرف ٹھیکیداروں کا حق تلف ہو رہی ہے بلکہ متعلقہ افسران کے زیر دائمل سے پی ایس ڈی پی جیسے شفاف منصوبے پر بھی سوالات اٹھ رہے ہیں محکموں کے آفیسران دیگر ساتھیوں سے فرموں کے نام لا کر منصوبوں میں شراکت داری کرتے چلے آ رہے ہیں۔

## 12 ربیع الاول کی مناسبت سے ضلع بھر میں عاشقان مصطفیٰ ﷺ کی ریلیاں جاری

صحبت پور (یو این اے) آمد مصطفیٰ ﷺ اور 12 ربیع الاول کے سلسلے میں صحبت پور سمیت تمام تحصیلوں میں عاشقان مصطفیٰ ﷺ کی جانب سے چھوٹی اور بڑی ریلیوں کے انعقاد کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ تحصیل پنہور، سنہڑی، مانجھی پور، سعید خان، خیر دین، فریدآباد اور سب ڈویژن حیا خان کھوسو میں ریلیوں کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئی ہیں جہاں موٹر سائیکلوں اور پیادہ ریلیوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ جشن آمد رسول ﷺ کے سلسلے میں نکلنے والی ریلیوں میں شہریوں کی بڑی تعداد شرکت کر رہی ہے اور پورا ضلع نعلین پاک کے پرچموں اور نعروں سے گونج اٹھا ہے۔ پولیس انتظامیہ کی جانب سے ان تمام جلسوں اور ریلیوں کی سکیورٹی کے لیے فول پروف حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں تاکہ یہ پروگرام پرامن ماحول میں مکمل ہو سکیں۔

## 12 ربیع الاول تک بجلی و گیس لوڈشیڈنگ سے استثنیٰ قرار دیا جائے، ذوالفقار طارقی

### گھروں پر چراغاں، نیاز و لنگر کی تیاری، حکومت صفائی اور سیکیورٹی کے خصوصی انتظامات کرے، رہنما اہلسنت

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارقی قادری نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں دوسرے دن تربیتی اور ربیع الاول کی محفل سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماہ ربیع الاول کی آمد کے ساتھ ہی ملک بھر بالخصوص بلوچستان میں عید میلاد النبی حضرت محمد مصطفیٰ کی تیاریوں کا آغاز ہو گیا ہے۔ عوام کی جانب سے گھروں، مساجد اور دیگر مقامات پر چراغاں، محافل میلاد، نیاز اور لنگر کی تیاری سمیت مختلف مذہبی پروگراموں کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر حکومت کو چاہیے کہ عوام کو سہولیات کی فراہمی کے لیے خصوصی اور فوری اقدامات اٹھائے اور 12 ربیع الاول تک بجلی اور گیس کی لوڈشیڈنگ سے استثنیٰ قرار دیا جائے تاکہ شہری بھرپور عقیدت و احترام کے ساتھ جشن عید میلاد النبی منا سکیں۔ ماہ ربیع الاول تمام مسلمانوں کے لیے خوشی، محبت اور عقیدت کا مہینہ ہے۔ اسی مبارک موقع پر نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ دنیا میں تشریف لائے اور انسانیت کو وہ عظیم پیغام عطا ہوا جس نے معاشرے میں عدل، مساوات، اخوت، محبت اور انسانی حقوق کی بنیاد مضبوط کی۔ اسلام نے انسان کو حقیقی معنوں میں انسانیت کا مقام عطا کیا اور رنگ، نسل اور ذات پات کی بنیاد پر برتری کے تصورات کو ختم کرتے ہوئے واضح کیا کہ کسی گورے کو کالے پر اور کسی کالے کو گورے پر کوئی فضیلت نہیں، فضیلت کا معیار تقویٰ ہے۔ نبی کریم کی آمد مبارک نے انسانی معاشرے کو ایک نئی سمت عطا کی، خواتین کو وہ عزت، مقام اور حقوق دیے گئے جن سے وہ اس سے قبل محروم تھیں، جبکہ کمزور، غریب، یتیم اور بے سہارا افراد کے حقوق کا خصوصی خیال رکھنے کی تعلیم دی گئی۔

## دشت میں مسلح افراد کی ناکہ بندی، گاڑیوں کی چیکنگ، تین گھنٹے تک سڑک بند رہی

دشت (یو این اے) دشت کے علاقے میں تولی روڈ سے سی پیک شاہراہ جانے والی سڑک پر نامعلوم مسلح افراد نے مبینہ طور پر ناکہ بندی کر کے گاڑیوں کی چیکنگ کی۔ مقامی ذرائع کے مطابق ناکہ بندی میں مسلح مردوں کے ساتھ خواتین بھی شامل تھیں، جنہوں نے سڑک سے گزرنے والی گاڑیوں کو روک کر چیک کیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مسلح افراد کی جانب سے ناکہ بندی شام تقریباً 4 بجے شروع کی گئی جو 7 بجے تک جاری رہی، جس کے باعث علاقے میں خوف و ہراس کی فضا رہی۔ واقعے کے حوالے سے مزید تفصیلات اور مسلح افراد کی شناخت تاحال سامنے نہیں آسکی، جبکہ متعلقہ حکام کی جانب سے واقعے کی باضابطہ تصدیق بھی نہیں کی گئی۔

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی میونسپل کارپوریشن اور لوکل گورنمنٹ کی صفائی مہم کا معائنہ کرتے ہوئے

## کوئٹہ، پینے کے صاف پانی کی قلت شدت اختیار کر گئی، شہری پانی کے بوند بوند کو ترس گئے

### واٹر سپلائی سکیمیں عملی طور پر ناکام ہو چکی ہیں اور متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں، شہری

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پینے کے صاف پانی کی شدید قلت نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے کئی علاقے ہفتوں سے پانی کی فراہمی سے محروم ہیں، جس کے باعث لوگ ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر ہیں۔ شہریوں کے مطابق واٹر سپلائی سکیمیں عملی طور پر ناکام ہو چکی ہیں اور متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں ہم دن رات پانی کے انتظار میں رہتے ہیں، لیکن نلکوں میں پانی نہیں آتا، مجبوراً مہنگے داموں ٹینکر خریدنا پڑتا ہے۔ ایک مقامی رہائشی نے بتایا پانی کی قلت کے باعث تعلیمی اداروں، اسپتالوں اور بازاروں میں بھی مشکلات پیدا ہو رہی ہیں۔ عوامی اور سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو صورتحال سنگین بحران کی شکل اختیار کرسکتی ہے۔

## عوامی خدمت ان کی اولین ترجیح ہے، شیخ زرک خان مندوخیل

### اپنی تمام تر صلاحیتیں علاقے کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے وقف کر رہے ہیں، رکن اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما و رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوامی خدمت ان کی اولین ترجیح ہے اور وہ اپنی تمام تر صلاحیتیں علاقے کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے وقف کر رہے ہیں عوام نے ان پر اعتماد کا اظہار کیا ہے اور وہ اس اعتماد پر پورا اترنے کے لیے دن رات کوشاں ہیں۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ علاقے میں ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کر دیا گیا ہے جن میں سڑکوں کی تعمیر، تعلیمی اداروں کی بہتری اور صحت کی سہولیات کی فراہمی شامل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا فعال کردار ادا کر سکیں۔

کوئٹہ: بلوچستان ٹینس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام یوم آزادی کے حوالے سے ٹینس ٹورنامنٹ کے اختتام پر صوبائی جنرل سیکرٹری سیم اکبر ایڈووکیٹ سردار عارف نورزئی شیلڈ تقسیم کررہے ہیں

## مسلم لیگ ن بلوچستان سمیت ملک و قوم کی تعمیر و ترقی خوشحالی معیشت کی ضامن ہے، جمال شاہ کاکڑ

### موجودہ حکومت کی عوام دوست پالیسیوں کی بدولت مہنگائی میں کمی کے اثرات نظر آنا شروع ہو گئے ہیں

سبی (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما رکن قومی اسمبلی سید جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن بلوچستان سمیت ملک و قوم کی تعمیر و ترقی خوشحالی معیشت کی ضامن ہے موجودہ حکومت کی عوام دوست پالیسیوں کی بدولت مہنگائی میں کمی کے اثرات نظر آنا شروع ہو گئے ہیں پاکستان ترکی اور سعودی عرب دفاعی معاہدہ امن ترقی خوشحالی میں تینوں ممالک کے لئے سنگ میل ثابت ہوگا بلوچستان کی عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لئے مسلم لیگ ن کے مرکزی صدر میاں محمد نواز شریف سمیت وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف مرکزی قائدین کی ولولہ انگیز قیادت میں دن رات اپنی صلاحیتوں کا استعمال یقینی بنا رہا ہوں حلقہ انتخاب سمیت بلوچستان کی عوام کو درپیش مسائل کے تدارک کے لئے ہر فورم پر آواز بلند کرکے مسائل کے خاتمہ کے لئے اپنا کردار ادا کروں گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم لیگ لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا قبل ازیں میر منیر احمد مسوری بگٹی نے رکن قومی اسمبلی سید جمال شاہ کاکڑ کو کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مسائل و ملازمین لیبر ونگ کی مشکلات کے حوالے سے بھی آگاہی۔

## جمعیت ایک فکری، دینی اور جمہوری تحریک کا نام ہے، ملک سکندر خان ایڈووکیٹ

### عوام کی خدمت اور اسلام کی سربلندی کے لیے جدوجہد جمعیت کی منشور کا حصہ ہے، مرکزی رہنما جمعیت

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری سابق اسپیکر اسمبلی ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ جمعیت ایک فکری، دینی اور جمہوری تحریک کا نام ہے۔ لسانی، علاقائی، قبائلی اور مذہبی عصبیتوں سے بالاتر جماعت ہے جو انسانیت کی خدمت اور دین کی اشاعت اور تبلیغ کے ساتھ ساتھ سیاسی میدان میں بھی اپنا کردار ادا کر رہے ہیں عوام کی خدمت اور اسلام کی سربلندی کے لیے جدوجہد جمعیت کی منشور کا حصہ ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں جاگیردارانہ اور سرمایہ دارانہ سیاست نے قوم کو بنیادی حقوق سے محروم رکھ کر عوام کا استحصال کیا گیا ملک و قوم کو روایتی، اسلامی قومی، مخلص، باکردار، دیانت دار اور شرافت، امانت کی سیاست کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ رکنیت سازی میں عوام کی بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں جمعیت کا ایک تاریخ ساز رکنیت سازی ہوگی جمعیت کی رکنیت سازی کا مقصد اکابرین کی مشن کو آگے بڑھانے کے لیے تجدید عہد ہوگا یا نئے کارکنان کو جماعت کا حصہ بناتے ہیں جماعت کی دروازے مخلص اور باکردار مسلمانوں کے لیے کھلے ہیں انہوں نے کہا کہ جمعیت عوام کی امیدوں کی آخری کرن بن چکی ہے انشاء اللہ عوام ایک نئے جذبے اور ولولے کے ساتھ جمعیت کے ساتھ دیں گے۔

## بلوچستان میں حفاظتی ٹیکوں کی کوریج میں تاریخی پیش رفت، مکمل ویکسینیشن 56.6 فیصد تک پہنچ گئی

### بلوچستان میں معمول کے حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام ای پی آئی نے نمایاں پیش رفت حاصل کرلی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان میں معمول کے حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام ای پی آئی نے نمایاں پیش رفت حاصل کرلی، آزادانہ سروے TPVICS راؤنڈ 3 کے مطابق صوبے میں بچوں کی مکمل حفاظتی ٹیکوں کی کوریج میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ آغا خان یونیورسٹی کے آزادانہ سروے کے مطابق بلوچستان میں مکمل حفاظتی ٹیکوں کی کوریج 37.6 فیصد سے بڑھ کر 56.6 فیصد ہوگئی، جو 19 فیصد پوائنٹس کا اضافہ ہے۔ سروے کے مطابق حفاظتی ٹیکوں سے محروم یا صفر خوراک والے بچوں کی شرح بھی [illegible] فیصد سے کم ہو کر 34.1 فیصد رہ گئی، جس میں 20.3 فیصد پوائنٹس کی نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی۔ اسی طرح کمیونٹی تک ویکسینیشن سروسز کی رسائی میں بھی غیر معمولی بہتری سامنے آئی ہے، جو 31 فیصد سے بڑھ کر 67 فیصد تک پہنچ گئی یعنی 36 فیصد پوائنٹس کا اضافہ ہوا۔ حکام کے مطابق یہ نمایاں پیش رفت صوبائی قیادت، بہتر حکمرانی، موثر نگرانی، اضافی وسائل کی فراہمی، مائیکرو پلاننگ میں بہتری، موبائل ویکسینیشن سروسز اور ڈیجیٹل امیونائزیشن سسٹم کے موثر استعمال کا نتیجہ ہے۔

## نوجوان کاکروچ نہیں، اقبال کے شاہین ہیں، پیٹر چارلس سہوترا

### پاکستان مائنارٹیز موومنٹ نوجوانوں کو آئی ٹی، مصنوعی ذہانت، ای کامرس کی تربیت دے رہی ہے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے چیئرمین پیٹر چارلس سہوترا نے کہا ہے کہ پاکستان کے نوجوان کاکروچ نہیں بلکہ اقبال کے شاہین اور پاکستان کا روشن مستقبل ہیں، علامہ اقبال کے فلسفہ خودی اور قائداعظم محمد علی جناح کے وژن پر استوار ہماری فکری بنیادیں اس حقیقت کی عکاس ہیں کہ پاکستان کبھی ناکام نہیں ہو سکتا، نوجوان نسل اپنی فکری بنیادوں کو مضبوط کرے اور علامہ اقبال کے افکار کی روشنی میں اپنی خودی کو بیدار کرے۔ پاکستان مائنارٹیز موومنٹ اپنی مدد آپ کے تحت نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل مہارتوں، جدید ٹیکنالوجی اور مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ کر رہی ہے تاکہ پاکستان کے نوجوان عالمی ڈیجیٹل معیشت میں اپنا مقام بنا سکیں، فری لانسنگ، آئی ٹی، مصنوعی ذہانت، ای کامرس اور دیگر جدید شعبوں میں مہارت حاصل کرنے والے نوجوان ملک کیلئے قیمتی انسانی سرمایہ ثابت ہو سکتے ہیں۔

## آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے سے عوام کیلئے دو وقت کی روٹی مشکل ہو گئی، جے یو آئی

### حکمران عوام کو ریلیف دینے کے بجائے کرپشن اور اقتدار کے تحفظ میں مصروف ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کے باعث غریب عوام کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی دشوار ہو گیا حکمران عوام کو ریلیف دینے کے بجائے اقتدار اور کرپشن کے تحفظ میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام پہلے ہی مہنگائی بے روزگاری غربت اور معاشی بدحالی کی سنگین صورتحال سے دوچار ہیں صوبے کے وسائل کو عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کرنے کے بجائے بدعنوانی کی نذر کیا جا رہا ہے عوام بنیادی ضروریات زندگی کے حصول کے لیے دربدر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے پر علی بابا چالیس چوروں کا ٹولہ مسلط ہے جسے عوامی مسائل کے حل کے بجائے کرپشن اور ذاتی مفادات سے فرصت نہیں۔

## راڑہ شم اور اندر پوڑ کو موسیٰ خیل سے الگ کرکے بارکھان میں شامل کرنے کیخلاف کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس

### اندر پوڑ اور راڑہ شم کو موسیٰ خیل میں ہی برقرار رکھا جائے، ملک عطا محمد اور ملک لال جان کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) اندر پوڑ کے قبائلی و سیاسی معتبرین ملک عطا محمد اور ملک لال جان نے کوئٹہ پریس کلب میں ایک اہم اور پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے راڑہ شم اور اندر پوڑ کو کوبلو میں ضم کرنے اور بالخصوص 8 جولائی 2026 کے نوٹیفکیشن کے ذریعے اندر پوڑ کے عوام کو موسیٰ خیل سے الگ کرکے بارکھان میں شامل کرنے کے حکومتی فیصلے کی سخت الفاظ میں مخالفت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس حکومتی فیصلے سے اندر پوڑ کے عوام کو اپنے ضلع، تحصیل، آباؤ اجداد کے مسکن اور ڈویژن سے جدا کر دیا گیا ہے، جس پر اندر پوڑ کے عوام نے بارکھان میں شمولیت کی مخالفت میں 25 جولائی کو اکثریتی قرارداد منظور کی ہے۔ اندر پوڑ کے عوام کا پرزور مطالبہ ہے کہ ان کی موسیٰ خیل کے ساتھ سابقہ انتظامی حیثیت کو فوری طور پر برقرار رکھا جائے۔ ملک عطا محمد نے اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ 2023 کی مردم شماری کے مطابق موسیٰ خیل میں آباد بلوچوں کی تعداد 21 ہزار 672 ہے، جبکہ اندر پوڑ میں بلوچ آبادی 8004 اور راڑہ شم میں بلوچ آبادی 2857 ہے۔

## لورالائی، میونسپل کمیٹی کے اجلاس میں کونسلرز کے سخت تحفظات، کروڑوں کی بدعنوانی کے سنگین الزامات

لورالائی (یو این اے) میونسپل کمیٹی کا بارواں اجلاس وائس چیئرمین ٹھیکیدار نزیر اتمانخیل کی صدارت میں منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن ریٹائرڈ حسیب شجاع نے خصوصی شرکت کی اجلاس میں 12 جنرل کونسلرز نے شرکت کی۔ کونسلر مولوی جمال الدین نے حالیہ شہید ہونے والوں کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کرائی اجلاس میں سابق چیئرمین اور کونسلر عزیز پٹھان نے مکمل کر میونسپل کمیٹی کے کونسلران کو درپیش مسائل پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ میں مسلسل کئی سالوں سے کونسلر بنتا آیا ہوں اور ایک بار ڈسٹرکٹ کا نائب ناظم بھی رہ چکا ہوں اس بار میونسپل کمیٹی کی کارکردگی نل رہی ہے منتخب نمائندے ہوتے کے باوجود ہم اپنی گلی محلوں اور وارڈوں میں صفائی تک نہیں کرسکتے ہیں وارڈ نمبر 17 کے کونسلر نے اجلاس میں بتایا کہ ہزارہ محلہ کی ایک گلی کے لیے تین بار ٹینڈرز کرواکر رقم نکالی جاچکی ہے۔

## نصیرآباد، پولیس نے کراچی سے چوری ہونے والی ٹویوٹا کرولا گاڑی برآمد کرلی

کوئٹہ (یو این اے) ڈسٹرکٹ پولیس نصیرآباد نے کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقے سے چوری ہونے والی ٹویوٹا کرولا برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق 11 اگست 2026 کو ٹویوٹا کرولا کراچی کے علاقے شاہین کمپلیکس مین روڈ تھانہ آرام باغ صدر ڈویژن ضلع ساتھ کراچی کی حدود سے چوری ہوئی تھی۔ ایس ایچ او تھانہ سٹی اور انچارج 15 مددگار سینٹر نے دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ پیشہ ورانہ مہارت اور موثر کارروائی کرتے ہوئے چوری شدہ گاڑی برآمد کرلی۔ برآمد ہونے والی گاڑی ٹویوٹا کرولا ماڈل 2012، بلیک رنگ، رجسٹریشن نمبر LEC-50[illegible]، لاہور رجسٹریشن کی حامل ہے۔ نصیرآباد پولیس نے گاڑی کی برآمدگی سے متعلق متعلقہ کراچی پولیس کو اطلاع دے دی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا۔

# بلوچستان کو معاشی طور پر مستحکم بنانا ہماری اولین ترجیح ہے، شعیب نوشیروانی

## حکومت تنہا کچھ نہیں کرسکتی، اس لیے عوام کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے وسائل کے بہتر استعمال اور کرپشن کے خاتمے کے لیے حکومت کا ساتھ دیں، وزیر خزانہ بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ صوبے کو معاشی طور پر مستحکم بنانا اور عوام کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے عوامی مسائل کم ہوں اور صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو حکومت تنہا کچھ نہیں کرسکتی، اس لیے عوام کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے وسائل کے بہتر استعمال اور کرپشن کے خاتمے کے لیے حکومت کا ساتھ دیں بلوچستان کے عوام محنتی ہیں، اگر ہم سب مل کر آگے بڑھیں تو معاشی مشکلات پر قابو پایا جا سکتا ہے یہ بات انہوں نے صحافیوں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے ٹیکس وصولی کے نظام کو شفاف بنایا جا رہا ہے جبکہ غیر ضروری اخراجات کم کرنے پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبے کے محدود وسائل کو بروئے کار لا کر زیادہ سے زیادہ عوامی سہولت فراہم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے وزیر خزانہ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا اور جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کے لیے روزگار

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## 2,500 زمباد ڈرائیورز کی تصدیق شدہ فہرست کے اجرا پر اداروں کا شکریہ

دالبندین (یو این اے) آل زمباد 2500 ویری فائیڈ لسٹ انٹری ہولڈرز نے اپنے جاری کردہ مشترکہ پریس ریلیز میں کہا ہے کہ 2500 افراد کی لسٹ صاف، شفاف اور تقریباً 90 فیصد میرٹ پر جاری کرنے پر ہم تمام متعلقہ اداروں کے شکر گزار ہیں۔ اداروں نے بڑی محنت اور جانچ پڑتال کے بعد یہ فہرست ترتیب دی ہے، جس سے علاقے کے 2500 خاندانوں کو باعزت روزگار کے مواقع میسر آئیں گے۔ پریس ریلیز میں مزید کہا گیا ہے کہ اس فہرست کو نادرا سے تصدیق اور مکمل جانچ پڑتال کے بعد ترتیب دیا گیا ہے، جس میں دالبندین کے تمام قبائل سے تعلق رکھنے والے غریب اور حقدار افراد کے نام شامل کیے گئے ہیں۔ دالبندین کے تمام 2500 انٹری ہولڈرز اس فہرست سے مطمئن ہیں اور اس اقدام پر فرنٹیئر کور بلوچستان (ایف سی ساؤتھ) کے میجر جنرل بلال سرفراز، بریگیڈیئر دالبندین راشد سعد محمود، ڈپٹی کمشنر چاغی جہانزیب نورشاہوانی سمیت دیگر تمام متعلقہ اداروں کے بے حد مشکور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ اداروں نے کافی عرصے سے جاری انٹری کے مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام افراد کی تصدیق اور جانچ پڑتال کے بعد بڑی محنت سے فہرست مرتب کی ہے۔

کوئٹہ: یونین کونسل اندر پوڑ ضلع موسیٰ خیل کے قبائلی سیاسی معتبرین میر محمد خان بزدار، حسین احمد، حافظ عبدالرحمن، ملک گل محمد، عمران خان اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

## کوئٹہ، مہنگائی اور بے روزگاری کے دوہرے عذاب میں گری عوام

### اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو قابو میں رکھنے کے لیے مؤثر پرائس کنٹرول کمیٹیاں بنائی جائیں

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں عام شہریوں کی زندگی دن بدن مشکل ہوتی جا رہی ہے۔ آٹے، گھی، دالوں اور سبزیوں سمیت بنیادی اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ حالیہ ہفتوں میں آٹے کی قیمت میں 25 فیصد اضافہ، سبزیوں کی قیمتوں میں 30 فیصد اضافہ اور دیگر اشیاء کی قیمتوں میں بھی 20 فیصد اضافہ دیکھا گیا ہے شہر کے اکثر بازاروں میں عام دکانداروں کا کہنا ہے کہ پٹرول اور ٹرانسپورٹ کے بڑھتے اخراجات کی وجہ سے اشیاء کی قیمتیں قابو سے باہر ہو رہی ہیں۔ کوئٹہ کے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع محدود ہوتے جا رہے ہیں تعلیم یافتہ نوجوان بھی ملازمت کے لیے دربدر ہیں متعدد چھوٹے کاروبار مہنگائی اور بجلی کے بھاری بلوں کے باعث بند ہو چکے ہیں۔ مزدور طبقہ کہتا ہے کہ دیہاڑی کے مواقع کم اور اخراجات کئی گنا بڑھ گئے ہیں ایک مقامی شہری عبدالرحمن نے بتایا گھر کا خرچ چلانا ناممکن ہو گیا ہے۔ بچوں کی تعلیم، کرایہ اور کھانے پینے کے اخراجات پورے کرنا بہت مشکل ہو رہا ہے ایک مزدور خاتون زرینہ بی بی کا کہنا ہے پہلے روزانہ مزدوری سے گزارہ ہو جاتا تھا اب دیہاڑی بھی نہیں ملتی اور کھانے پینے کی چیزیں آسمان کو چھو رہی ہیں ماہرین کی رائے معاشی ماہرین کے مطابق بلوچستان میں صنعتوں کا فقدان اور سرمایہ کاری کی کمی مہنگائی اور بے روزگاری کے بنیادی اسباب ہیں۔

## کوئٹہ، کچھی کینال بلوچستان میں زرعی ترقی اور معاشی استحکام کا نیا دور لے آئی

### ڈیرہ بگٹی سمیت 7 لاکھ 13 ہزار ایکڑ اراضی سیراب ہوگی، 500 کلومیٹر طویل منصوبے سے ہریالی اور روزگار کی نئی امیدیں روشن

کوئٹہ (یو این اے) کچھی کینال بلوچستان میں زرعی ترقی، خوشحالی اور معاشی استحکام کے ایک نئے دور کی امید بن کر سامنے آئی ہے۔ پنجاب سے بلوچستان تک پھیلا یہ اہم آبپاشی منصوبہ صوبے کے وسیع رقبے کو پانی کی فراہمی کے ذریعے بنجر زمینوں کو قابل کاشت بنانے اور زرعی پیداوار بڑھانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ منصوبے کے ذریعے ڈیرہ بگٹی سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں لاکھوں ایکڑ اراضی کو سیراب کرنے کا عمل جاری ہے، جس سے صوبے میں زراعت کے فروغ کے نئے امکانات پیدا ہوئے ہیں کچھی کینال کی تکمیل بلوچستان کے ان علاقوں کے لیے خصوصی اہمیت رکھتی ہے جہاں طویل عرصے سے پانی کی قلت اور بارشوں پر انحصار کے باعث زرعی سرگرمیاں محدود رہی ہیں۔ کینال کے ذریعے پانی کی دستیابی سے ان علاقوں میں کاشتکاری کے امکانات وسیع ہوئے ہیں اور مقامی آبادی کے لیے روزگار اور آمدنی کے نئے مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے کچھی کینال تقریباً 500 کلومیٹر طویل اہم آبپاشی منصوبہ ہے، جس پر تقریباً 80 ارب روپے لاگت آنے کا بتایا گیا ہے خصوصی رپورٹ کے مطابق منصوبے کا بنیادی مقصد بلوچستان کے خشک اور زرعی طور پر پسماندہ علاقوں تک پانی پہنچانا اور وہاں زرعی زمینوں کو قابل کاشت بنانا ہے۔

## ضلع بھر میں تعلیمی نظام مفلوج، اسکول بنیادی سہولیات سے محروم

### گرلز اسکولوں میں متبادل ٹیچرز کا رجحان عام، بچیاں تعلیم حاصل کرنے سے قاصر ہیں، ذرائع

صحبت پور (یو این اے) ضلع صحبت پور میں تعلیمی نظام بدحالی کا شکار ہو کر رہ گیا ہے جہاں متعدد بوائز اور گرلز اسکول بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ گرمی کی شدت کے باوجود اسکولوں میں پینے کا پانی میسر ہے نہ عمارتوں پر چھتیں، جس کے باعث معصوم بچے کھلے آسمان تلے درختوں کے سائے میں تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں۔ ذرائع کے مطابق دور دراز کے علاقوں میں گرلز پرائمری اسکول یا تو مکمل بند پڑے ہیں یا پھر محض وقت گزاری کا ذریعہ بن چکے ہیں۔ انکشاف ہوا ہے کہ اصل استانیوں نے ماہانہ 6 سے 7 ہزار روپے کے عوض غیر متعلقہ متبادل خواتین کو ڈیوٹی پر رکھا ہوا ہے جو محض ایک دو گھنٹے بیٹھ کر چلی جاتی ہیں، جس کی وجہ سے بچیاں معیاری تعلیم سے محروم ہیں اور ضلع کا تعلیمی ڈھانچہ تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔

# بجلی کے شعبے کا گردشی قرضہ 61 ارب روپے بڑھ کر 1675 ارب روپے ہو گیا

## مالی سال کے دوران بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں کو واجب الادا رقم 7** ارب روپے کی کمی کے بعد 784 ارب روپے رہ گئی، جو گزشتہ سال 861 ارب روپے تھی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے بجلی کے شعبے کا گردشی قرضہ مالی سال 2025-26 کے دوران 61 ارب روپے اضافے کے بعد جون 2026 کے اختتام پر 1675 ارب روپے تک پہنچ گیا، جو جون 2025 کے اختتام پر 1614 ارب روپے تھا۔ تازہ ترین گردشی قرضے کی رپورٹ کے مطابق مالی سال کے دوران بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں کو واجب الادا رقم 77 ارب روپے کمی کے بعد 784 ارب روپے رہ گئی، جو گزشتہ سال 861 ارب روپے تھی۔ اسی طرح بجلی پیدا کرنے والی سرکاری کمپنیوں (جینکوز) کی جانب سے ایندھن فراہم کرنے والوں کو واجب الادا رقم بھی معمولی کمی کے بعد 90 ارب روپے ہوگئی، جو ایک سال قبل 93 ارب روپے تھی۔ رپورٹ کے مطابق حکومت کی جانب سے گردشی قرضے کی فنانسنگ مالی سال 2025-26 کے دوران 801 ارب روپے رہی، جبکہ گزشتہ مالی سال پاور ہولڈنگ لمیٹڈ (پی ایچ ایل) میں 660 ارب روپے رکھے گئے تھے۔ فنانسنگ کے اس جزو نے مجموعی گردشی قرضے میں اضافے میں اہم کردار ادا کیا۔ مالی سال کے دوران

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اوتھل۔ پارلیمانی سیکرٹری سیاحت وثقافت، قانون وپارلیمانی امور نوابزادہ زرین خان مگسی سے اوتھل میں علاقائی معززین، بلدیاتی نمائندگان ودیگر ملاقات کررہے ہیں

## خضدار، سانحہ سوراب اور اختر جان مینگل کے فلیٹ پر چھاپے کیخلاف بی این پی کی احتجاجی ریلی

خضدار (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کال پر سانحہ سوراب کے خلاف خضدار میں احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی بی این پی کے ضلعی آرگنائزر چیئرمین لعل جان بلوچ اور تحصیل آرگنائزر سفر خان مینگل کی قیادت میں پارٹی آفس سے برآمد ہوئی ریلی کے شرکا مختلف شاہراہوں سے ہوتے ہوئے پریس کلب پہنچ کر مظاہرہ کی شکل اختیار کی ریلی کے شرکا سے ضلعی آرگنائزر چیئرمین لعل جان بلوچ حاجی محمد ایوب عالیزئی حاجی منیر احمد رند نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سوراب میں نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا کراچی سے سردار اختر مینگل کے فلیٹ پر چھاپہ مار کر ان کے ملازمین کو اغوا کرنا اور خضدار کے علاقے گورو میں معصوم طالب علم کی شہادت مظالم کی انتہا ہے۔

## بلوچستان بھر کے عید میلاد النبی کے تمام چھوٹے بڑے جلسوں اور جلوسوں کو مکمل سیکیورٹی فراہم کی جائے، شجاع الحق شاہ

### حکومتی بے حسی اور نااہلی کے باعث مستونگ جیسے واقعات رونما ہو چکے، اب غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

کوئٹہ (اے این این) اتحاد اہل سنت بلوچستان کے سربراہ سید شجاع الحق شاہ ہاشمی نے علماء کرام کی وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اہل سنت کو ہر دور میں پراکسی کی سزا دی گئی ہے کبھی اہل سنت کو دیوار سے لگایا جا رہا ہے کبھی علمائے اہل سنت کو تنگ کیا جا رہا ہے کبھی ہمارے مینڈیٹ کو تسلیم نہیں کیا جا رہا مسجدوں کو سیل کیا جا رہا ہے مدرسوں کو روک لگائی جا رہی ہے حق اور سچ بولنے والوں کو پابند سلاسل کیا جا رہا ہے جن لوگوں نے قربانیاں دی ہیں آج وہ دربدر ہیں انہوں نے کہا کہ عید میلاد النبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تمام چھوٹے بڑے جلسوں، جلوسوں اور محافل کو مکمل اور موثر سیکیورٹی فراہم کی جائے، حکومت اور انتظامیہ عید میلاد النبی کے موقع پر منعقد ہونے والے تمام مذہبی پروگراموں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے فوری اور عملی اقدامات اٹھائے حکومت کی بے حسی اور نااہلی کے باعث ماضی میں مستونگ جیسے افسوسناک واقعات رونما ہو چکے ہیں، اس لیے اب کسی بھی قسم کی غفلت اور کوتاہی کی گنجائش نہیں ہے۔ عید میلاد النبی مسلمانوں کے لیے انتہائی عقیدت و محبت کا مقدس موقع ہے، اس موقع پر ملک بھر میں چھوٹے بڑے جلسے، جلوس اور محافل منعقد کی جاتی ہیں۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ ان تمام پروگراموں میں شرکت کرنے والے عاشقان رسول، علماء کرام، مشائخ عظام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے بھرپور سیکیورٹی انتظامات کرے۔

## بلوچستان میں بند تمام مسافر ٹرینیں فوری بحال کی جائیں، پاکستان ریلوے ورکرز یونین

### بولان میل اور چلتن یا نواب اکبر بگٹی ایکسپریس بحال اور خالی آسامیوں پر بھرتیاں کی جائیں، محمد نسیم راو

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان ریلوے ورکرز یونین اوپن لائن کے مرکزی جنرل سیکریٹری محمد نسیم راو، کوئٹہ ڈویژن کے صدر شیر محمد بلوچ، جنرل سیکریٹری محمد سلیم سرپرہ اور چیف آرگنائزر سید محمد بگٹی نے دیگر عہدیداران کے ہمراہ اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی اور ریلوے نظام کی بہتری کے لیے صوبے میں بند کی گئی تمام مسافر ٹرینوں کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے، مگر بدقسمتی سے یہاں کے عوام کو ریلوے کی مناسب اور سستی سفری سہولت سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ متعدد ٹرینوں کی بندش سے عام مسافر، مزدور، طلبہ، مریض، کاروباری افراد اور دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ ریلوے کا سفر عام آدمی کے لیے سستا، محفوظ اور قابل اعتماد ذریعہ ہے۔

## جمہوری وطن پارٹی کے قیام کو 36 سال مکمل، بگٹی ہاؤس کوئٹہ میں یوم تاسیس سادگی سے منایا گیا

کوئٹہ (یو این اے) جمہوری وطن پارٹی کے قیام کو 16 اگست 2026 کو 36 سال مکمل ہو گئے۔ 16 اگست 1990 کو شہید نواب محمد اکبر خان بگٹی نے جمہوری وطن پارٹی کی بنیاد رکھی تھی، جس کے بعد ہر سال 16 اگست کو پارٹی کا یوم تاسیس منایا جاتا ہے۔ بلوچستان کے موجودہ حالات اور عوام کو درپیش مشکلات کے پیش نظر اس سال جمہوری وطن پارٹی کے کارکنان نے یوم تاسیس نہایت سادگی اور وقار کے ساتھ بگٹی ہاؤس کوئٹہ اور ملک بھر میں منایا۔ کارکنان نے شہید نواب محمد اکبر خان بگٹی کی سیاسی جدوجہد، جمہوری فکر، اصولی سیاست اور بلوچستان کے عوام کے لیے ان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ شہید نواب محمد اکبر خان بگٹی کی سیاسی زندگی بلوچستان کی تاریخ کا ایک اہم باب ہے۔ انہوں نے جمہوریت، آئینی و پارلیمانی سیاست اور بلوچستان کے عوام کے حقوق کے لیے اپنی سیاسی جدوجہد کو ہمیشہ اہمیت دی۔

## عمران خان کو فوری رہا اور ملک میں فوری نئے عام انتخابات کروائے جائیں، رحیم کاکڑ

### ایران، افغانستان اور بھارت کے ساتھ تجارتی و سفارتی تعلقات بحال کیے جائیں، سابق میئر کوئٹہ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے اپنے بیان میں آرمی چیف اور چیف جسٹس سپریم کورٹ سے مطالبہ کیا ہے کہ عمران خان کو فوری رہا اور ملک وطن عزیز پاکستان کی ترقی عوام کے بہتری کے اقدامات کرنے ہوں گے ملک اس وقت معاشی طور سے تباہی کے آخری درجہ پر کھڑا ہے ہم کو اپنے تمام ہمسایوں بھارت افغانستان اور ایران کے ساتھ اپنے تعلقات بہتر بنانے ہوں گے ہمسایہ ممالک سے دوطرفہ تجارت کے رہنما اصولوں پر کاربند ہونے کے ساتھ ملک عوام بدحالی مہنگائی دہشتگردی کے خاتمہ بے روزگاری اور عوام کا اعتماد حاصل کرنے کی ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کام پالیسیاں ترتیب دینی ہوگی اس وقت سب کچھ آرمی چیف اور انکی ٹیم اور چیف جسٹس سپریم کورٹ کے علاوہ کوئی ادارہ نہیں بچا ہے ہمسایہ ممالک کے ساتھ سفارتی سطح پر تعلقات کو از سر نو دیکھنا ہوگا ہم نے امریکہ کے کہنے پر ایران افغانستان کے ساتھ تعلقات انتہائی خراب کیے ہیں۔

## کوہلو، معروف قبائلی شخصیت میر مزریحان بجارانی مری انتقال کر گئے

کوہلو (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہلو کی معروف، بزرگ اور باوقار قبائلی شخصیت میر مزریحان بجارانی مری گزشتہ شب حرکت قلب بند ہونے کے باعث انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ ان کے آبائی علاقے نیصو کے قبرستان میں ادا کی گئی، جس میں سیاسی و قبائلی عمائدین، سرکاری افسران، عزیز و اقارب، دوست احباب اور اہل علاقہ سمیت ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ بعد ازاں مرحوم کو ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کردیا گیا۔ نماز جنازہ کے موقع پر مرحوم کے ایصال ثواب اور مغفرت کے لیے خصوصی دعا کی گئی، جبکہ لواحقین سے تعزیت کرتے ہوئے انہیں صبر جمیل کی تلقین کی گئی۔

## محکمہ آبپاشی بلوچستان میں کرپشن، قیمتی گاڑیاں اور مشینری اونے پونے داموں نیلام

### محکمہ آبپاشی کی نیلامیوں میں بڑے پیمانے پر مبینہ بے ضابطگیاں، تحقیقات شروع

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے محکمہ آبپاشی میں سال 2024 کے دوران گاڑیوں، مشینری اور دیگر سامان کی دو نیلامیوں میں مبینہ بڑے پیمانے پر بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے، جن کی محکمہ انسداد بدعنوانی نے تحقیقات شروع کردی ہیں۔ ذرائع کے مطابق فروری اور اکتوبر میں ہونے والی نیلامیوں میں قومی خزانے کو ایک ارب روپے سے زائد کا مبینہ نقصان پہنچایا گیا۔ ذرائع کے مطابق محکمہ آبپاشی کی 70 سے زائد گاڑیاں اور بھاری مشینری نیلام کی گئی، جن میں لینڈ کروزر، ہینو ٹرک، ٹویوٹا ہائی لکس، ڈبل کیبن، پجارو، پوٹھوہار جیپ، ایکسیویٹر، ڈوزر اور روڈ رولر سمیت دیگر قیمتی سامان شامل تھا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کروڑوں روپے مالیت کا ایکسیویٹر مبینہ طور پر صرف 11 لاکھ روپے میں نیلام کیا گیا، جبکہ ہینو ٹرک 6 سے 8 لاکھ، لینڈ کروزر 3 سے 4 لاکھ، ٹویوٹا ہائی لکس اور دیگر گاڑیاں تقریباً ڈھائی سے ساڑھے تین لاکھ روپے میں نیلام ہوئیں۔ پجارو گاڑیوں کی قیمت بھی ڈیڑھ لاکھ سے 3 لاکھ روپے تک لگائی گئی، جبکہ پوٹھوہار جیپ صرف 70 ہزار روپے میں نیلام کیے جانے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ شکایت کے مطابق بڑے جنریٹرز، موبائل ورکشاپ اور دیگر بھاری سامان بھی انتہائی کم قیمتوں پر نیلام کیا گیا۔ محکمہ آبپاشی کی موبائل ورکشاپ، جس کی مالیت کروڑوں روپے بتائی جاتی ہے۔

کوئٹہ: رضا الرحمن، عرفان سعید، ملک سعید اعوان، سلیم سرائیگی نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کی عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں سراوان ہاؤس میں ہونے والے سٹلرز کے اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

# ایم کیو ایم کا نئے صوبوں کیلئے قومی ڈائیلاگ شروع کرنے کا اعلان

## موجودہ صوبے لسانی بنیادوں پر بنائے گئے تھے، آبادی میں مسلسل اضافے کے باوجود ملک میں نئے صوبے نہیں بنائے گئے

کراچی (یو این اے) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان نے ملک میں آبادی کے لحاظ سے نئے صوبوں کے قیام کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ میں نئے صوبے بنانے کا مقدمہ سب سے زیادہ مضبوط ہے۔ ایم کیو ایم پاکستان کے چیئرمین خالد مقبول صدیقی نے ڈاکٹر فاروق ستار اور مصطفیٰ کمال کے ہمراہ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں اب ضرورت کے مطابق نئے صوبے بننے چاہئیں۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ موجودہ صوبے لسانی بنیادوں پر بنائے گئے تھے، آبادی میں مسلسل اضافے کے باوجود ملک میں نئے صوبے نہیں بنائے گئے۔ نئے صوبوں کا مطالبہ کسی تنظیمی یا سیاسی ضرورت کے تحت نہیں بلکہ پورے پاکستان کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے نہ بنانے کے جو اثرات سامنے آئے ہیں، ان پر بھی بات ہونی چاہیے، ہم مختلف سیاسی جماعتوں سے بات چیت کرنے کے لیے تیار ہیں، جبکہ سیاسی مفادات سے باہر نکل کر سب کو آپس میں مذاکرات کرنے چاہئیں، چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان نے ملک بھر کے عوام سے مخاطب ہوتے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

Daily SABA-QTA
روزنامہ صباء کوئٹہ
Phone: 081-4170018
Email: saba6097595@gmail.com
ABC CERTIFIED

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپواکر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

## بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے

سوراب واقعہ نے حقیقت عیاں کردی ہے اور آنے والے وقت میں بلوچستان میں مزید تباہی نظر آرہی ہے بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے اور اسے سیاسی طور پر ہی حل کیا جاسکتا ہے کیونکہ سیکورٹی فورسز اور مزاحمت کار بات کرنے کو تیار نہیں نئے صوبوں کے قیام کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی مزاحمت کریں گے ۔موجودہ حالات میں نئے صوبوں کا قیام پاکستان کے لئے مزید تباہی کا باعث ہوگا پارٹی کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لئے ملک گیر سطح پر بڑی سیاسی جماعتوں کے ساتھ رابطے کرکے متحرک اقدامات اٹھائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں کوئٹہ کے رہائشی میر احمد مری کی اپنے دوستوں، برادری، عزیزوں اور 60 خاندانوں کے ہمراہ نیشنل پارٹی میں شمولیت کرنے کے موقع پر پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر ڈاکٹر اسحاق بلوچ، صوبائی صدر محمد اسلم بلوچ، جنرل سیکرٹری چنگیز حئی بلوچ ایڈووکیٹ، شاوس خان بزنجو، میر محراب مری، ڈپٹی پارلیمانی میر رحمت صالح بلوچ، یاسین لہڑی، داد محمد بلوچ، عبدالخالق بلوچ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے میر احمد مری کو جماعت میں شامل ہونے پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ ہم دیگر اقوام کو بھی پارٹی میں شامل کریں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی گھمبیر صورتحال اور حالات کی وجہ سے ہونے والی بمباری کے خدشات موجود تھے سوراب واقع قابل مذمت ہے اور آنے والے وقت میں بلوچستان میں مزید حالات کی کشیدگی دیکھ رہے ہیں اور ایسا نہ ہو کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں ہماری بہنوں کو پتہ بھی نہ ہو اور کارروائی ہوجائے کیونکہ سوراب کے بعد مزید خطرات بڑھ گئے ہیں انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ پارٹی کو مضبوط اور فعال بنانے کے لئے اس کے تنظیمی ڈھانچے کو منظم بنایا جائے تاکہ مسائل کے حل کو جماعت ممکنہ طور پر یقینی بنائے انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنی جماعت مزید مضبوط اور فعال بنانا ہے تاکہ ہم مسائل کے حل کے لئے جنگ لڑسکیں اس کے لئے ہم باضابطہ طور پر مہم چلارہے ہیں اور ہمارا میڈیا سیل بھی متحرک ہوا ہے انہوں نے کہا کہ ہمیں اسلام آباد میں حکمرانوں کے سامنے بلوچستان کے سلگتے ہوئے مسائل کے حل کیلئے 17 نکات پیش کئے ہیں جس پر عملدرآمد سے مسائل کا حل ممکن بنایا جاسکتا ہے انہوں نے کہا کہ مسائل کے حل کی بجائے کوئی نہ کوئی شوشہ چھوڑا جاتا ہے کبھی اٹھارویں ترمیم کو رول بیک کرنے، این ایف سی میں تبدیلی کی باتیں کی جاتی تھیں لیکن وفاق نے ان میں تبدیلی کے بغیر بلوچستان سے پیسے کٹوتی کئے ہیں اور نئے صوبے نہیں بننے چاہئے تاریخی طور پر بنیں گے تو قانونی فریم ورک میں کچھ ہوگا لیکن کچھ قوتوں کی خواہش ہے کہ صوبے بنیں لیکن اسٹیبلشمنٹ اس طرح کے شوشے چھوڑ کر سیاسی جماعتوں پر دباؤ ڈالتی ہے۔

## امرتسر کی صدیقہ

### یاسر پیرزادہ

گوپال کا باپ میونسپلٹی میں ملازم تھا اور گوپال اسکا اکلوتا بیٹا۔ بیس بائیس برس کا کڑیل جوان، جس کے شب و روز کا آدھا حصہ محلے کے اکھاڑے میں گزرتا۔ منہ اندھیرے گوپال اکھاڑے کی گیلی مٹی میں اتر جاتا۔ مگدر گھماتا تو ہوا سائیں سائیں کرتی، ڈنڈ پیلتا تو زمین پر پسینے کے قطرے موتیوں کی طرح بکھر جاتے۔ اس ریاضت نے اسکے بدن کو تانبے کے مجسمے میں ڈھال دیا تھا۔ اس کے ڈولے ایسے تھے کہ قمیض کی آستینیں تنگ پڑ جاتیں اور جب وہ بازار سے گزرتا تو محلے کے لونڈے راستہ چھوڑ دیتے۔ کسی میں اس سے الجھنے کی جرات نہیں تھی۔ صدیقہ شہر کے زنانہ کالج میں پڑھتی تھی۔ جب وہ سفید یونیفارم میں کتابیں سینے سے لگائے، کالج جانے کیلئے گلی سے گزرتی تو محلے کے لڑکے اسے دیکھ کر آہیں بھرتے۔ پورے کالج میں وہ حسینہ عالم مشہور تھی۔ لڑکیاں اس سے حسد بھی کرتی تھیں اور اسکی دوستی پر فخر بھی۔ امرتسر میں اُس روز بسنت تھی جب سارا محلہ چھتوں پر تھا اور گوپال کی پتنگ کٹ کر عین صدیقہ کے آنگن میں آ کر گری۔ اسی لمحے دونوں کی آنکھیں چار ہوئیں، صدیقہ نے نظر بھر کر گوپال کو دیکھا اور گوپال کو یوں لگا جیسے کسی نے اُسکے سینے میں خنجر اتار دیا ہو۔ اُس دن کے بعد سے اُس نے صدیقہ کے کالج کے چکر لگانے شروع کردیئے۔ کبھی کبھار ہمت کر کے اُسکا راستہ روکنے کی کوشش بھی کرتا مگر صدیقہ کے قدموں کی رفتار بڑھ جاتی، دوپٹے کا آنچل ذرا اور کھنچ جاتا اور وہ اسے لفٹ کروائے بغیر گزر جاتی۔ گوپال کو اس بات پر بڑا غصہ آتا۔ رات کو چارپائی پر لیٹا تاروں کو گھورتا اور سوچتا کہ آخر اس لڑکی کو میرے ڈولے کیوں نظر نہیں آتے؟ سارا محلہ جن بازوؤں کا لوہا مانتا ہے، وہ اسکی ایک نگاہ کے آگے کیوں ہیچ ہیں؟ وہ جانتا تھا کہ اگر اتنی توجہ اُس نے کسی اور لڑکی پر صرف کی ہوتی تو وہ کب کی پکے ہوئے پھل کی طرح اسکی جھولی میں آ گری ہوتی۔ محلے کے اور بھی کئی لونڈے صدیقہ کے پیچھے تھے مگر سب گوپال سے ڈرتے تھے۔ گوپال کی موجودگی میں کسی کی مجال نہ تھی کہ صدیقہ کی گلی کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھے۔ اسے یہ زعم تھا کہ صدیقہ پر پہلا حق اسی کا ہے، گویا وہ کوئی اکھاڑے کا کشتی کا انعام ہو جو سب سے طاقتور پہلوان کو ملنا چاہئے۔ مگر صدیقہ تو کسی اور ہی خمار میں تھی۔ اور اُس خمار کا نام ارمان سنگھ تھا۔ گورا چٹا رنگ ایسا کہ دھوپ میں نکلتا تو ماتھا چاندی کی طرح دمکتا اور اس گوری رنگت پر اسکی گھنی سیاہ داڑھی خوب جچتی۔ صدیقہ کو اس کی داڑھی بہت پسند تھی، سلیقے سے سنواری ہوئی جس میں کنگھی کے نشان صاف دکھائی دیتے۔ اور اوپر سے اسکی پگڑی! ارمان سنگھ روز ایک نئی پگڑی باندھتا۔ کبھی سرخ، کبھی نیلی اور کبھی ارمغانی۔ پگڑی کے پیچ اتنے سلیقے سے بندھے ہوتے کہ لگتا کسی مصور نے ایک ایک تہہ پر برش پھیرا ہے۔ صدیقہ اپنے جھروکے سے اسے گلی سے گزرتا دیکھتی اور سوچتی کہ اس سکھ بچے کے پاس آخر کتنی پگڑیاں ہونگی؟ ایک صندوق بھر؟ دو صندوق؟ ہر رنگ کی؟ پھر خود ہی اپنے سوال پر شرما جاتی اور جالی سے پیچھے ہٹ جاتی، اسے فوراً ہی خیال آتا کہ اسکے اپنے صندوقوں میں بھی تو ہر رنگ کے کپڑے بھرے پڑے ہیں۔ ارمان سنگھ جب صدیقہ کی گلی سے گزرتا تو جان بوجھ کر قدم ہلکے کرلیتا اور جھروکے کے پیچھے سائے کو محسوس کر کے اسکے دل کی دھڑکن پگڑی کے پیچوں میں الجھ جاتی۔

## جاگتے رہو... نادان دوست!(2)

### عظمیٰ گل

آزاد کشمیر انتخابات کے تیسرے مرحلے میں الیکشن کمیشن نے ضلع پونچھ، پلندری (سدھنوتی) میں انتخابات ملتوی کر دیئے جبکہ باغ اور حویلی میں 10 اگست کو انتخابات پروگرام کے مطابق ہوئے۔ یہ اقدام امن و عامہ کی خراب صورتحال کی روشنی میں، ووٹرز اور امیدواروں کے تحفظ کے پیش نظر اٹھایا گیا۔ اب ا?زاد کشمیر قانون ساز اسمبلی ا?ئین کے تحت وجود میں ا?ئے گی اور کامیاب اراکین حلف اٹھا کر قانون سازی کی جانب بڑھ سکیں گے یعنی ملتوی شدہ حلقوں کے اراکین کے بنا بھی اسمبلی فعال ہوجائے گی۔ یوں کلعدم عوامی ایکشن کمیٹی کی سرتوڑ کوششوں، منفی ہتھکنڈوں، شرانگیزیوں، افواجِ پاکستان کے خلاف سازشوں و جھوٹے بیانیے کے باوجود انتخابات کا کامیابی سے انعقاد ہوگیا۔ کالعدم تنظیم جو 95 فیصد کشمیریوں کی نمائندگی کی دعویدار ہے کا اثر صرف دو علاقوں تک محدود نظر آیا حالانکہ کلعدم تنظیم ہجوم کے زور پر ووٹ کی طاقت کو پچھاڑنا چاہتی تھی۔ تین بار حکومت نے انکے جائز ناجائز مطالبے مانے، اس پر بھی کلعدم تنظیم کا اسمبلی اراکین کے خلاف گالم گلوچ، اداروں اور پاکستان کی ہرزہ سرائی، ناجائز مطالبے اور مطالبوں سے نکلتے انڈے بچے، بھلا کوئی ریاست کیسے ہر بار سرنگوں ہوتی رہتی۔ دراصل وہ ناممکن مطالبوں سے عوام کو خواہ مخواہ الجھا رہے ہیں کیونکہ مقصد مطالبات منوانا نہیں بلکہ ہندوستانی ایماء پر کشمیر میں عدم استحکام پیدا کرنا ہے۔ انتخابات ملتوی ہونے والے علاقے وہ مخصوص علاقے ہیں جہاں سے ماضی میں جنگِ ا?زادی میں فیصلہ کن کردار ادا ہوا تھا۔ یہاں کے سادہ لوح، اعتبار کرنے والے، بہادر، جری و نڈر عوام نے ڈوگرہ راج کے ظلم و ستم کے خلاف مثالی مزاحمت کی تھی۔ اسی لئے کلعدم تنظیم نے بھی اپنی ناجائز، بے فائدہ اور عبث مزاحمت کے لئے اس علاقے کو چنا۔ دوسری جنگِ عظیم سے فارغ ہزاروں ریٹائرڈ فوجی جوانوں اور مجاہدین نے کشمیر کے مایہ ناز سپوت کیپٹن حسین خان (ر) شہید کی قیادت میں ڈوگرہ راج کے خلاف عسکری جدوجہد کی تھی۔ کیپٹن صاحب تحریک آزادی کشمیر کے عظیم ترین عسکری ہیرو ہیں۔ ان میں جنگی حکمت عملی، توت ایمانی اور فوری فیصلہ کرنے کی صلاحیت جیسی خوبیاں کسی طور پر ایک جرنیل سے کم نہ تھیں۔ غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان نے انہیں "فاتح راولاکوٹ" کا خطاب دیا تھا، ان کی مقامی سپاہیوں سے تشکیل کی گئی لڑاکا فورس بعد میں آزاد کشمیر رجمنٹ بنی۔ 26 اگست 1947 میں باغ کے مقام پر ڈوگرہ فوج کے مسلمانوں کے قتل عام پر شروع ہوئی تحریک نے ڈوگرہ فوج پر مسلسل حملے جاری رکھے، یہاں تک کہ نومبر 1947 میں راولاکوٹ میں ڈوگرہ فوج کا مضبوط قلعہ فتح کرلیا گیا اور ڈوگرہ فوج نے بھاگ کر پونچھ میں پناہ لی۔ 11 نومبر 1947 کو کیپٹن حسین شہید تنگی گلا (شہید گلا) میں ڈوگرہ فوج سے لڑتے ہوئے شہادت کے رتبے پر فائز ہوئے اور ہلالِ کشمیر کے اعزاز سے نوازے گئے۔ کیپٹن حسین شہید نے اپنی جان و مال سے وطن کے لئے لازوال داستانِ شجاعت و بہادری رقم کی۔ آج کا آزاد کشمیر انہی بہادروں اور جان نثاروں کی قربانیاں کا نتیجہ ہے۔ تاریخ کشمیر سے نابلد آج کی نسل کو یہ دراصل آزادی پلیٹ میں رکھ کر ملی، تبھی وہ سوشل میڈیا اکاؤنٹوں پر اپنی ولدیت ڈوگرہ لکھ کر یا خود کو ڈوگرہ کہلا کر فخر محسوس کرتے ہیں۔ قابل نفرت ڈوگرہ فوج کے مظالم یا مسلمانوں پر مہاراجہ ہری سنگھ کی چیرہ دستیوں سے لاعلم وہ ایسی خیالی آزادی کے خواب دیکھ رہے ہیں جو انہیں مکڑی کے جالے میں پھنسا دے گی مگر اس وقت تک بہت دیر ہوچکی ہوگی۔ آج کشمیر میں کلعدم عوامی ایکشن کمیٹی نے معصوم کشمیریوں کو غلط بیانیے سے الجھایا ہوا ہے۔ انتہائی ہلکے، نازک اور نفیس انداز میں کہا جاتا ہے کہ ہمیں تو اپنے بنیادی حقوق مانگنے پر سزا دی جارہی ہے جبکہ یہی کچھ مقبوضہ کشمیر میں بھی روا ہے یعنی آزادی مانگنے پر ان پر بھی مظالم ڈھائے جارہے ہیں۔ درحقیقت یہ دلیل سرے سے غلط ہے! کیسے انسان کے پہلے اور بنیادی حق آزادی کے مقابلے میں آٹے، بجلی، روزمرہ کی ضروریات زندگی کو لاکھڑا کیا جاسکتا ہے۔ پہلی نظر میں یہ دلیل سادہ، پرکشش اور قابل قبول لگتی ہے لیکن اس میں چھپی تہ در تہ سازش انسان کو بدگمانی کے ایسے جال میں پھنساتی ہے کہ وہ منزل سے بھٹک جاتا ہے۔ "را" کی مالی معاونت سے چلائے گئے سوشل میڈیا اکاؤنٹوں پر منفی بیانیے کا واحد مقصد عوامی جذبات کو بھڑکا کر آزاد کشمیر حکومت اور پاکستان کے خلاف کرنا ہے۔ پراپیگنڈے کا یہ مہلک ترین ہتھیار، بدنام زمانہ ہندوستانی انفولیب یا اس جیسے اکاؤنٹوں سے لاکھوں کشمیریوں تک پہنچایا گیا ہے۔ شرپسندوں کے جھوٹے بیانیے پر من و عن یقین کر کے بہت سے کشمیری ان محرومیوں کو مقبوضہ کشمیر میں ہندوستانی مظالم کے مقابل سمجھنے لگے ہیں۔ یہ ذہن سازی دراصل 78 سال سے مقبوضہ کشمیر میں کیے گئے ہندوستانی مظالم کو پس پشت ڈال کر آزاد کشمیر کے حالیہ احتجاجات اور دھرنوں کو مخصوص زاویے سے پیش کرنے کی گہری سازش ہے۔ کمال چالاکی و عیاری سے ایک جھوٹے بیانیے کو دوسرے بیانیے پہ مسلط کر کے معصوم کشمیریوں کو پاکستان سے متنفر کیا جارہا ہے۔ آج آزاد کشمیر کی عوام کو سازش کے تحت تنہا کیا جارہا ہے اور پاکستانیوں کے دلوں میں کشمیریوں کی حمایت و محبت معدوم کرنے کی کوششیں ہو رہی ہیں۔ چھوٹی سی آبادی والے آزاد کشمیر کا پاکستان سے علیحدگی پر کیا مستقبل ہوگا؟ ہندوستان محض چند گھنٹوں میں اس پر قابض ہوجائے گا اور جیسی خون کی ہولی ا?زاد کشمیر میں کھیلی جائے گی دنیا مقبوضہ کشمیر، عراق، لیبیا، شام و غزہ کے مظالم بھول جائے گی۔ پاکستانی پاسپورٹ، پاکستانی شناخت، پاکستان میں کشمیریوں کی نوکریاں، فوج اور دیگر سرکاری اداروں کے خون میں رچے بسے وطن کشمیری آخر کہاں جائیں گے؟ تیسری نسل کو مہاجر کہنے پر اعتراض کرنے والی کلعدم تنظیم بتائے کہ تین نسلوں سے برطانیہ میں رہنے والے کشمیری کیا خود کو کشمیری نہیں کہتے۔ کیا وہاں کے مقامی لوگ انہیں انگریز ماننے لگے ہیں؟ کیا انہیں خوف نہیں کہ کسی روز انہیں خلائی مخلوق (ایلین) قرار دے کر ملک بدر کیا جاسکتا ہے؟ بھولیں نہیں کہ ایسے وقت میں پاکستان ہی وہ ملک ہوگا جہاں وہ واپس آسکتے ہیں۔

## پاکستان ہمیشہ زندہ باد

### محمد عرفان صدیقی

کبھی کبھی قوموں کو اپنے سفر کے کسی موڑ پر رک کر پیچھے دیکھنا چاہیے۔ اسلئے نہیں کہ راستے کے زخم گنے جائیں، بلکہ اس لیے کہ یہ دیکھا جائے کہ جن حالات میں سفر شروع کیا تھا، وہاں سے ہم کہاں تک پہنچے ہیں۔ 14 اگست 1947ء کو دنیا کے نقشے پر ابھرنے والا پاکستان اپنی ا?زادی کے اناسی برس مکمل کر کے 80 ویں سال میں داخل ہوچکا ہے۔ ذرا تصور کیجیے، ایک نوزائیدہ ریاست، وسائل محدود، خزانہ خالی، لاکھوں مہاجرین کی آبادکاری، صنعت نہ ہونے کے برابر اور مستقبل کے بارے میں بے شمار خدشات۔ پھر اسی پاکستان نے جنگیں دیکھیں، مارشل لا دیکھے، سیاسی بحران جھیلے، دہشت گردی کیخلاف طویل جنگ لڑی، زلزلوں اور سیلابوں کا مقابلہ کیا اور کئی مرتبہ معاشی تباہی کے کنارے تک پہنچا۔ مگر پاکستان ہر بار کھڑا ہوگیا۔ شاید ہماری سب سے بڑی کامیابی یہی ہے کہ دنیا نے کئی مرتبہ ہمارے بارے میں مایوسی کی پیش گوئیاں کیں، مگر پاکستان آج بھی قائم ہے، ایٹمی طاقت ہے، ایک مضبوط دفاع رکھتا ہے اور دنیا کے اہم جغرافیائی و سفارتی خطے میں اپنی جگہ بنائے ہوئے ہے۔ 1998ء میں پاکستان اسلامی دنیا کی پہلی ایٹمی طاقت بنا۔ یہ کسی ایک شخص یا ادارے کی نہیں بلکہ پاکستانی سائنس دانوں، انجینئروں، افواج اور پوری قوم کی دہائیوں کی محنت کا ثمر تھا آج پاکستان میزائل ٹیکنالوجی، لڑاکا طیاروں، ڈرونز اور دفاعی پیداوار میں بھی اپنی صلاحیت دنیا کے سامنے منوا رہا ہے۔ مئی 2025ء میں بھارت کے ساتھ ہونے والی شدید فوجی کشیدگی نے ایک مرتبہ پھر دنیا کی توجہ پاکستان کی دفاعی صلاحیت کی طرف مبذول کرائی۔ جنگ کے تمام دعوؤں اور اعداد و شمار پر دونوں ممالک کا اختلاف اپنی جگہ، لیکن بین الاقوامی سطح پر بھارتی جنگی طیاروں کے نقصانات کی رپورٹس سامنے آیا اور پاکستانی فضائیہ کی صلاحیت موضوع بحث بنی۔ آج اس دفاعی قوت کی قیادت فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ہاتھ میں ہے۔ ان کی قیادت اور پاکستان کے علاقائی کردار کو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بھی متعدد مواقع پر سراہ چکے ہیں۔ وائٹ ہاؤس میں ان کی غیر معمولی ملاقات ہوئی اور اپریل 2026ء میں ایران سے مذاکرات کی کوششوں کے دوران صدر ٹرمپ نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کو Fantastic قرار دیتے ہوئے ان کے کردار کی تعریف کی (Reuters)۔ یہ محض کسی شخصیت کی تعریف نہیں، میرے نزدیک یہ پاکستان کی عسکری اور سفارتی اہمیت کے اعتراف کی ایک علامت بھی ہے۔ دوسری طرف وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان معاشی بحران سے استحکام کی طرف بڑھنے کی کوشش کررہا ہے۔ چند سال پہلے جس معیشت کے دیوالیہ ہونے کی باتیں ہورہی تھیں، آج اس میں استحکام کے آثار نظر آرہے ہیں۔ مہنگائی، قرض، روزگار اور توانائی جیسے بڑے مسائل ابھی موجود ہیں، لیکن معیشت کو سنبھالنے، عالمی مالیاتی اداروں سے معاملات بہتر کرنے، سرمایہ کاری لانے، برآمدات بڑھانے اور آئی ٹی کے شعبے کو آگے لے جانے کیلئے شہباز شریف حکومت کی محنت کو تسلیم کرنا چاہیے۔ سیاست اپنی جگہ، لیکن اچھے کام کی تعریف بھی ہماری قومی روایت ہونی چاہیے۔ پاکستان کی نئی طاقت اس کا نوجوان اور اس کا لیپ ٹاپ بھی ہے۔ آئی ٹی برآمدات اربوں ڈالر تک پہنچ چکی ہیں۔ ہمارے نوجوان دنیا بھر کی کمپنیوں کے لیے اپنے گھروں اور چھوٹے چھوٹے دفاتر سے کام کررہے ہیں۔ کبھی پاکستان کی پہچان کپاس، چاول اور ٹیکسٹائل تھے، آج اس فہرست میں سافٹ ویئر، فری لانسنگ اور ڈیجیٹل سروسز بھی شامل ہو رہی ہیں۔ پاکستان کی معاشی کہانی اوورسیز پاکستانیوں کے بغیر مکمل ہی نہیں ہوسکتی۔ ایک کروڑ سے زائد پاکستانی دنیا بھر میں پاکستان کا پرچم اٹھائے ہوئے ہیں۔ ان میں بہت سے لوگ کبھی اپنے مشکل حالات میں بہتر مستقبل کی تلاش میں وطن سے نکلے تھے، مگر آج وطن کے مشکل وقت میں یہی لوگ پاکستان کے کام آرہے ہیں۔ مالی سال 2024-25 میں انہوں نے ریکارڈ 38.3 ارب ڈالر پاکستان بھیجے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق یہ ترسیلات پاکستان کے زرمبادلہ اور بیرونی ادائیگیوں کے استحکام کا بنیادی ذریعہ ہیں۔ لیکن اوورسیز پاکستانی صرف ڈالر نہیں بھیجتے۔ سعودی عرب کا محنت کش ہو، جاپان کا کاروباری شخص، امریکہ کا ڈاکٹر، برطانیہ کا پروفیشنل یا خلیج میں کام کرنے والا انجینئر، ہر کامیاب پاکستانی دنیا میں پاکستان کا مثبت چہرہ ہے۔ یہ پاکستان سے دور رہتے ہیں، پاکستان ان سے دور نہیں رہتا۔

## میگھا، عباس جٹ کے نئے پنجابی گیت "اپنا پنجاب" نے پاکستان، بھارتی پنجاب میں دھوم مچادی

### یہ محض ایک گیت نہیں بلکہ پنجاب کی محبت، ثقافت، خوبصورتی کو دنیا کے سامنے پیش کرنیکی کوشش ہے' گلوکارہ

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ میگھا کے حال ہی میں ریلیز ہونے والے پنجابی گیت ''اپنا پنجاب'' نے پاکستان کے ساتھ ساتھ بھارتی پنجاب میں بھی مقبولیت کے نئے ریکارڈ قائم کرنا شروع کردیئے۔ گیت میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے پنجاب کی ترقی کے وژن، ثقافت اور خوبصورتی کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کرنے کے ساتھ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کامیاب سفارتکاری اور جرات اور بہادری کو بھی خوبصورت انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ پنجابی گیت میں میگھا کے ہمراہ معروف فوک گلوکار عباس جٹ نے بھی اپنی آواز کا جادو جگایا ہے۔ گلوکارہ میگھا نے کہا کہ ''اپنا پنجاب'' محض ایک گیت نہیں بلکہ پنجاب کی محبت، ثقافت اور خوبصورتی کو دنیا کے سامنے پیش کرنے کی ایک کوشش ہے۔ میری ہمیشہ سے خواہش رہی ہے کہ اپنے فن کے ذریعے پنجاب کے مثبت اور خوبصورت تشخص کو اجاگر کروں۔ انہوں نے کہا کہ پنجابی گیت کو پاکستان اور بھارتی پنجاب میں ملنے والی پذیرائی انتہائی حوصلہ افزا ہے اور اس سے ثابت ہوتا ہے کہ موسیقی سرحدوں سے بالاتر ہو کر دلوں کو جوڑتی ہے۔ ''اپنا پنجاب'' کی موسیقی عباس جٹ اور اصغر گگومنڈی نے ترتیب دی ہے، کوریوگرافی وقاص علی اور ذیشان علی جانوں ہیں جبکہ گیت کو میگھا کلیکشنز آرٹ اینڈ کلچر پروڈکشن نے پروڈیوس کیا ہے۔

## معروف موسیقار غلام احمد چشتی المعروف بابا چشتی کی 121 ویں سالگرہ (آج) منائی گئی

### بابا چشتی نے ملکہ ترنم نور جہاں کو 1935 میں اس وقت لاہور کے سٹیج پر متعارف کرایا تھا جب وہ 9 سال کی تھیں

اسلام آباد (این این آئی) معروف موسیقار غلام احمد چشتی المعروف بابا چشتی کی 121 ویں سالگرہ (آج) 17 اگست پیر کو منائی گئی۔ 17 اگست 1905 کو جالندھر میں پیدا ہونے والے بابا چشتی کو بچپن میں ہی موسیقی کا شوق ہوگیا۔ جب بابا چشتی 1934 میں لاہور آئے تو سٹیج ڈرامے کے ڈائریکٹر آغا حشر کاشمیری سے ان کی ملاقات ہوئی، جنہوں نے ان کی خدمات حاصل کیں۔ آغا حشر کاشمیری کے زیر اثر بابا چشتی نے موسیقی کی پیچیدگیاں سیکھنا شروع کیں اور ان کے ساتھ تربیت حاصل کی۔ آغا حشر کاشمیری کی وفات کے بعد بابا چشتی نے ایک ریکارڈنگ کمپنی جوائن کی اور خود کمپوزنگ شروع کی۔ ان کے پہلے ریکارڈوں میں تقسیم سے پہلے جدن بائی اور امیر بائی کرناٹکی کے ریکارڈ شامل ہیں۔ بابا چشتی نے ملکہ ترنم نور جہاں کو 1935 میں اس وقت لاہور کے سٹیج پر متعارف کرایا تھا جب وہ 9 سال کی تھیں۔ وہ اردو اور پنجابی دونوں زبانوں میں اپنی کمپوزیشن کیلئے مشہور ہوئے۔ انہوں نے 1949 میں پاکستان ہجرت کرنے کا فیصلہ کیا اور پاکستانی فلم انڈسٹری کے لیے بطور موسیقار اپنی خدمات پیش کیں۔ انہوں نے 1949 میں تین فلموں کے لیے موسیقی ترتیب دی۔ نور جہاں کے علاوہ سلیم رضا، مالا، نسیم بیگم، مسعود رانا اور پرویز مہدی بھی ان کی ہی دریافت تھے۔ غلام احمد چشتی کو 1989 میں پرائیڈ آف پرفارمنس ایوارڈ برائے فنون سے نوازا گیا۔ غلام احمد چشتی المعروف بابا چشتی 89 سال کی عمر میں 25 دسمبر 1994 کو لاہور میں دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کرگئے۔ ان کی سالگرہ کے موقع پر موسیقی اور شوبز انڈسٹری کے زیر انتظام مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا اور بابا چشتی کی خدمات پر خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔

## شرمیلا ٹیگور نے اسلام قبول کیا تھا، بچوں کو بھی مذہبی تعلیم دی: صبا پٹودی کا انکشاف

### خاندان میں عید کے ساتھ ساتھ کرسمس، دیوالی اور ہولی جیسے تہوار بھی مل جل کر منائے جاتے رہے ہیں

ممبئی (آن لائن) بالی ووڈ اداکارہ شرمیلا ٹیگور کی بیٹی صبا پٹودی نے انکشاف کیا ہے کہ ان کی والدہ نے سابق بھارتی کرکٹر منصور علی خان پٹودی سے شادی کے وقت اسلام قبول کیا تھا اور بعد ازاں اپنے بچوں کو بھی اسلام اور مذہبی تعلیمات سے آگاہ کیا۔ صبا پٹودی نے حالیہ انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ان کا مذہب اسلام ہے اور وہ اس سے دلی وابستگی رکھتی ہیں۔ ان کے مطابق جب وہ خدا کے بارے میں سوچتی ہیں تو اللہ کا نام لیتی ہیں، تاہم وہ دیگر مذاہب کا بھی مکمل احترام کرتی ہیں۔ صبا نے بتایا کہ ان کی والدہ شرمیلا ٹیگور نے شادی کے بعد اسلام قبول کیا اور بچوں کی مذہبی تربیت بھی کی تاکہ وہ کسی مذہبی الجھن کا شکار نہ ہوں اور انہیں اپنی مذہبی شناخت کے بارے میں بنیادی سمجھ حاصل ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ گھر میں ہندو مذہب کی باقاعدہ مذہبی رسومات نہیں ہوتی تھیں، تاہم شرمیلا ٹیگور نے انہیں اسلام، رمضان اور دیگر مذہبی امور کے بارے میں آگاہ کیا۔ بعد میں بچوں کو اپنی مرضی کے مطابق زندگی گزارنے اور اپنے عقیدے کا انتخاب کرنے کی آزادی دی گئی۔ صبا پٹودی کے مطابق ان کے گھر میں کسی مذہب کو زبردستی مسلط نہیں کیا گیا۔ خاندان میں عید کے ساتھ ساتھ کرسمس، دیوالی اور ہولی جیسے تہوار بھی مل جل کر منائے جاتے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عقیدہ ہر انسان کا ذاتی معاملہ ہے اور کسی شخص پر مذہب زبردستی مسلط نہیں کیا جاسکتا۔ صبا کے مطابق ان کے بہن بھائیوں نے مختلف مذاہب میں شادیاں کی ہیں اور خاندان میں مذہبی اختلافات کو کبھی رکاوٹ نہیں بننے دیا گیا۔

## تھیٹر کے بگاڑ کا ذمہ دار کسی ایک شخص کو قرار نہیں دیا جاسکتا، نسیم وکی

### وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے تھیٹر کو بہتر بنانے کا بیڑہ اٹھایا ہے' سینئر کامیڈی اداکار

لاہور (این این آئی) سینئر کامیڈی اداکار نسیم وکی نے کہا ہے کہ تھیٹر کے بگاڑ کا ذمہ دار کسی ایک شخص کو قرار نہیں دیا جاسکتا بلکہ اس کی اصلاح کیلئے کوششیں نہ کرنے سے وقت کے ساتھ ساتھ حالات میں مزید بگاڑ پیدا ہوا اور اب صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری نے تھیٹر کی صورتحال بہتر بنانے کا بیڑہ اٹھایا ہے اور اس مقصد کے لیے میرا اور ڈاکٹر اجمل کا بھرپور تعاون شامل ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ تھیٹر کی بہتری کے لیے تنقید کے بجائے عملی کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، تنقید کرنے والوں میں بہت سے لوگ پہلے ہی تھیٹر چھوڑ کر جاچکے ہیں، میں کسی سینئر کا نام نہیں لے رہا، بڑے آدمی کو بات کرنے اور سمجھانے کا سلیقہ ہوتا ہے، جب کوئی طعنہ دیتا ہے تو معاملہ وہیں سے خراب ہونا شروع ہوجاتا ہے۔ نسیم وکی نے کہا کہ بعض لوگ ٹی وی پر بیٹھ کر یہ کہتے ہیں کہ ہم تو تھیٹر کرتے ہی نہیں، پھر یہ سوال بھی اٹھاتے ہیں کہ فلاں یہ کیوں کررہا ہے اور فلاں وہ کیوں کررہا ہے، اس رویے کو صرف حسد کہا جاسکتا ہے، اگر کسی کو تھیٹر کی بہتری کے لیے اتنا ہی شوق ہے تو وہ آئے، ہم اس سے کام کروانے کے لیے تیار ہیں، وہ ڈائریکٹر بن جائے، ہمیں کوئی اعتراض نہیں، کیونکہ اصل مقصد تو نتیجہ دینا ہے۔ اب صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری نے تھیٹر کی صورتحال بہتر بنانے کا بیڑہ اٹھایا ہے اور اس مقصد کے لیے میرا اور ڈاکٹر اجمل کا بھرپور تعاون شامل ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ تھیٹر کی بہتری کے لیے تنقید کے بجائے عملی کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

## ''عشق بدمعاش'' کی کہانی دیکھنے والوں کو مدتوں یاد رہے گی' مسعود بٹ

### عوام خود فیصلہ کریں کہ عشق کس طرح بدمعاشی کرتا ہے' سینئر ہدایتکار کی گفتگو

لاہور (این این آئی) نامور ہدایتکار مسعود بٹ نے کہا ہے کہ پنجابی فلم ''عشق بدمعاش'' ایک مکمل کمرشل فلم ہے جس میں ایکشن، گلیمر، کامیڈی اور ڈرامے سمیت ہر وہ چیز موجود ہے جو فلم بین دیکھنا چاہتے ہیں، عوام خود فیصلہ کریں گے کہ عشق کس طرح بدمعاشی کرتا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ فلم میں شائقین کی پسند کو مدنظر رکھتے ہوئے بھرپور تفریح فراہم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ دیا جٹ میری پسندیدہ اداکارہ ہیں اور میں نے فلم میں ان سے بھرپور کام لینے کی کوشش کی ہے، بعض اوقات فنکاروں کو بہتر پرفارمنس کے لئے ڈانٹنا بھی پڑتا ہے۔ یہ ڈانٹ کسی منفی جذبے کے تحت نہیں بلکہ فلم کا حصہ ہے اور اس سے فنکار کو اپنی صلاحیتیں مزید بہتر انداز میں سامنے لانے کے لئے سپورٹ ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ''عشق بدمعاش'' میں کرداروں کی مناسبت سے فنکاروں سے بھرپور محنت کروائی گئی ہے اور فلم کی کہانی، موسیقی، ایکشن اور کامیڈی پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ فلم بینوں کو ایک عرصے بعد ایسی کمرشل فلم دیکھنے کو ملے گی جس میں تفریح کے تمام عناصر شامل ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ''عشق بدمعاش'' پاکستانی سینما کی رونقیں بحال کرنے میں اپنا کردار ادا کرے گی۔ جس میں ایکشن، گلیمر، کامیڈی اور ڈرامے سمیت ہر وہ چیز موجود ہے جو فلم بین دیکھنا چاہتے ہیں، عوام خود فیصلہ کریں گے کہ عشق کس طرح بدمعاشی کرتا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ فلم میں شائقین کی پسند کو مدنظر رکھتے ہوئے بھرپور تفریح فراہم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ دیا جٹ میری پسندیدہ اداکارہ ہیں اور میں نے فلم میں ان سے بھرپور کام لینے کی کوشش کی ہے، بعض اوقات فنکاروں کو بہتر پرفارمنس کے لئے ڈانٹنا بھی پڑتا ہے۔

## ہدایتکار و پروڈیوسر سید شوکت حسین رضوی کی برسی 19 اگست کو منائی جائیگی

### دلہن رانی کے فلاپ ہونے کے بعد شوکت حسین رضوی نے فلموں سے ریٹائرمنٹ لے لی

لاہور (این این آئی) پاکستان فلم انڈسٹری کے صف اول کے ہدایتکار و پروڈیوسر سید شوکت حسین رضوی کی برسی 19 اگست کو منائی جائے گی۔ سید شوکت حسین رضوی 1914 کو ہندوستان اتر پردیش کے علاقے اعظم گڑھ میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے کلکتہ میں اسسٹنٹ پراجیکشنسٹ کی حیثیت سے اپنے فنی کیریئر کا آغاز کیا۔ پھر انہوں نے فلم میکنگ سیکھی۔ اس وقت کے نامور پروڈیوسر سیٹھ دل سکھ پنچولی انہیں کلکتہ سے لاہور لے آئے۔ یہاں انہوں نے کئی فلموں کی ایڈیٹنگ کی۔ ایڈیٹر کی حیثیت سے ان کی فلموں یملا جٹ اور دوست کو بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ اس کے بعد دل سکھ پنچولی نے انہیں اپنی اگلی فلم خاندان کی ہدایات کے فرائض سونپے۔ خاندان نے پورے ہندوستان میں تہلکہ مچادیا۔ اس میں نور جہاں نے نہ صرف شائقین فلم کے دلوں کو فتح کرلیا بلکہ شوکت حسین رضوی کا دل بھی جیت لیا۔ خاندان کی کامیابی کے بعد شوکت حسین رضوی اور نور جہاں ممبئی چلے گئے۔ اسی سال نور جہاں اور شوکت حسین رضوی رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے۔ ان کے ہاں تین بچے ہوئے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ 1944 میں بننے والی فلم دوست میں شوکت حسین رضوی نے معاون اداکار کے طور پر کام کیا اور اس فلم میں وہ نور جہاں کے بھائی بنے تھے۔ اس فلم کی ہدایات بھی شوکت حسین رضوی نے دی تھیں۔ 1947 میں تقسیم ہند کے بعد شوکت حسین رضوی اور نور جہاں اپنے تینوں بچوں سمیت پاکستان چلے آئے تھے۔ اس عرصے کے دوران شوکت حسین رضوی نے ملتان روڈ پر شاہ نور اسٹوڈیو قائم کیا، ان کے اپنی اہلیہ نور جہاں سے شدید اختلافات پیدا ہوگئے اور دونوں میں علیحدگی ہوگئی جس سے شوکت رضوی کے کیریئر کو شدید دھچکا لگا کیونکہ وہ نور جہاں کے شوہر کی حیثیت سے بھی اہم مقام حاصل کرچکے تھے۔ اس کے بعد انہوں نے اس وقت کی معروف اداکارہ یاسمین سے شادی کرلی جن سے ان کے دو بیٹے پیدا ہوئے۔ نور جہاں سے طلاق کے بعد انہوں نے صرف تین اردو فلمیں بنائیں۔ دلہن رانی کے فلاپ ہونے کے بعد شوکت حسین رضوی نے فلموں سے ریٹائرمنٹ لے لی۔ طویل علالت کے بعد 19 اگست 1999 کو 85 سال کی عمر میں دنیا فانی سے رخصت ہوگئے۔

## پانچواں اورینٹیشن کورس 2026 - کا آغاز 20 اگست سے ہوگا

### کھیلوں کے ماہرین کوچز مختلف چار کھیلوں جن میں تھرو بال، پکل بال، روپ اسکپنگ اور کیچ بال کے حوالے سے لیکچرز دیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام دو روزہ پانچواں اورینٹیشن کورس 2026 - کا آغاز 20 اگست کو منی اسپورٹس کمپلیکس، ناظم آباد، کراچی میں ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز پاکستان اسٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ کوچز، اسپورٹس ٹیچرز، کھلاڑی اور طلبہ اس کورس میں شرکت کرسکتے ہیں۔ کھیلوں کے ماہرین کوچز مختلف چار کھیلوں جن میں تھرو بال، پکل بال، روپ اسکپنگ اور کیچ بال کے حوالے سے لیکچرز دیں گے اور جسمانی تربیت، تکنیکی مہارتوں، فٹنس اور قواعد وضوابط کے بارے میں آگاہی فراہم کریں گے۔ خواہشمند کوچز، اساتذہ اور کھلاڑی 19 اگست 2026 تک واٹس ایپ نمبرز 03013318777 اور 03213077477 پر اپنے ناموں کا اندراج کرواسکتے ہیں۔ 21 اگست کو کورس کے اختتام پر شرکا میں اسناد تقسیم کیں۔ انہوں نے بتایا کہ کوچز، اسپورٹس ٹیچرز، کھلاڑی اور طلبہ اس کورس میں شرکت کرسکتے ہیں۔ کھیلوں کے ماہرین کوچز مختلف چار کھیلوں جن میں تھرو بال، پکل بال، روپ اسکپنگ اور کیچ بال کے حوالے سے لیکچرز دیں گے اور جسمانی تربیت، تکنیکی مہارتوں، فٹنس اور قواعد وضوابط کے بارے میں آگاہی فراہم کریں گے۔

## پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کے ایشیا کپ اور ایشین گیمز کیلئے سکواڈز کا اعلان

### دونوں ٹیمیں 15،15 کھلاڑیوں پر مشتمل ہوں گی، فاطمہ ثناء دونوں ایونٹس میں پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کی قیادت کریں گی

لاہور (این این آئی) پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کے ایشیا کپ اور ایشین گیمز کیلئے سکواڈز کا اعلان کردیا گیا، دونوں ٹیمیں 15،15 کھلاڑیوں پر مشتمل ہوں گی، فاطمہ ثناء دونوں ایونٹس میں پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کی قیادت کریں گی، فاطمہ ثناء، منیبہ علی، شوال ذوالفقار، عائشہ ظفر، گل فیروزہ، دونوں سکواڈز کا حصہ ہیں سائرہ جبین، ایمان فاطمہ، ایمان نصیر، ام ہانی، طوبیٰ حسن، نشرہ سندھو اور مومنہ ریاست بھی دونوں ایونٹس کے سکواڈز میں شامل ہیں ایشیا کپ سکواڈ میں نجیہہ علوی، وحیدہ اختر اور سعدیہ اقبال شامل ہیں، ایشین گیمز کے لیے عالیہ ریاض، تسمیہ رباب اور حمنہ بلال سکواڈ میں شامل ہیں پاکستان ویمنز ٹیم کا ٹریننگ کیمپ 16 سے 25 اگست تک نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں منعقد ہوگا۔ ڈی پی ورلڈ ویمنز ایشیا کپ 28 اگست سے 13 ستمبر تک دبئی میں کھیلا جائے گا، ویمنز ایشیا کپ کے تمام 15 میچز دبئی انٹرنیشنل کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے، ایشیا کپ کے تمام میچز پاکستانی وقت کے مطابق شام 7 بج کر 30 منٹ پر شروع ہوں گے، گروپ اے میں پاکستان کے ساتھ بھارت، تھائی لینڈ اور ہانگ کانگ، چین شامل ہیں جبکہ گروپ بی میں بنگلہ دیش، انڈونیشیا، سری لنکا اور متحدہ عرب امارات کی ٹیمیں شامل ہیں، پاکستان ویمنز ایشیا کپ میں یکم ستمبر کو تھائی لینڈ کے خلاف مہم کا آغاز کرے گا، پاکستان اور بھارت کی ویمنز ٹیمیں 5 ستمبر کو دبئی میں مدمقابل ہوں گی، پاکستان ویمنز ٹیم 7 ستمبر کو ہانگ کانگ، چین کے خلاف میچ کھیلے گی، ویمنز ایشیا کپ کے سیمی فائنلز 10 اور 11 ستمبر کو کھیلے جائیں گے، ویمنز ایشیا کپ کا فائنل 13 ستمبر کو دبئی میں ہوگا، پاکستان ویمنز ٹیم 20 ویں ایشین گیمز میں بھی ایکشن میں نظر آئے گی، 20 ویں ایشین گیمز میں ویمنز کرکٹ ٹورنامنٹ 17 سے 22 ستمبر تک جاپان میں ہوگا، پاکستان ویمنز ٹیم ایشین گیمز میں تھائی لینڈ کے ساتھ سیڈڈ ہے، پاکستان ایشین گیمز کے کوارٹر فائنل میں 17 ستمبر کو تھائی لینڈ کے خلاف کھیلے گی، ایشین گیمز ویمنز کرکٹ کے تمام میچز ایچی کے کوروئی ایتھلیٹک پارک میں ہوں گے، پاکستان کوارٹر فائنل جیتنے کی صورت میں 20 ستمبر کو سیمی فائنل کھیلے گا۔

## پاکستان ہاکی کو وقت گزرنے کیساتھ صرف عارضی فیصلوں اور تجربات کی نذر نہیں کیا جاسکتا، محی الدین وانی

### اب وقت آگیا ہے ہم ایک پائیدار اور 3 سے 5 سالہ طویل المدتی حکمت عملی پر عمل پیرا ہوں، صدر ہاکی فیڈریشن

اسلام آباد (این این آئی) صدر پاکستان ہاکی فیڈریشن محی الدین احمد وانی نے کہا ہے کہ پاکستان ہاکی کو وقت گزرنے کے ساتھ صرف عارضی فیصلوں اور تجربات کی نذر نہیں کیا جاسکتا۔ قومی ہاکی کی بحالی کے حوالے سے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان ہاکی کو وقت گزرنے کے ساتھ صرف عارضی فیصلوں اور تجربات کی نذر نہیں کیا جاسکتا، اب وقت آگیا ہے کہ ہم ایک پائیدار اور 3 سے 5 سالہ طویل المدتی حکمت عملی پر عمل پیرا ہوں، ہماری ترجیح صرف ایک ٹورنامنٹ جیتنا نہیں، بلکہ گراس روٹ سے لے کر سینئر لیول تک ہاکی کے پورے نظام اور ماحول کو از سر نو تعمیر کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گراس روٹ ماڈل اور روڈ میپ تیار کر کے اسکول ہاکی سے شروع ہو کر ڈسٹرکٹ، صوبائی اور قومی چیمپئن شپس سے گزرتا ہوا ایسا شفاف راستہ بنایا جارہا ہے جہاں کھلاڑی اپنی صلاحیتوں کی بنیاد پر قومی سینئر ٹیم تک پہنچ سکیں، نیدرلینڈز، بیلجیئم، جرمنی اور بھارت جیسے ممالک کی طرز پر شارٹ کٹس کے بجائے مضبوط انفراسٹرکچر اور جدید ٹریننگ ماڈل نافذ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ غیر ملکی ماہرین کے ساتھ مل کر پاکستانی کوچز کی جدید تربیت کی جائے گی، جبکہ قومی ٹیموں کے بیرونی دوروں اور غیر ملکی ٹیموں کو پاکستان لانے کے لیے ہنگامی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نمائندگی کرنے والے کھلاڑیوں کے لیے بہترین اور پرکشش مالی مراعات اور محفوظ مستقبل کا یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگلے 5 سالوں میں ملک بھر میں آسٹروٹرفس کی تعداد 52 سے بڑھا کر 100 کی جائے گی، اور ہر گراؤنڈ پر فعال کوچنگ، مقابلوں اور ٹرنز ہاکی کے فروغ کو لازمی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پہلا سال بنیادی ڈھانچے اور گراس روٹ نظام کا قیام، دوسرا سال اکیڈمیز، کوچنگ اور ٹیلنٹ ٹریکنگ کی مضبوطی، تیسرا سال نظام کی کارکردگی اور نتائج کا جائزہ جبکہ ہمارا ہدف کوئی عارضی شارٹ کٹ نہیں۔

## وسیم اکرم کے بعد شاہد آفریدی کا پالتو کتا لاپتہ ہوگیا

### کسی کو میکس ملے یا اس کے بارے میں کوئی معلومات ہوں تو فوری معلومات دیں: شاہد آفریدی

اسلام آباد (این این آئی) وسیم اکرم کے بعد اب سابق کپتان شاہد آفریدی کا پالتو کتا میکس اسلام آباد میں لاپتہ ہوگیا۔ شاہد آفریدی نے سوشل میڈیا پر کتے کے لاپتہ ہونے کی اطلاع دیتے ہوئے لکھا کہ میرا پیارا میکس لاپتہ ہوگیا ہے، انہوں نے کہا کہ میکس جب ہماری زندگی میں آیا تو وہ صرف 30 سے 35 دن کا ننھا سا پپی تھا۔ اس نے شدید بیماری کے دوران ہسپتال میں زندگی کی جنگ لڑی اور صحتیاب ہونے کے بعد اسے گھر کے ایک فرد کی طرح بے حد محبت اور توجہ سے پالا گیا۔ شاہد آفریدی نے لکھا کہ اگر کسی کو میکس ملے یا اس کے بارے میں کوئی معلومات ہوں تو براہ کرم اسے محفوظ رکھیں، اس کا خاص خیال رکھیں اور ہمیں فوری اطلاع دیں تاکہ وہ اپنے گھر واپس آسکے۔ شاہد آفریدی نے اپنے کتے میکس کی سوشل میڈیا پر اپلوڈ کی گئی ویڈیو کو زیادہ سے زیادہ شیئر کرنے کی درخواست کی ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل وسیم اکرم کا پالتو کتا گم ہوگیا تھا اور اس کو تلاش کرنے والے شخص کے لیے 2 لاکھ 50 ہزار روپے کے نقد انعام کا اعلان کیا گیا تھا جسے تلاش کرلیا گیا تھا۔ شاہد آفریدی نے سوشل میڈیا پر کتے کے لاپتہ ہونے کی اطلاع دیتے ہوئے لکھا کہ میرا پیارا میکس لاپتہ ہوگیا ہے، انہوں نے کہا کہ میکس جب ہماری زندگی میں آیا تو وہ صرف 30 سے 35 دن کا ننھا سا پپی تھا۔ اس نے شدید بیماری کے دوران ہسپتال میں زندگی کی جنگ لڑی اور صحتیاب ہونے کے بعد اسے گھر کے ایک فرد کی طرح بے حد محبت اور توجہ سے پالا گیا۔

## چین کی گوانگ ڈونگ ریجنل مینز ہاکی ٹیم 12 سے 30 اکتوبر 2026ء تک پاکستان کا تفصیلی ہاکی دورہ کرے گی

### پاکستانی ٹیموں کو ملک کے مختلف علاقوں میں ایک مضبوط چینی ٹیم کے خلاف کھیلنے کا موقع ملے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن نے اعلان کیا ہے کہ چین کی گوانگ ڈونگ ریجنل مینز ہاکی ٹیم 12 سے 30 اکتوبر 2026ء تک پاکستان کا تفصیلی ہاکی دورہ کرے گی۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے مطابق چینی ریجنل ٹیم کا دورہ پاکستان اور چین کے درمیان ہاکی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے، پاکستانی کھلاڑیوں کو مسلسل بین الاقوامی معیار کی مسابقت فراہم کرنے اور دونوں ممالک کے درمیان کھیلوں کے تبادلوں کو فروغ دینے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ دورہ پاکستان کے دوران گوانگ ڈونگ کی ٹیم ملک کے مختلف بڑے ہاکی مراکز میں پاکستانی محکمہ، ادارہ جاتی اور کلب ٹیموں کے خلاف متعدد مسابقتی میچز کھیلے گی۔ شیڈول کے مطابق 14 اکتوبر کو ایم پی سی ایل بمقابلہ گوانگ ڈونگ، ایم پی سی ایل ہاکی اسٹیڈیم راولپنڈی 15 اکتوبر کو پاک ڈی ایس بمقابلہ گوانگ ڈونگ، نصیر بندہ ہاکی اسٹیڈیم اسلام آباد 17 اکتوبر کو پاکستان نیوی بمقابلہ گوانگ ڈونگ، نصیر بندہ ہاکی اسٹیڈیم اسلام آباد 18 اکتوبر کو پاک ڈی ایس بمقابلہ گوانگ ڈونگ، واہ کینٹ ہاکی اسٹیڈیم 20 اکتوبر کو پاک ڈی ایس بمقابلہ گوانگ ڈونگ، نصیر بندہ ہاکی اسٹیڈیم اسلام آباد 23 اکتوبر کو پاکستان کسٹمز بمقابلہ گوانگ ڈونگ، ڈی ایچ اے ہاکی اسٹیڈیم لاہور 24 اکتوبر کو پاک ڈی ایس بمقابلہ گوانگ ڈونگ، اسپورٹس کمپلیکس نارووال، 26 اکتوبر کو پاک ڈی ایس بمقابلہ گوانگ ڈونگ، نیشنل ہاکی اسٹیڈیم گوجرہ 27 اکتوبر کو پاک ڈی ایس بمقابلہ گوانگ ڈونگ، ڈی ایچ اے ہاکی اسٹیڈیم لاہور 29 اکتوبر کو اضافی میچ ہوگا حتمی فیصلہ ہونا باقی ہے، مقام بعد میں طے کیا جائے گا۔ اعلامیہ کے مطابق گوانگ ڈونگ ٹیم کا وفد 12 اکتوبر کو پاکستان پہنچے گا جبکہ 30 اکتوبر 2026ء کو وطن واپس روانہ ہوگا۔

## نیشنل انڈر 15 ہاکی ڈیولپمنٹ پروگرام کا حصہ بننے کیلئے ملک بھر سے 791 اسکولوں نے رجسٹریشن کروالی

### 753 اسکولوں کی درخواستیں منظور کی جاچکی ہیں، 38 اسکولز فی الوقت زیر جائزہ ہیں، کسی بھی اسکول کی درخواست مسترد نہیں کی گئی' رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) قومی انڈر 15 ہاکی رجسٹریشن پورٹل کو پاکستان بھر کے اسکولوں اور نوجوان ہاکی اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے شاندار ردعمل موصول ہوا ہے جسے گراس روٹ لیول پر ہاکی کی بحالی کی سمت ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق پورٹل پر دستیاب تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق نیشنل انڈر 15 ہاکی ڈیولپمنٹ پروگرام کا حصہ بننے کے لیے ملک بھر سے 791 اسکولوں نے رجسٹریشن کروائی ہے۔ ان میں سے 753 اسکولوں کی درخواستیں منظور کی جاچکی ہیں جبکہ 38 اسکولز فی الوقت زیر جائزہ ہیں۔ اب تک کسی بھی اسکول کی درخواست مسترد نہیں کی گئی۔ رجسٹریشن مہم کے دوران 1,057 انڈر 15 کھلاڑیوں نے اپنا اندراج کروایا، جن میں سے 960 کھلاڑیوں کو منظوری دی جاچکی ہے 96 کی درخواستیں زیر جائزہ ہیں اور صرف 1 درخواست مسترد کی گئی ہے۔ مزید برآں، 43 کوچز نے بھی پورٹل پر رجسٹریشن کروائی ہے، جن میں 36 منظور شدہ جبکہ 7 کی درخواستیں زیر غور ہیں۔ اس طرح مجموعی طور پر 1,100 افراد بشمول 1,057 نوجوان کھلاڑی اور 43 کوچز — پورٹل پر رجسٹرڈ ہوچکے ہیں جس کے نتیجے میں ابھرتے ہوئے انڈر 15 ہاکی ٹیلنٹ کا پاکستان میں ایک بڑا ڈیجیٹل ڈیٹا بیس تشکیل پا گیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد اسکولوں کو انڈر 15 ہاکی ٹیموں کی تشکیل و ترقی کے لیے ایک منظم طریقہ کار فراہم کرنا، باصلاحیت لڑکوں اور لڑکیوں کی نشاندہی کرنا، انہیں تربیت یافتہ کوچز سے منسلک کرنا اور بالآخر قومی ٹیموں کے لیے بہترین کھلاڑی تیار کرنا ہے۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) نے ملک بھر میں اسکول ہاکی کو وسعت دینے کا ہدف مقرر کیا ہے، پروگرام میں شامل رجسٹرڈ اسکولوں کو اگلے دو سے تین ہفتوں میں ہاکی کا سامان اور کٹس فراہم کی جائیں گی تاکہ وہ اپنی ٹیمیں تشکیل دے کر باقاعدہ تربیت اور مقابلوں میں حصہ لے سکیں۔ یہ منصوبہ نیشنل انڈر 15 اسکولز ہاکی ڈیولپمنٹ پروگرام کا حصہ ہے، جس کا مقصد ہاکی کو دوبارہ اسکولوں تک پہنچانا ہے۔ پی ایچ ایف نے 12 سے 22 نومبر 2026 تک نیشنل انڈر 15 بوائز اینڈ گرلز ہاکی چیمپئن شپ کے انعقاد کا منصوبہ بھی بنایا ہے۔

### ☆ بقیہ صباح 1 ☆

ہے۔ صادق سنجرانی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ میر ضیا اللہ لانگو مستونگ حملے میں محفوظ رہے، ہم ان کی بحفاظت رہنے پر اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے حملہ ناکام بنانے پر پولیس کی بروقت کارروائی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ترجمان و وزیرداخلہ میر ضیا اللہ لانگو پر حملے کے دوران پولیس اہلکاروں نے فوری جوابی کارروائی کی۔ سابق چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پولیس اہلکاروں نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے حملہ آوروں کا مقابلہ کیا، جس پر ان کی خدمات قابل ستائش ہیں۔ صادق سنجرانی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں اور بہادری قابل قدر ہیں، ایسے بزدلانہ حملے امن کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتے۔

### ☆ بقیہ صباح 2 ☆

بدستور قلت کا شکار ہیں۔ سوئی سدرن گیس کمپنی کے مطابق متاثرہ پائپ لائن کی مرمت کے لیے عملہ اور ضروری سامان موجود ہیں تاہم سکیورٹی اداروں کی جانب سے کلیئرنس نہ ملنے کے باعث موقع پر کام شروع نہیں کیا جا رہا۔ گیس پائپ لائن بدھ کے روز دھماکے سے متاثر ہوئی تھی، جس کے نتیجے میں کوئٹہ، پچھی، مستونگ، قلات، پشین، زیارت اور ملحقہ علاقوں میں گیس کی فراہمی متاثر ہوئی ہے۔ گیس کی بندش اور کم پریشر کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ متاثرہ علاقوں میں گھریلو صارفین سمیت کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر ہو رہی ہیں۔ سوئی سدرن گیس کمپنی کا کہنا ہے کہ سکیورٹی کلیئرنس ملتے ہی متاثرہ پائپ لائن کی مرمت کا کام شروع کر دیا جائے گا۔

### ☆ بقیہ صباح 3 ☆

ٹرانسپورٹ پنجاب، وزیر ٹرانسپورٹ سندھ، دیگر وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے نمائندے مذاکرات میں شریک ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ 9 دن سے ہماری پرامن ملک گیر ہڑتال جاری ہے، پاکستان بھر کے ٹرانسپورٹرز احتجاج پر ہیں، امید کرتا ہوں بہت جلد ہمارے مسائل حل ہوں گے اور ٹرانسپورٹ کا پہیہ چلنا شروع ہو جائے گا۔ صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد کا کہنا تھا کہ پاکستان بھر کے ٹرانسپورٹرز پرامن رہیں کیونکہ بہت جلد خوشخبری ملے گی، تاہم مطالبات کی منظوری تک ہماری پرامن ملک گیر ہڑتال جاری رہے گی جبکہ وفاقی حکومت اور صوبائی حکومتوں کی یقین دہانی میں نہیں آئیں گے۔ آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن کے صدر محمد اویس چوہدری ایڈووکیٹ کا ویڈیو پیغام میں کہنا تھا کہ گورنر ہاؤس سندھ میں آج حکومت سے اہم مذاکرات کے دوران بریک تھرو کی امید ہے۔ محمد اویس چوہدری ایڈووکیٹ نے کہا کہ ہم آج کے مذاکرات سے پرامید ہیں، امید ہے حکومت ہمارے جائز اور قانونی مطالبات تسلیم کرے گی اور مذاکرات میں بریک تھرو ہوگا۔ اگر حکومت نے مطالبات تسلیم کیے تو ٹرانسپورٹرز کو خوشخبری سنائیں گے، مذاکرات کو کامیاب بنانے کے لیے ہم اپنی پوری ذمہ داری ادا کریں گے۔ محمد اویس چوہدری ایڈووکیٹ نے واضح کیا کہ اگر حکومتی وفد نے صرف زبانی جمع خرچ سے کام چلانے کی کوشش کی تو ہڑتال جاری رہے گی اور ہم مزید 10 روز بھی ہڑتال جاری رکھ سکتے ہیں، ہمیں ہڑتال ختم کرنے کی کوئی جلدی نہیں، ہمارا مقصد صرف اپنے جائز اور قانونی مطالبات کی منظوری ہے۔ محمد اویس چوہدری ایڈووکیٹ نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز متحد ہیں، حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ کرے، ہم بھی مذاکرات کو کامیاب بنانے کے لیے ہر ممکن تعاون کریں گے۔

### ☆ بقیہ صباح 4 ☆

نے یوم آزادی کے موقع پر ملک و قوم کے لیے غیر معمولی بہادری اور قربانی کا مظاہرہ کرنے والے شہدا کے لیے سول اعزازات کا اعلان کر دیا، ان میں بلوچستان پولیس کے کانسٹیبل محمد نثاری کو بعد از شہادت ستارہ شجاعت سے نوازنے کی منظوری دی گئی ہے۔ محمد نثاری ولد نور بخش سورابی وارڈ، گوادر میں پیدا ہوئے۔ چھ بھائیوں اور ایک بہن میں سب سے چھوٹے محمد نثاری نرم مزاج، خوش اخلاق اور ساتھیوں کے مخلص دوست کے طور پر جانے جاتے تھے۔ 11 مئی 2025 کو گوادر میں بلال مسجد کے علاقے میں دہشت گردوں کے ساتھ مقابلے کے دوران کانسٹیبل محمد نثاری نے فرض شناسی اور بے مثال شجاعت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی جان وطن پر قربان کر دی اور جام شہادت نوش کیا۔ حکومت کی جانب سے جاری سول ایوارڈز کی فہرست میں کانسٹیبل محمد نثاری کا نام بھی ان اہلکاروں میں شامل ہے جنہیں شجاعت اور بہادری کے اعتراف میں بعد از شہادت ستارہ شجاعت دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق شہید محمد نثاری کی قربانی نہ صرف ان کے اہل خانہ بلکہ پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے۔ ان کی بہادری، فرض شناسی اور وطن سے وفاداری ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

### ☆ بقیہ صباح 5 ☆

معروف علمائے کرام، مشائخ عظام، مختلف درگاہوں کے سجادہ نشین، سیاسی و سماجی رہنماؤں، منتخب بلدیاتی نمائندگان، نعت خواں، مریدین اور عقیدت مندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ عرس مبارک کی روح پرور تقریب میں میزبان پیر حفیظ اللہ جان سرہندی، پیر امان اللہ جان سرہندی اور پیر مجیب اللہ جان سرہندی سمیت ممتاز مذہبی و سماجی شخصیات موجود تھیں۔ اس موقع پر شیخ الحدیث مفتی قاضی محمد احمد نعیمی، حضرت علامہ سید محمد امیر بھوروری میانوالی پنجاب، ٹاؤن چیئرمین جام محمد جوکھیو، وائس چیئرمین سلیم میمن، سیاسی و سماجی رہنما قادر بخش کھتی، وڈیرہ منظور میمن، واحد قاسانی میمن، ایڈووکیٹ ایاز چانڈیو، اسسٹنٹ کمشنر منظور درس، فیض محمد درس، سجاد یعقوب خاصخیلی، شاہد اقبال آرائیں، خرم عباس بھٹی، ابوبکر میمن، مولا بخش میمن، اللہ ورایو میمن، قربان قادر درس سمیت دیگر معززین بھی شریک ہوئے۔ عرس کے موقع پر منعقدہ تقریب میں تلاوت کلام پاک، نعت رسول مقبول ﷺ اور خصوصی دعاؤں کے علاوہ اولیائے کرام کی دینی، روحانی اور اصلاحی خدمات پر روشنی ڈالی گئی۔ مقررین نے امام ربانی مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد فاروقی سرہندی ؒ کی عظیم دینی و اصلاحی جدوجہد کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپ ؒ نے اپنے دور میں دین اسلام کی سربلندی، شریعت محمدی ﷺ کی پاسداری اور اسلامی عقائد و اقدار کے تحفظ کے لیے غیر معمولی کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ امام ربانی مجدد الف ثانی ؒ کی پوری زندگی قرآن و سنت کی تعلیمات کے فروغ، اصلاح معاشرہ اور امت مسلمہ کی رہنمائی میں گزاری اور کلمہ حق بلند کرنے میں کسی مصلحت کو آڑے نہیں آنے دیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پیر مجیب اللہ جان سرہندی اور دیگر مقررین نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے مقبول اولیاء کرام دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد بھی اپنے فیض، تعلیمات اور روحانی اثرات کے ذریعے لوگوں کی رہنمائی کا ذریعہ رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اولیائے کرام نے اپنی زندگیوں میں اللہ تعالیٰ کی رضا کو مقدم رکھا، شریعت محمدی ﷺ کی پیروی کی، سنت رسول ﷺ کو عام کیا اور امت کو نیکی، تقویٰ، محبت، اخوت اور خدمت خلق کا درس دیا۔ ان کی تعلیمات آج بھی مسلمانوں کے لیے مشعل راہ ہیں اور موجودہ دور میں نوجوان نسل کو اولیائے کرام کی سیرت اور دینی خدمات سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مقررین نے کہا کہ امام ربانی مجدد الف ثانی ؒ کی جدوجہد کا بنیادی مقصد دین کی اصل روح کو زندہ کرنا اور مسلمانوں کو قرآن و سنت سے وابستہ رکھنا تھا۔ ان کی علمی، روحانی اور اصلاحی خدمات برصغیر کی اسلامی تاریخ کا روشن باب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیر آغا اسد اللہ جان سرہندی مجددی فاروقی ؒ بھی اپنے بزرگوں کی دینی و روحانی روایات کو آگے بڑھاتے ہوئے دین کی خدمت، اصلاح معاشرہ اور لوگوں کی رہنمائی میں نمایاں کردار ادا کیا۔ اس موقع پر شرکاء نے کہا کہ اولیائے کرام کے مزارات اور عرس کی محافل محض روایتی اجتماعات نہیں بلکہ ان بزرگوں کی دینی خدمات کو یاد کرنے، ان کی تعلیمات کو عام کرنے اور اپنی زندگیوں کو قرآن و سنت کے مطابق ڈھالنے کا ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج معاشرے میں بڑھتی ہوئی بے چینی، عدم برداشت اور اخلاقی مسائل کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمیں اولیائے کرام کی تعلیمات یعنی محبت، برداشت، رواداری، اخوت، عاجزی اور خدمت انسانیت کو فروغ دینا ہوگا۔ گورنر سندھ سید نہال ہاشمی کی عرس مبارک میں خصوصی شرکت پر منتظمین اور شرکاء نے ان کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ ان کی شرکت سے محفل کی اہمیت میں اضافہ ہوا۔ گورنر سندھ نے بھی عرس کی روحانی فضا اور شرکاء کی عقیدت کو سراہا۔ تقریب میں ملک و قوم کی سلامتی، استحکام، خوشحالی، امن و امان، عالم اسلام کی سربلندی اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ عرس مبارک میں بڑی تعداد میں عقیدت مندوں کی شرکت کے باعث پیر سرہندی گوٹھ میں روحانی و مذہبی ماحول قائم رہا۔ شرکاء نے اولیائے کرام سے اپنی عقیدت کا اظہار کیا اور ان کے نقش قدم پر چلنے، دینی تعلیمات کو اپنی زندگی کا حصہ بنانے اور معاشرے میں امن، محبت اور بھائی چارے کے فروغ کے عزم کا اظہار کیا۔ عرس کے اختتام پر ملکی سلامتی اور امت مسلمہ کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں اور شرکاء میں لنگر بھی تقسیم کیا گیا۔

### ☆ بقیہ صباح 6 ☆

پی ٹی آئی نے کہا تھا کہ مشال یوسفزئی کو ٹکٹ دیا جائے۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ سلمان اکرم راجہ اور جنید اکبر نے کہا مشال یوسفزئی تنقید کرتی ہے، مشال یوسفزئی نے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی، مشال یوسفزئی نے کہا تھا سلمان اکرم نے بانی کے سامنے ان سے معافی مانگی۔ انہوں نے کہا کہ بشریٰ بی بی اور علیمہ خان کی لڑائی آج سے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ کے پی میں پی ٹی آئی میں 3 گروپ بنے ہوئے ہیں، ایک گروپ سہیل آفریدی، دوسرا 64 ایم پی ایز اور تیسرا گروپ علی امین کا ہے، مارچ کے معاملے پر سہیل آفریدی تنہا ہوں گے، اختلافات ختم کرنے کے بعد مارچ کا اعلان کرنا چاہیے، اختلافات دشمنیوں میں تبدیل ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہباز گل کو بانی پی ٹی آئی سے متعارف فیصل حمید نے کرایا تھا، میرا خیال ہے فیصل حمید نے بانی سے ملاقات کی تھی، اس پر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ گرفتار ہوا تھا۔ انہوں نے کہا کہ علی امین نے پارٹی کو 72 کروڑ روپے دیے، وہ کھا لیے گئے، نومبر کے متاثرین اور خاندانوں کیلئے پیسے کہاں گئے، جواب سیکرٹری جنرل کو دینا چاہیے۔ رکن اسمبلی نے کہا کہ تمام وکلا علیمہ خان گروپ کے ہیں، بیرسٹر گوہر بانی کے وکیل نہیں، سلمان اکرم راجہ اور سلمان صفدر وکیل ہیں، سلمان صفدر نے 3 سال میں بے پناہ پیسے لیے ہیں، 27 ستمبر کو پی ٹی آئی کا مارچ نہیں ہوگا، کوئی تیاری نہیں، تحریک انصاف میں کوئی نظم و ضبط اور اتفاق نہیں۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ 27 ستمبر کے مارچ پر علیمہ خان نے تحفظات کا اظہار کیا، سب کو غدار بنایا ہوا ہے، غداروں کے ساتھ کون سی قوم نکلے گی؟ 4 اگست کو سہیل آفریدی اور محسن نقوی کی ملاقات ہوئی تھی۔

### ☆ بقیہ صباح 7 ☆

کے درمیان مشترکہ خوشحالی کو فروغ دینے میں امریکی اختراع کے کردار پر بھی زور دیا۔ امریکی ناظم الامور کے مطابق گزشتہ دو دہائیوں سے زائد عرصے کے دوران امریکا پاکستانی مصنوعات کی سب سے بڑی برآمدی منڈی اور پاکستان میں سرمایہ کاری کے اہم ترین ذرائع میں شامل رہا ہے۔ نٹالی بیکر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ امریکا پاکستان کے نجی شعبے، اختراع کاروں، یونیورسٹیوں اور حکومت کے ساتھ مل کر کام کرنے، تجارت و سرمایہ کاری کو وسعت دینے اور ایسی شراکت داریاں قائم کرنے کے لیے پرعزم ہے جو صدر ٹرمپ کی انتظامیہ کی رہنمائی میں دونوں ممالک کے لیے پائیدار خوشحالی کے نتائج فراہم کریں۔ امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور پنجاب کے مصنوعی ذہانت و خصوصی اقدامات کے مشیر علی ڈار سے ملاقاتیں بھی کیں۔ ملاقاتوں میں ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز، اعلیٰ تعلیم اور جدت طرازی کے شعبوں میں تعاون کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس دوران سرمایہ کاری، کاروباری اقدامات اور تکنیکی جدت طرازی کی حوصلہ افزائی کرنے والی پالیسیوں اور شراکت داریوں کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ کاروباری رہنماؤں، ٹیکنالوجی ماہرین اور سرکاری عہدیداروں کے ساتھ امریکی ناظم الامور کی ملاقاتوں سے یہ امر بھی سامنے آیا کہ امریکا اور پاکستان کس طرح تجارتی تعلقات کو وسعت دینے کے ساتھ ساتھ تیز رفتار ترقی کرنے والے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنا سکتے ہیں۔ لاہور میں پی ایف چینگ کے نئے ریسٹوران کے افتتاح کے موقع پر نٹالی بیکر نے پاکستان اور امریکا کے درمیان تجارتی شراکت داری کے فوائد کو اجاگر کیا۔ انہوں نے بتایا کہ 2025 میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت کا حجم 8 ارب ڈالر سے تجاوز کر گیا۔ امریکی ناظم الامور نے نیٹ سول ٹیکنالوجیز، کوڈ نجا اور ٹیم ڈسٹرکٹ کے دورے کے دوران پاکستان کے تیزی سے وسعت پاتے ٹیکنالوجی سیکٹر کا بھی مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ، ڈیجیٹل سروسز اور مصنوعی ذہانت کے شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھانے کے امکانات پر بات چیت کی گئی۔ نٹالی بیکر نے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی میں طلبہ سے بھی ملاقات کی، جہاں انہوں نے این آئی ٹی اور ایریزونا اسٹیٹ یونیورسٹی کے درمیان شراکت داری کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ شراکت داری اس امر کی ایک مثال ہے کہ امریکی تعلیمی مہارت اور تجربہ کس طرح طلبہ کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک کے معاشی تعلقات کو بھی مضبوط بنا سکتا ہے۔ اپنے دورہ لاہور کے اختتام پر نٹالی بیکر نے روزنامہ بزنس ریکارڈر کے ایک گول میز اجلاس میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے مصنوعی ذہانت کے شعبے میں امریکا کی قائدانہ حیثیت اور جدت طرازی کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ قابل بھروسہ شراکت داریاں مصنوعی ذہانت اور نئی ٹیکنالوجیز سے حاصل ہونے والی جدت کو معاشی ترقی، روزگار کے نئے مواقع اور دونوں ممالک کی مشترکہ خوشحالی میں تبدیل کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔

### ☆ بقیہ صباح 8 ☆

کے دوران دریائے راوی اور چناب میں بھی نچلے درجے کے سیلاب کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 17 سے 19 اگست کے دوران دریائے راوی اور چناب سے ملحقہ ندی نالوں میں درمیانے درجے کے سیلاب کا خطرہ ہے۔ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد، کشمیر اور پنجاب کے مختلف علاقوں میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے، راولپنڈی، لاہور، گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ اور شیخوپورہ میں بھی بادل برسنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ خیبرپختونخوا کے اضلاع پشاور، مردان، سوات، ایبٹ آباد اور ہری پور میں موسلا دھار بارش کا الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ دریائے سندھ کے بالائی علاقوں، ڈیرہ غازی خان، میانوالی اور بلوچستان کے ضلع موسیٰ خیل میں بھی بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران پنجاب، خیبرپختونخوا، اسلام آباد اور کشمیر میں وسیع پیمانے پر تیز بارشوں کی پیشگوئی کی ہے، دریائے جہلم، چناب، راوی اور ستلج کے بالائی علاقوں میں بھی موسلا دھار بارش کا الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ گلگت بلتستان کے اضلاع استور، دیامر، گلگت اور اسکردو میں گرج چمک کے ساتھ بارش متوقع ہے جبکہ چنیوٹ، فیصل آباد، ننکانہ صاحب اور اوکاڑہ سمیت پنجاب کے مزید اضلاع میں بھی بادل برسنے کا امکان ہے۔ بلوچستان کے اضلاع بارکھان اور شیرانی میں بھی بارش کی پیشگوئی کے بعد انتظامیہ کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

### ☆ بقیہ صباح 9 ☆

سفارتخانے میں منعقدہ تقریب کے دوران قائداعظم کے مجسمے کی نقاب کشائی کی۔ تقریب میں پاکستانی نژاد امریکی شہریوں، سفارت کاروں اور میڈیا نمائندوں نے شرکت کی۔ قائداعظم کا یہ مجسمہ ہیوسٹن میں قائم قائداعظم فاؤنڈیشن کی جانب سے سفارتخانے کو بطور تحفہ دیا گیا ہے۔ مجسمہ اب مستقل طور پر واشنگٹن میں پاکستانی سفارتخانے میں موجود رہے گا۔ مجسمے کی تنصیب ایسے وقت میں ہوئی ہے جب پاکستان رواں سال قائداعظم محمد علی جناح کی 150ویں سالگرہ منانے کی تیاری کر رہا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سفیر رضوان سعید شیخ نے بانی پاکستان کی سیاسی جدوجہد اور قیام پاکستان کے لیے ان کی طویل کوششوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ یوم آزادی کی تقریب کا آغاز پاکستانی پرچم لہرانے سے ہوا۔ اس موقع پر قومی ترانہ بھی پیش کیا گیا، جبکہ قرآن پاک کی آیات کی تلاوت کی گئی۔ تقریب کے دوران صدر پاکستان، وزیراعظم اور نائب وزیراعظم کے یوم آزادی کے پیغامات بھی پڑھ کر سنائے گئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستانی سفیر نے پاکستان اور امریکا کے باہمی تعلقات کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے اور عالمی سطح پر امریکا کے لیے اہمیت رکھتا ہے اور دونوں ممالک مختلف شعبوں میں تعاون کر رہے ہیں۔ امریکی وزیرخارجہ مارکو روبیو نے بھی پاکستان کے یوم آزادی کے موقع پر اپنے پیغام میں دونوں ممالک کے درمیان تعاون کا ذکر کیا۔ ان شعبوں میں علاقائی ثالثی، اہم معدنیات، توانائی، انسداد دہشت گردی، ثقافتی ورثے، تجارت اور سرمایہ کاری شامل ہیں۔ پاکستان کی جانب سے علاقائی ثالثی کی کوششیں بھی اس تناظر میں اہم قرار دی جا رہی ہیں، خصوصاً امریکا اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی کے دوران۔ پاکستان نے واشنگٹن اور تہران دونوں کے ساتھ اپنے تعلقات کو استعمال کرتے ہوئے مذاکرات کی راہ ہموار کرنے اور کشیدگی کم کرنے میں کردار ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔ تقریب کے دوران ایک خصوصی اعزاز بھی دیا گیا۔ پاکستانی نژاد امریکی کمیونٹی کے رہنما اور ثقافتی سفیر وقار علی خان کو کئی دہائیوں پر محیط خدمات کے اعتراف میں صدر کا تمغہ برائے حسن کارکردگی عطا کیا گیا۔

### ☆ بقیہ صباح 10 ☆

کے فروغ کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان کاروباری تعاون بڑھانے کے مختلف مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کو حالیہ پاک چین مشاورت کے تناظر میں بھی اہم قرار دیا گیا، جس میں زراعت کے شعبے میں مشترکہ ورکنگ گروپ کے قیام پر غور کیا گیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم زرعی شعبے میں دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو منظم انداز میں آگے بڑھانے میں مدد دے سکتا ہے۔ پاکستان نے چین کی مارکیٹ میں چاول، ایتھنول، آلو اور مکئی کی برآمدات بڑھانے کے امکانات کی بھی نشاندہی کی ہے، جبکہ ٹیکسٹائل مصنوعات پہلے ہی چین کو پاکستان کی اہم برآمدات میں شامل ہیں۔ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان اور آر سی سی آئی کے صدر عثمان شوکت نے چین کے سفیر کو پاکستان میں تیار کیا گیا فٹ بال پیش کیا جو فیفا ورلڈ کپ کے لیے تیار کیا گیا تھا۔ اس موقع پر پاکستان کی عالمی معیار کی کھیلوں کا سامان تیار کرنے کی صلاحیت کو اجاگر کیا گیا۔ چین کے سفیر نے آر سی سی آئی کی یوم آزادی کی تقریبات اور کیک کاٹنے کی تقریب میں بھی شرکت کی، جس سے دونوں ممالک کے عوامی، ثقافتی اور سفارتی روابط کی گرمجوشی کا اظہار ہوا۔ آر سی سی آئی کے صدر نے پاکستان اور چین کے درمیان تجارت بڑھانے کے وسیع امکانات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کاروباری اداروں کے درمیان روابط، مارکیٹ تک رسائی اور سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی و جدت کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین پاکستانی ٹیکسٹائل اور زرعی مصنوعات کے لیے اہم مارکیٹ بن سکتا ہے، جبکہ پاکستان جدید زراعت، پریسیژن فارمنگ، آبپاشی نظام، موڈرن مشینری، گرین ہاؤس ٹیکنالوجی اور پانی کے بہتر انتظام کے شعبوں میں چین کی مہارت سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ آر سی سی آئی نے دونوں ممالک کے اداروں اور نجی شعبے کے درمیان روابط مضبوط بنانے اور باہمی مفاد کے لیے اقتصادی تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کے عزم کا اظہار بھی کیا۔

### ☆ بقیہ صباح 11 ☆

ملاقات میں ہارڈ شپ کیسز، 52 نئی ادویات قیمتوں پر بریفنگ دی جائیگی۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ حکام کا وزیراعظم سے ملاقات کا مقصد 52 ادویات، ہارڈ شپ کیسز پر حمایت حاصل کرنا ہے۔ جن امراض کی نئی دواؤں کی منظوری دی گئی ہے، ان میں کینسر، شوگر، ہیموفیلیا، آٹو امیون ڈس آرڈر، انتہائی نگہداشت، سنگین انفیکشن، امراض خون، ہنگامی علاج میں استعمال کی ادویات شامل ہیں۔ ڈریپ پالیسی بورڈ، پرائسنگ کمیٹی 52 نئی ادویات کی منظوری دے چکی ہے جبکہ کیبنٹ ڈرگ پرائسنگ کمیٹی نے 24 جولائی کو 52 نئی ادویات کی منظوری دی تھی۔ ذرائع کے مطابق کابینہ پرائسنگ کمیٹی، ڈریپ نئی ادویات کی زیادہ سے زیادہ قیمت کا تعین بھی کر چکی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ مختلف امراض کی 100 کے قریب ادویات کے ہارڈ شپ کیسز زیرالتوا ہیں۔ کابینہ سے منظوری پر ڈریپ نئی ادویات کا نوٹیفکیشن جاری کرے گی۔

### ☆ بقیہ صباح 12 ☆

شام کے وقت ہونے والے اس حملے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ یہ حملہ ایجنسی کی اس رپورٹ کے کچھ گھنٹے بعد سامنے آیا جس میں کہا گیا تھا کہ اسرائیلی فوج نے صور شہر کے جنوب میں المنصوری اور مجدل زون کے قصبوں کے درمیان واقع المشاع علاقے میں ایک بڑا دھماکہ کیا۔ اس نے مزید کہا کہ دھماکوں کی آوازیں صور شہر اور اس کے آس پاس سنی گئیں۔

### ☆ بقیہ صباح 13 ☆

میں ابتدائی طبی معائنہ کرایا، دبئی میں ڈاکٹرز نے قمر جاوید باجوہ کا تفصیلی طبی معائنہ کیا۔ ذرائع کے مطابق قمر جاوید باجوہ کی طبیعت بہتر ہے، کچھ ٹیسٹ کے نتائج آنا باقی ہیں، چیک اپ اور ڈاکٹروں کی ہدایات کے بعد قمر باجوہ واپسی کا فیصلہ کریں گے۔ قمر جاوید باجوہ کچھ دن متحدہ عرب امارات میں بیٹے کے پاس قیام کریں گے، جنرل ریٹائرڈ قمر باجوہ ساڑھے چار ماہ قبل گھر میں پھسل کر گرے تھے۔ یاد رہے رواں سال فروری میں پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے پاک فوج کے سابق آرمی چیف جنرل ریٹائرڈ قمر جاوید باجوہ کے زیر علاج ہونے کی تصدیق کی تھی۔

### ☆ بقیہ صباح 14 ☆

کا موقع فراہم کرتا ہے، پاکستان ہمارے بزرگوں کی لازوال قربانیوں کا ثمر ہے اور اس عظیم نعمت کی حفاظت، استحکام اور ترقی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، آج ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ پاکستان کو مضبوط، خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ بنانے کے لیے ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو ترجیح دیں گے، معاشرے میں اتحاد، بھائی چارے، برداشت، رواداری اور انسانیت کی خدمت کو فروغ دیں گے۔ وہ صدائے انسانیت سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیراہتمام مقامی ہال میں وطن عزیز پاکستان کی 79ویں سالگرہ کے موقع پر منعقدہ پروقار تقریب سے خطاب کر رہی تھیں۔ صدائے انسانیت سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیراہتمام مقامی ہال میں وطن عزیز پاکستان کی 79ویں سالگرہ کا جشن انتہائی عقیدت و احترام، ملی جوش و جذبے اور شاندار انداز میں منایا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی رجسٹرار محتسب اعلیٰ سندھ مسعود عشرت آرائیں تھے، جبکہ معروف صنعتکار و بزنس مین محمد خالد، محمد اسحاق، معروف اسکالر علامہ شاہ فیروز الدین رحمانی، معروف قانون دان شہریار بیگ، خاقان بابر خٹک، شازیہ مغل، شاہ تراب الحق قادری، عبداللہ، چیئرمین لیبر بیورو کے یعقوب شیخ، ماریہ شیخ، ثنا خواں حسین الدین رحمانی، گلوکار طارق انور، بوبی، سمیرا بیگ، شہاب الدین اور عزیز اختر صدیقی سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ وائس پریذیڈنٹ تحمیرہ شیروانی، ساگر معراج اور سفیان شیروانی نے تقریب کی نگرانی اور انتظامات میں اہم کردار ادا کیا۔ تقریب کی کمپیئرنگ کے فرائض معروف اینکر پرسن نادر شیخ نے انجام دیے۔ تقریب کے دوران قومی پرچم کشائی، کیک کٹنگ، ملی نغموں، قومی ترانوں اور حب الوطنی پر مبنی مختلف پروگرامز پیش کیے گئے۔ شرکاء نے پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں بھی کیں جبکہ تقریب کا ماحول قومی جذبے، حب الوطنی اور جوش و خروش سے بھرپور رہا۔ شمسہ یمین نے اپنے خطاب میں مزید کہا کہ صدائے انسانیت سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن کا بنیادی مقصد دکھی انسانیت کی خدمت، مستحق افراد کی مدد اور معاشرے کے محروم طبقات کے لیے آسانیاں پیدا کرنا ہے اور یہ مشن آئندہ بھی بھرپور انداز میں جاری رہے گا۔ پاکستان کا مستقبل ہماری نوجوان نسل سے وابستہ ہے، اس لیے بچوں اور نوجوانوں کو معیاری تعلیم، مثبت تربیت اور آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے۔

### ☆ بقیہ صباح 15 ☆

ہیں۔ حملوں کے دوران بندرگاہ کو 25 سے زائد میزائلوں سے نشانہ بنایا گیا۔ بندرگاہ کے ڈائریکٹر کے مطابق حملوں میں 7 افراد ہلاک ہوئے جبکہ نقصانات کا تخمینہ 1 کروڑ 60 لاکھ ڈالر لگایا گیا ہے۔ یمنی حکومت کے مطابق حوثیوں نے المخا بندرگاہ پر 6 بیلسٹک میزائل فائر کیے، میزائل حملوں میں شہری، اقتصادی اور بحری تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔ المخا بندرگاہ بحیرہ احمر میں باب المندب آبنائے کے قریب واقع ہے، جو بحیرہ احمر کو خلیج عدن سے ملانے والا اہم بحری راستہ ہے اور عالمی تجارت کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔

### ☆ بقیہ صباح 16 ☆

بچانے پر تجارتی دھوکہ دہی کا دعویٰ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق چینی اشیا بھارت اور اسرائیل سمیت چالیس سے زائد ممالک کے ذریعے امریکا لائی جاتی ہیں تاکہ ان پر ٹیرف عائد نہ کیا جا سکے اور اس طرح تین سو ارب ڈالر ٹیکس بچائے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر رپورٹ شیئر کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق جن ممالک سے چینی اشیا کی امریکا غیرقانونی ترسیل کی جاتی ہے ان میں پاکستان شامل نہیں۔ صدر ٹرمپ کے معاون کی جانب سے تیار رپورٹ کے مطابق غیرقانونی ترسیل کا پیٹرن سن 2018 میں چین پر ٹیرف عائد کیے جانے کے بعد سے بڑھ گیا ہے۔ اس غیرقانونی ترسیل کے لیے چینی سامان کو دوبارہ سے لیبل لگایا جاتا ہے، دوبارہ پیکنگ کی جاتی ہے، تھوڑی بہت دوبارہ پراسیسنگ کی جاتی ہے، پھر سے رسیدیں جاری کی جاتی ہیں یا پھر اشیا کا ماخذ ایسے ملک کو ظاہر کیا جاتا ہے جس کا ان چیزوں سے تعلق ہی نہیں ہوتا۔ رپورٹ کے مطابق دیگر ممالک سے اشیا کی ترسیل میں اضافے کے ادوار میں چین سے امریکا براہ راست درآمدات میں کمی نوٹ کی گئی۔ تخمینہ لگایا گیا ہے کہ سالانہ چالیس ارب سے تین سو تین ارب ڈالر کی غیرقانونی ترسیل کی جا رہی ہے۔ جن ممالک کو استعمال کیا جاتا ہے ان میں کینیڈا، اسرائیل، یورپی یونین، میکسیکو، جاپان، جنوبی کوریا، برازیل، انڈونیشیا، ملائیشیا، تھائی لینڈ، ترکیے، کمبوڈیا، لاؤس اور میانمار شامل ہیں۔ اس دھوکہ دہی سے امریکا میں ساڑھے چار لاکھ نوکریاں ختم ہوگئیں، سالانہ جی ڈی پی اور وفاقی ٹیکس کی مد میں اربوں ڈالر کا نقصان ہوا۔ امریکی میڈیا کے مطابق مختلف ممالک پر ٹیرف عائد کرنے کے بعد ٹرمپ انتظامیہ نے اپنی توجہ ان خامیوں کو دور کرنے پر فوکس کر لی ہے جن کے ذریعے غیرملکی درآمد کنندگان امریکی ملازمین، مینوفیکچررز اور ٹیکس دہندگان کو نقصان پہنچا کر اپنی اشیا کی امریکا غیرقانونی ترسیل کرتے ہیں۔

### ☆ بقیہ صباح 17 ☆

خدمات کا اعتراف کرتی ہے جو انسانی جان بچاتے اور مشکل میں مبتلا افراد کی مدد کے لیے بروقت اور مؤثر کردار ادا کرتے ہیں۔ نوجوان نسل کو بھی ایسے باہمت اور انسان دوست کرداروں سے سبق حاصل کرنا چاہیے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان ان کی بہادری اور جذبہ انسانیت کے اعتراف میں کیا گیا ہے، کیونکہ مشکل حالات میں دوسروں کی مدد کے لیے آگے بڑھنے والے افراد معاشرے کے لیے مثبت مثال ہوتے ہیں۔ اس موقع پر عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائیوں نے بروقت علاج و معالجے کی فراہمی، حوصلہ افزائی، دادرسی اور سرکاری ملازمت کے اعلان پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

### ☆ بقیہ صباح 18 ☆

ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے مستقل ارکان امریکا، برطانیہ اور فرانس سمیت 56 ممالک نے افغان طالبان رجیم کے خلاف مشترکہ بیان جاری کیا ہے۔ مشترکہ بیان میں افغانستان پر طالبان کے قبضے کے 5 سال مکمل ہونے پر افغان عوام سے اظہار یکجہتی کیا گیا ہے۔ مشترکہ بیان کے مطابق طالبان رجیم میں افغانستان کو انسانی حقوق، انسانی امداد و معیشت اور سلامتی کے حوالے سے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے، یہ صورتحال افغان عوام پر دباؤ بڑھا رہی اور ہمسایہ ممالک سمیت پورے خطے کے استحکام اور سلامتی کیلئے خطرات پیدا کر رہی ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ افغانستان دنیا کا واحد ملک ہے جہاں لڑکیوں کو ثانوی اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے سے روک دیا گیا ہے۔ مشترکہ بیان میں افغان سرزمین پر موجود دہشتگرد گروہ کو علاقائی سلامتی کیلئے مشترکہ خطرہ قرار دیا گیا۔ مشترکہ بیان میں افغان طالبان رجیم سے افغان سرزمین پر موجود دہشتگرد تنظیموں کیخلاف مؤثر اقدامات کا بھی مطالبہ کیا گیا ہے۔ 56 ممالک کا طالبان رجیم کیخلاف مشترکہ بیان ظاہر کرتا ہے کہ رجیم کی آمرانہ طرز حکمرانی اور ظالمانہ پالیسیاں افغانستان کو عالمی تنہائی کی طرف دھکیل رہی ہیں۔

### ☆ بقیہ صباح 19 ☆

باب کو ختم سمجھتے ہیں اور اب سے ہم باہمی احترام پر مبنی تعلقات اور مثبت روابط کا ایک نیا باب چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی افغان اپنی سرزمین پر کسی دوسرے ملک کی فوجی موجودگی نہیں چاہتا اور نہ ہی اسے برداشت کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی انتظامیہ امریکا میں سفارتی مشن دوبارہ کھولنا چاہتی ہے اور یورپی ممالک کے ساتھ افغان تارکین وطن کے معاہدوں پر بات چیت کر رہی ہے۔ افغان وزیرخارجہ نے کہا کہ امریکا سمیت کوئی بھی ملک افغانستان میں سرمایہ کاری کر سکتا ہے کیونکہ طالبان انتظامیہ کو غیرملکی سرمائے کی اشد ضرورت ہے۔ انٹرویو کے دوران افغان وزیرخارجہ نے اس سوال کا واضح جواب دینے سے گریز کیا کہ آیا ان کی حکومت کا خواتین اور لڑکیوں کے خلاف کریک ڈاؤن بین الاقوامی شناخت میں رکاوٹ ہے۔ واضح رہے کہ افغانستان کی طالبان حکومت، امریکی انخلا کے پانچ سال بعد امریکی حکومت کو اپنا سفارت خانہ دوبارہ کھولنے، سفارتی موجودگی برقرار رکھنے اور افغانستان کے بنیادی ڈھانچے اور معدنی دولت میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت دے کر بین الاقوامی تنہائی کو توڑنے کی کوشش کر رہی ہے۔ سوالات کے تحریری جواب میں امریکی محکمہ خارجہ نے افغانستان کے ساتھ تعلقات معمول پر آنے کے امکان کو مسترد کر دیا۔ امریکی ترجمان کا کہنا تھا کہ طالبان افغانستان کو مزید منظم بنانے اور انسداد دہشت گردی کے وعدوں کو برقرار رکھنے میں ناکام رہے ہیں، بجائے اس کے کہ دہشت گرد گروہوں کو افغانستان کو حملوں کے لیے لانچ پیڈ کے طور پر استعمال کرنے کی اجازت دی جائے۔ امریکی ترجمان نے کہا کہ امریکا طالبان کے ساتھ صرف اسی صورت میں بات کرتا ہے جب یہ امریکی عوام کے مفاد میں ہو۔ دریں اثنا کسی بھی یورپی ملک نے طالبان انتظامیہ کو افغانستان کی قانونی اتھارٹی کے طور پر تسلیم نہیں کیا ہے اور افغانستان کی عبوری حکومت اقوام متحدہ اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ جیسے بین الاقوامی اداروں تک رسائی بھی نہیں رکھتی ہے۔

### ☆ بقیہ صباح 20 ☆

خواتین کے انٹرویوز بھی کیے گئے۔ ذرائع کے مطابق آزاد کشمیر سے آنے والی لیگی خواتین کے انٹرویوز نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کیے۔ ذرائع کے مطابق پہلے مرحلے میں خواتین کی مخصوص نشستوں کے لیے امیدواروں کے نام فائنل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جن میں سحرش قمر، مریم کشمیری، ناصرہ خان اور نصارہ عباسی کے نام زیر غور ہیں، فیصلہ نواز شریف کریں گے۔ ذرائع کے مطابق خواتین کی مخصوص نشستوں کے امیدواروں کے ناموں کا حتمی فیصلہ نواز شریف کریں گے، آزاد کشمیر کی وزارت عظمیٰ کیلئے امیدوار کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ اجلاس میں (ن) لیگ آزاد جموں و کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی، وزارت عظمیٰ کے امیدوار کے طور پر شاہ غلام قادر کی پوزیشن مضبوط بتائی جا رہی ہے، طارق فاروق اور کرنل ریٹائرڈ وقار نور بھی دوڑ میں شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق اوورسیز کشمیریوں کے لیے مختص نشست پر بھی تاحال فیصلہ نہیں ہو سکا، جس کے لیے احسان وانٹش، حبیب الرحمن ارائیں، راجہ وسیم اور جاوید اقبال کے نام زیر غور ہیں۔ اجلاس میں مری ڈیولپمنٹ پلان پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا، ڈپٹی کمشنر مری نے شرکا کو منصوبے پر بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے مری مال روڈ آپریشن اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق بھی بریفنگ دی۔

### ☆ بقیہ صباح 21 ☆

معیشت پر شدید دباؤ ڈال دیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق ایرانی میڈیا میں نشر ہونے والے بیانات میں صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ ملک میں قیمتوں میں اضافے کی ایک بڑی وجہ اخراجات میں اضافہ اور حکومت کی آمدنی میں کمی ہے۔ ان کے مطابق تیل کی فروخت میں کمی کے باعث ریاست کو حاصل ہونے والی آمدنی بھی کم ہوگئی ہے۔ ایرانی صدر نے کہا کہ ماضی میں ایران اپنی ضرورت کی درآمدی اشیا نسبتاً براہ راست راستوں سے حاصل کرتا تھا لیکن اب مختلف متبادل راستوں سے سامان ملک میں پہنچ رہا ہے، جس کے نتیجے میں درآمدی اشیا کی حتمی قیمت میں اضافہ ہوگیا ہے۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایران کی آمدنی میں نمایاں کمی آئی ہے۔ ان کے مطابق ایران پہلے تیل فروخت کرتا تھا، لیکن موجودہ حالات میں تیل کی فروخت پہلے کی طرح ممکن نہیں رہی، جس سے حکومت کے مالی وسائل متاثر ہوئے ہیں۔ ایرانی صدر نے جنگ کے دوران ملک کے صنعتی ڈھانچے کو پہنچنے والے نقصان کو بھی معاشی مشکلات کی اہم وجہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ بڑی تعداد میں فیکٹریوں کو نشانہ بنا کر تباہ کیا گیا، جس سے نہ صرف صنعتی پیداوار متاثر ہوئی بلکہ حکومت کی ٹیکس آمدنی بھی کم ہوگئی۔ پزشکیان کے مطابق جب فیکٹریاں اور صنعتی ادارے تباہ ہو جاتے ہیں یا ان کی سرگرمیاں رک جاتی ہیں تو حکومت کو ان سے ٹیکس بھی حاصل نہیں ہوتا۔ اس کے برعکس اب حکومت کو بعض متاثرہ فیکٹریوں کو دوبارہ کام شروع کرنے کے لیے مالی مدد فراہم کرنا پڑ رہی ہے۔ ایرانی صدر نے کہا کہ اس صورتحال نے حکومت پر دوہرا مالی بوجھ ڈال دیا ہے۔ ایک طرف ریاست کی آمدنی کم ہوگئی ہے جبکہ دوسری جانب جنگ سے متاثرہ صنعتی اداروں کو دوبارہ فعال رکھنے کے لیے اضافی وسائل فراہم کرنا پڑ رہے ہیں۔ انہوں نے موجودہ صورتحال کو بیان کرتے ہوئے کہا کہ ایران کے مسائل پہلے کے مقابلے میں کئی گنا بڑھ گئے ہیں، جبکہ ملک کی آمدنی میں بھی کمی واقع ہوئی ہے۔

### ☆ بقیہ صباح 22 ☆

مکالمے کا آغاز کرنے کا بھی اعلان کیا ہے۔ بہادر آباد کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی آبادی میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے، تاہم انتظامی ڈھانچے میں اس تناسب سے تبدیلی نہیں کی گئی۔ ملک میں آبادی بڑھنے کے ساتھ اضلاع اور ڈویژن تو قائم کیے گئے لیکن نئے صوبے نہیں بنائے گئے، جس کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر انتظامی مسائل اور عوامی محرومیاں پیدا ہوئی ہیں۔ ایم کیو ایم کے سینئر رہنما اور وفاقی وزیر ڈاکٹر مصطفیٰ کمال نے کہا کہ نئے انتظامی یونٹس کا قیام سندھ کی تقسیم نہیں بلکہ اختیارات اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کا نام ہے۔ سندھ کی ایک انچ زمین کسی دوسرے صوبے میں شامل نہیں ہوگی، بلکہ نئے انتظامی یونٹس کے قیام سے مقامی لوگوں کو اپنے مسائل خود حل کرنے اور اپنے حکمرانوں کو جواب دہ بنانے کا اختیار ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں سندھ کی تقریباً 38 فیصد آبادی رہتی ہے، لیکن اس کے باوجود شہر طویل عرصے سے بنیادی شہری مسائل اور اختیارات کی کمی کا شکار ہے۔ سندھ کے دیگر علاقوں کی صورتحال بھی انتہائی تشویشناک ہے، جہاں بعض علاقوں میں خواتین کو کئی کئی کلومیٹر دور سے ایسے کنوؤں سے پانی لانا پڑتا ہے جہاں سے جانور بھی پانی پیتے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ سندھ کو گزشتہ 18 برس کے دوران تقریباً 22 ہزار ارب روپے کے وسائل ملے، لیکن اتنے بڑے مالی وسائل کے باوجود صوبہ بنیادی سہولیات کے حوالے سے بدترین صورتحال سے دوچار ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ وسائل کی کمی سے زیادہ ان کے مؤثر اور منصفانہ استعمال اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کا ہے۔

### ☆ بقیہ صباح 23 ☆

دستیاب ہو۔ انہوں نے کہا کہ ضلع اور تحصیل سطح کے اسپتالوں کو فعال بنایا جا رہا ہے تاکہ مریضوں کا بوجھ صرف کوئٹہ کے اسپتالوں پر نہ ہو۔ وزیر صحت نے کہا کہ ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی کمی کو پورا کرنے کے لیے بھرتی کا عمل شروع ہو چکا ہے۔ دیہی علاقوں میں بھی صحت مراکز فعال کیے جا رہے ہیں تاکہ دور دراز کے عوام بنیادی طبی سہولیات سے محروم نہ رہیں۔ انہوں نے کہا کہ زچہ و بچہ صحت کے مراکز اور ویکسینیشن پروگرامز پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ بچوں اور ماؤں کی شرح اموات میں کمی لائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کے شعبے میں شفافیت اور معیار کے لیے مانیٹرنگ سسٹم مزید مضبوط کیا جا رہا ہے اور غفلت برتنے والے اہلکاروں کے خلاف کارروائی ہوگی۔ عوامی و سماجی حلقوں نے وزیر صحت کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ان اصلاحات سے صوبے کے عوام کو حقیقی ریلیف ملے گا اور صحت کے شعبے میں درپیش مسائل میں نمایاں کمی آئے گی۔ بخت کاکڑ نے عزم ظاہر کیا کہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے گی اور آئندہ چند ماہ میں عوام کو واضح بہتری نظر آئے گی۔

### ☆ بقیہ صباح 24 ☆

دیش حکام نے بھی گزشتہ ہفتے وزیراعظم کے دورہ بھارت کی تیاریوں کا عندیہ دیا تھا۔ وزارت خارجہ کے ترجمان اے ایم شاہ ال کریم نے کہا کہ بنگلہ دیش نے بھارتی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شیخ حسینہ اور دیگر مفرور افراد کو فوری طور پر واپس بھیجا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش نے دوطرفہ حوالگی کے معاہدے کے تحت شہید شریف عثمان ہادی کے قتل میں ملوث ملزمان کو بھی بنگلہ دیش کے حوالے کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ترجمان کے مطابق بنگلہ دیش بھارتی حکومت کے جواب کا منتظر ہے۔ واضح رہے کہ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے طارق رحمان کی بطور وزیراعظم حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی تھی، جہاں انہوں نے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے طارق رحمان کو بھارت کے دورے کی باضابطہ دعوت دی تھی۔

### ☆ بقیہ صباح 25 ☆

پر زور دیتے ہوئے کہا کہ امریکا اور پاکستان کے درمیان دوطرفہ تجارت 2025 میں 8 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئی۔ نٹالی بیکر نے کہا کہ امریکی تعلیمی مہارت پاکستانی طلبا کے لیے مواقع اور معاشی تعلقات مضبوط کر سکتی ہے۔

### ☆ بقیہ صباح 26 ☆

کے نئے مواقع پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرامز بھی شروع کیے جا رہے ہیں۔ شعیب نوشیروانی نے کہا کہ تعلیم کے بغیر کوئی معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا، اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کے لیے خصوصی فنڈز رکھے گئے ہیں۔ صحت کے شعبے میں بھی اسپتالوں کی سہولیات کو بہتر بنایا جائے گا اور بنیادی ہیلتھ یونٹس کو فعال کر کے دیہی علاقوں کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ وزیرخزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ بلوچستان کا مستقبل روشن ہے اور حکومت دن رات عوام کی فلاح کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ شفافیت، ایمانداری اور محنت ہی وہ راستہ ہے جس کے ذریعے صوبے کو ترقی کی بلندیوں تک پہنچایا جا سکتا ہے۔

### ☆ بقیہ صباح 27 ☆

مختلف عوامل کے باعث گردشی قرضے میں مجموعی طور پر 364 ارب روپے کا اضافہ ہوا، تاہم مالی گنجائش سے کی جانے والی ادائیگیوں، جن میں 30 ارب روپے کی اسٹاک ادائیگیاں بھی شامل ہیں، کے باعث اس اضافے میں کمی آئی اور نتیجتاً گردشی قرضے میں خالص اضافہ تقریباً 6 ارب روپے رہا۔ رپورٹ کے مطابق کے الیکٹرک کی جانب سے ادائیگی نہ کرنا بھی گردشی قرضے میں اضافے کی اہم وجوہات میں شامل رہا۔ اس مد میں مالی سال 2025-26 کے دوران 19 ارب روپے کا اضافہ ہوا، جبکہ گزشتہ مالی سال یہ رقم صرف 4 ارب روپے تھی۔ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کے نقصانات اور انتظامی نااہلیوں کے باعث بھی گردشی قرضے میں 262 ارب روپے کا اضافہ ہوا، تاہم یہ رقم گزشتہ مالی سال کے 265 ارب روپے کے مقابلے میں معمولی کم ہے۔ ڈسکوز کی جانب سے بجلی کی مکمل لاگت وصول نہ کیے جانے کے باعث گردشی قرضے میں 64 ارب روپے کا اضافہ ہوا، جو گزشتہ سال کے 132 ارب روپے کے مقابلے میں نمایاں طور پر کم ہے۔ دوسری جانب آئی پی پیز، پی ایچ ایل اور گردشی قرضے کی فنانسنگ پر سود کی مد میں 14 ارب روپے کا اضافہ ہوا، جبکہ گزشتہ مالی سال اس مد میں 58 ارب روپے شامل ہوئے تھے۔

### ☆ بقیہ صباح 28 ☆

ہوئے کہا کہ آئین اس معاملے پر ڈائیلاگ کرتے ہیں، اگر صوبہ بنانا غداری یا غلط تھا تو پھر آئین پاکستان میں یہ شق کیسے درج ہے؟ سندھ کے اندر نئے صوبوں کا مقدمہ سب سے زیادہ مضبوط ہے۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ ہجرت کرنے والے بھی اختیاری پاکستانی اور اختیاری سندھی تھے، سندھ کے لوگوں نے ہجرت کرنے والوں کا محبت سے استقبال کیا، سندھی بھائیوں کی محبت اور استقبال کو ہمیشہ احترام سے یاد رکھیں گے، ہجرت کرنے والوں کو سندھ میں محبت اور احترام ملا، جبکہ سندھ کے شہری علاقوں میں آبادکاری ایک تاریخی حقیقت ہے۔ خالد مقبول صدیقی کا کہنا تھا کہ ہجرت کرنے والوں کے حقوق اور شناخت کے لیے آواز اٹھانا ضروری ہے، ایم کیو ایم نے سندھ کے شہری علاقوں کے مسائل کو قومی سطح پر اجاگر کیا اور سندھ کے شہری علاقوں کے حقوق کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے ہمیشہ مڈل کلاس اور لوئر مڈل کلاس کے لوگوں کو ایوانوں میں بھیجا، قومی اسمبلی میں ہمارا معاملہ قائمہ کمیٹی کے پاس جا چکا ہے اور قائمہ کمیٹی نے معاملے پر غور شروع کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کسی ایک جماعت کا نہیں بلکہ عوام کے بنیادی حقوق کا معاملہ ہے۔ بنیادی حقوق کی فراہمی حکومت، ریاست اور انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، صوبوں کے قیام کی شق آئین سے نکالنے کے بجائے اس پر عمل ہونا چاہیے۔ ذوالفقار علی بھٹو نے 1973 کے آئین میں صوبوں کے قیام کی گنجائش رکھی تھی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کے رہنما ڈاکٹر مصطفیٰ کمال نے کہا کہ نسل در نسل ظلم سہنے والوں نے اسے اپنی تقدیر سمجھ لیا ہے، تاہم ہمارا فرق یہ ہے کہ ہم نے ظالموں کے آگے ہتھیار نہیں ڈالے۔

### ☆ بقیہ صباح 29 ☆

مسئلہ سیاسی ہے اور اسے سیاسی طور پر ہی حل کیا جا سکتا ہے کیونکہ سیکورٹی فورسز اور مزاحمت کار بات کرنے کو تیار نہیں۔ نئے صوبوں کے قیام کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی مزاحمت کریں گے۔ موجودہ حالات میں نئے صوبوں کا قیام پاکستان کے لئے مزید تباہی کا باعث ہوگا، پارٹی کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لئے ملک گیر سطح پر بڑی سیاسی جماعتوں کے ساتھ رابطے کر کے متحرک اقدامات اٹھائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں کوئٹہ کے رہائشی میر احمد مری کی اپنے دوستوں، برادری، عزیزوں اور 60 خاندانوں کے ہمراہ نیشنل پارٹی میں شمولیت کرنے کے موقع پر پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر اسحاق بلوچ، صوبائی صدر محمد اسلم بلوچ، جنرل سیکرٹری چنگیز حئی بلوچ ایڈووکیٹ، شاؤس خان بزنجو، میر محراب مری، ڈپٹی پارلیمانی میر رحمت صالح بلوچ، یاسین لہڑی، راد محمد بلوچ، عبدالخالق بلوچ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے میر احمد مری کو جماعت میں شامل ہونے پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ ہم دیگر اقوام کو بھی پارٹی میں شامل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی گھمبیر صورتحال اور حالات کی وجہ سے ہونے والی بمباری کے خدشات موجود تھے، سوراب واقع قابل مذمت ہے اور آنے والے وقت میں بلوچستان میں مزید حالات کی کشیدگی دیکھ رہے ہیں اور ایسا نہ ہو کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں ہماری بہنوں کو پتہ بھی نہ ہو اور کارروائی ہو جائے کیونکہ سوراب کے بعد مزید خطرات بڑھ گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ پارٹی کو مضبوط اور فعال بنانے کے لئے اس کے تنظیمی ڈھانچے کو منظم بنایا جائے تاکہ مسائل کے حل کو جماعت ممکنہ طور پر یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنی جماعت مزید مضبوط اور فعال بنانا ہے تاکہ ہم مسائل کے حل کے لئے جنگ لڑ سکیں اس کے لئے ہم باضابطہ طور پر مہم چلا رہے ہیں اور ہمارا میڈیا سیل بھی متحرک ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اسلام آباد میں حکمرانوں کے سامنے بلوچستان کے سلگتے ہوئے مسائل کے حل کیلئے 17 نکات پیش کیے ہیں، جس پر عملدرآمد سے مسائل کا حل ممکن بنایا جا سکتا ہے

### ☆ بقیہ صباح 30 ☆

ہوئی، دھرنے میں کسانوں، مزدوروں، طلبہ، تاجروں، دیہاڑی دار مزدوروں، نوجوانوں اور مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے شہریوں کی بڑی تعداد نے ہاتھوں میں بینرز، کتبے اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر مہنگائی، بے روزگاری، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے، بھتہ خوری، ظالمانہ ٹیکسوں، بھاری لیوی اور عوام پر عائد کیے جانے والے دیگر مالی بوجھ کے خلاف نعرے درج تھے۔ شرکا نے حکومتی پالیسیوں کے خلاف شدید نعرے بازی کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے۔ لاہور میں وزیراعلیٰ ہاؤس کے سامنے ہونے والے احتجاجی دھرنے میں جماعت اسلامی کے مرکزی، صوبائی، ضلعی اور مقامی قائدین بھی موجود ہیں۔ اس موقع پر قائم مقام سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان نذیر احمد جنجوعہ، اسامہ رضی، اظہر اقبال حسن، شیخ عثمان فاروق، محمد جاوید قصوری، ڈاکٹر بابر رشید، ضیاء الدین انصاری، امیر العظیم اللہ گورائیہ، ڈاکٹر اللہ مجاہد، رانا تجمل جمیر، رانا عبدالوحید، اظہر بلال، مظہر اقبال رندھاوا، چوہدری شوکت، ناصر محمود کلیر، رانا شاہد محمود، سردار نور محمد ڈوگر، باسم سعید، عمران الحق سمیت دیگر رہنما اور ذمہ داران شریک تھے۔ دھرنے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے کہا کہ ملک کے عام شہری کو مہنگائی، بے روزگاری، بھاری بجلی و پٹرول کے بلوں، نئے ٹیکسوں اور روزمرہ اشیائے ضروریہ کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ عوام پر مزید بوجھ ڈالنے کے بجائے اشرافیہ کی مراعات اور غیر ضروری اخراجات میں کمی کرے اور عام آدمی کو حقیقی ریلیف فراہم کرے۔ جب تک امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نہیں کہیں گے ہم یہاں سے اٹھنے والے نہیں، حکومت کو عوام کے مطالبات ماننے ہوں گے۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اسلامی پورے پاکستان کے لوگوں کی ترجمان ہے۔ گورنر ہاؤس کراچی میں بہت بڑی تعداد میں لوگ موجود ہیں، پشاور میں بھی تاریخی دھرنا ہوا، لیاقت بلوچ خیبرپختونخوا کے عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے موجود ہیں۔ پاکستان کے لوگ ایک اذیت سے دوچار ہیں۔ لوگوں کے لیے دو وقت کی روٹی بھی مشکل ہوگئی ہے۔ حکمران صرف پٹرول کی قیمتیں ہی نہیں بڑھاتے بلکہ ٹیکسوں میں بھی اضافہ کر دیتے ہیں۔ شہباز شریف صاحب جو روزانہ اپ پٹرول بم گراتے ہیں یہ بہت بڑا ظلم ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت وفاق میں بھی موجود ہے اور صوبے میں بھی ہے اس لیے آج وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر ہم نے دھرنے کا اعلان کیا ہے۔ بھتہ خوری زبردستی کا بگا ٹیکس ہے جو حکومت لوگوں سے وصول کر رہی ہے۔ جاگیردار اپنے انکم سے ٹیکس ادا نہیں کرتے اور لوگوں سے بھتہ وصول کر رہے ہیں یہ ظلم و زیادتی اور استحصال کا نظام نہیں چلے گا۔ یہ ظالم حکمران عوام کا، کاشتکار کا، مزدور کا خون چوستے ہیں۔ یہ کرپٹ ٹولہ ہے جو ہم پر مسلط ہے جو خود ٹیکس ادا نہیں کرتے۔ ان سب نے سب نے مل کر 12 ارب روپے کا انکم ٹیکس ادا کیا ہے جبکہ غریب عوام سے بھتہ لیوی کی مد میں 1700 ارب روپے کا ٹیکس وصول کیا گیا ہے۔ ملک میں طبقاتی نظام اب نہیں چلے گا۔ ہماری جدوجہد کسی شخص کے خلاف نہیں ہے۔ یہ عوام کے لیے ہے یہ عدل کے لیے ہے یہ انصاف کے لیے ہے۔ انہوں نے شرکاء سے سوال کرتے ہوئے پوچھا کہ کیا آپ اس جدوجہد میں بڑی قربانیاں دینے کے لیے تیار ہیں۔ یہ دھرنا جاری رہے گا جب تک حکومت پیچھے نہیں ہٹے گی۔

### ☆ بقیہ صباح 31 ☆

سید آل خان ناصر نے انڈونیشیا کے جزیرے فلورس میں آنے والے شدید زلزلے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ سید آل خان ناصر نے کہا کہ قدرتی آفت کے نتیجے میں ہونے والا جانی نقصان ناقابل تلافی ہے، پاکستانی قوم اس مشکل گھڑی میں انڈونیشیا کے غمزدہ عوام کے دکھ میں برابر کی شریک ہے۔ انہوں نے زلزلے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر و حوصلہ دے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے بھی دعا کی اور کہا کہ پاکستان اس مشکل گھڑی میں انڈونیشیا کے ساتھ کھڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور انڈونیشیا کے تعلقات باہمی اعتماد، احترام اور دیرینہ دوستی پر استوار ہیں۔ دونوں ممالک کے عوام کے درمیان محبت اور اخوت کے مضبوط رشتے قائم ہیں، جبکہ قدرتی آفت کی اس گھڑی میں پاکستانی قوم اپنے برادر ملک کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔ سید آل خان ناصر نے امید ظاہر کی کہ انڈونیشیا کی حکومت اور عوام اپنی مضبوط قومی یکجہتی اور عزم کے ذریعے اس مشکل صورتحال پر جلد قابو پا لیں گے۔

### ☆ بقیہ صباح 32 ☆

کے دہشت گردوں نے کلی مینگل آباد میں ماں بیٹی کو قتل کر کے بلوچوں کی روایات کو ختم کیا ہے جس کی وجہ سے دہشت گردوں کا مکروہ چہرہ دنیا کے سامنے عیاں ہو چکا ہے اور اس گھناؤنے عمل کے خلاف کام کرنے والی انسانی حقوق کی تنظیموں کی خاموشی باعث تشویش ہے ہم نے ملکر بلوچستان میں امن دشمنوں کو شکست دیکر پرامن بلوچستان کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنانا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو سول سیکرٹریٹ میں سکندر جمالی آڈیٹوریم میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان قبائلی صوبہ ہے اور یہاں اور بسنے والے قبائل کی روایات اور ثقافت کی مثالیں دی جاتی تھیں لیکن آج یہاں پر بسنے والوں سمیت اب خواتین گھروں میں بھی محفوظ نہیں گزشتہ دنوں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے نوشکی کے علاقے کلی مینگل آباد میں رہائش پذیر سرکاری ملازمہ حنیفہ بی بی اور حصہ بی بی کو گھر میں گھس کر موت کی گھاٹ اتارنے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے مذکورہ خاندان سیلاب کے متاثرہ تھے پاک فوج کے تعاون سے ان کا گھر بحال ہوا تھا لیکن انہیں گھر میں گھس کر قتل کرنے والے دہشت گرد بلوچ قوم کے خیر خواہ نہیں ہو سکتے اور گھروں میں حملہ کر کے خواتین کو قتل کرنا کونسی بلوچیت ہے۔ فتنہ الہندوستان صرف سیکورٹی فورسز نہیں بے گناہ شہریوں کو بھی نشانہ بنا رہے ہیں اور چھپ کر وار کرتے ہیں ان کا قلع قمع کرنے کے لئے سیکورٹی فورسز اپنا کام کر رہی ہیں ان کی شناخت کیلئے عوام کو بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب نے ملکر بلوچستان میں بدامنی پھیلانے والے دشمنوں کو شکست دیکر امن کو قائم کرنا ہے فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد خواتین اور بچوں کو نشانہ بنا رہے ہیں ہم سب نے دہشتگردوں کے خلاف یک زبان اور متحد ہو کر بولنا ہے آج انسانی حقوق کی تنظیمیں ماں بیٹی کے قتل پر کیوں خاموش ہے اب ان کی انسانی حقوق کی خلاف ورزی نہیں ہو رہی انہوں نے کہا کہ اس بزدلانہ حملے میں ملوث افراد کو قانون کو کٹہرے میں لایا جائے گا انہوں نے کہا کہ یہ کوئی حقوق کی جنگ نہیں بلکہ فتنہ الہندوستان کی جنگ ہے۔ یہ واقعہ چادر اور چار دیواری کی پامالی ہے، جو کھلم کھلا دہشت گردی ہے یہ دہشت گردی ہے ان خواتین پر بھی حملہ آور ہو رہے ہیں جو ہر چیز سے مستثنیٰ ہیں بھارتی ایجنٹس دہشت گرد اپنا ایکسپوز ہو چکے ہیں۔ پارلیمان میں بیٹھی ہوئی ہم خواتین اس واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے خاموش نہیں بیٹھ سکتی اور خواتین کے حقوق اور انصاف کے حوالے سے آواز اٹھاتی رہیں گی۔ اور بے گناہ خواتین پر تشدد اور ان کی قتل و غارت گری کی معاشرے کا ہر طبقہ مذمت کرتا ہے اور خواتین کو کام اور محنت و محنتی سے روکنا کہاں کا انصاف ہے۔ دہشت گرد اس طرح کی گھناؤنی کارروائیاں کر کے اپنے مقاصد حاصل نہیں کر سکتے۔ مذہب اور بین الاقوامی قوانین میں بھی خواتین کو جنگوں میں استثنیٰ حاصل ہے

### ☆ بقیہ صباح 33 ☆

حدود کی خلاف ورزی کی تھی اور رابطے کی متعدد کوششوں کا جواب نہیں دیا تھا۔ قطری وزارت خارجہ کے ترجمان نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بیان میں کہا کہ بعد ازاں تلاش اور امدادی ٹیموں نے ایک پائلٹ کی باقیات دریافت کیں اور ان کی حوالگی کے لیے ایرانی حکام سے رابطہ کیا گیا۔ قطری ترجمان کے مطابق تہران کو آپریشن سے متعلق تفصیلات کا جائزہ لینے کی دعوت بھی دی گئی، تاہم ایران کی جانب سے ابھی تک اس دعوت کا جواب نہیں دیا گیا۔ دوسری جانب ایرانی فوجی حکام نے قطر سے مطالبہ کیا ہے کہ ایرانی ماہرین اور تحقیقاتی ٹیم کو ملک میں داخل ہو کر ایرانی پائلٹس کے معاملے کی تحقیقات کی اجازت دی جائے۔ ایرانی مسلح افواج کے جنرل اسٹاف کی کمیٹی برائے تلاش لاپتا افراد کے کمانڈر محمد باقر زادہ نے کہا کہ فضائیہ اور حقائق جانچنے والی ٹیم کئی ماہ سے قطر میں داخل ہونے کی منتظر ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے تسنیم کے مطابق انہوں نے قطری حکام پر تحقیقات میں بار بار تاخیر اور پائلٹس کی ایران واپسی روکنے کا الزام عائد کیا۔ باقر زادہ نے انٹرنیشنل کمیٹی آف ریڈ کراس سے بھی معاملے کا فوری نوٹس لینے اور تحقیقات میں کردار ادا کرنے کا مطالبہ کیا۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے بھی دعویٰ کیا کہ قطر ایرانی ماہرین اور تحقیقاتی کمیٹی کو پائلٹس کے انجام سے متعلق تحقیقات کی اجازت نہیں دے رہا۔ پاسداران انقلاب نے قطر سے مطالبہ کیا کہ پائلٹس کی حراست سے متعلق معاملے کی تردید کرنے کے بجائے ایرانی ماہرین کو تحقیقات کے لیے قطر آنے کی اجازت دی جائے۔ قطر کا مؤقف ہے کہ ایرانی طیاروں کی جانب سے اس کی فضائی حدود میں داخل ہونے کے بعد ملکی حدود کے دفاع کے لیے اقدامات کیے گئے، جبکہ پائلٹس نے قطری حکام کی جانب سے رابطے کی کوششوں کا جواب نہیں دیا۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب خطے میں ایران، اسرائیل اور امریکا کے درمیان شدید کشیدگی جاری ہے اور ایران و امریکا کے درمیان حملوں کے نتیجے میں تنازع نے خلیجی خطے تک وسیع اثرات پیدا کیے ہیں۔

### ☆ بقیہ صباح 34 ☆

احمد، طاہر بھٹی، ڈاکٹر آصف قدیر اور میکسیم کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عذیر حسن سمیت مردوں اور خواتین کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ میں اپنے دورہ امریکہ کے دوران اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر نیویارک میں یوتھ انٹرنیشنل آرگنائزیشن کے زیر اہتمام منعقدہ "یوتھ اینڈ آرٹیفیشل انٹیلیجنس سمٹ" میں شرکت کیلئے آیا جہاں ہم نے پاکستان بھر کے نوجوانوں کا مقدمہ بھرپور انداز میں پیش کیا۔ مجھے امید ہے کہ اس عالمی پلیٹ فارم پر ہونے والی ہماری کوششوں کے مثبت نتائج جلد سامنے آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یہ جان کر بھی خوشی ہوئی کہ ہوسٹن شہر میں پاکستانی کمیونٹی بالخصوص پاکستانی کاروباری حضرات اور تاجروں کی ایک بڑی تعداد آباد ہے۔ آپ نہ صرف اپنی محنت اور کامیابیوں کے ذریعے پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں بلکہ وطن عزیز کے مثبت امیج کو اجاگر کرنے میں بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ یہ حقیقت ہے کہ پاکستان کی معاشی ترقی اور مضبوطی کیلئے پرائیویٹ سیکٹر، مقامی سرمایہ کاروں اور اوورسیز پاکستانیوں کا کردار نہایت اہم ہے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانی نہ صرف اپنے خاندانوں کی مالی معاونت کرتے ہیں بلکہ ترسیلات زر کے ذریعے ملکی معیشت کے استحکام میں بھی نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔

### ☆ بقیہ صباح 35 ☆

ریاستی جبر اور تنازعہ کشمیر کا حل نہ ہونا جنوبی ایشیا میں امن وسلامتی کے لیے سنگین خطرہ ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ عالمی برادری کو مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارت کی طرف سے جاری ریاستی دہشت گردی سے لاتعلق نہیں رہنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر بھارت کا اندرونی معاملہ نہیں بلکہ بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ ایک تنازعہ اور جنوبی ایشیا میں ممکنہ ایٹمی فلیش پوائنٹ ہے۔ ترجمان نے کہا کہ تنازعہ کشمیر ایک ایسی چنگاری ہے جو جنوبی ایشیا میں جوہری جنگ بھڑکا سکتا ہے جس کے خطے اور پوری دنیا کے لیے تباہ کن نتائج ہوں گے۔ انہوں نے اقوام متحدہ پر زور دیا کہ وہ اپنی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق تنازعہ کشمیر کے منصفانہ اور پائیدار حل کے لیے فوری مداخلت کرے۔ عبدالرشید منہاس نے کہا کہ مسئلہ کشمیر ایک خطرناک بحران ہے اور اس کے حل میں مسلسل تاخیر کے علاقائی اور عالمی امن کے لیے سنگین اثرات ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کشمیریوں کے حق خودارادیت کے جائز مطالبے کو پورا کرنے سے انکار کر کے منصفانہ حل کی کوششوں میں مسلسل رکاوٹیں کھڑی کر رہا ہے۔ حریت ترجمان نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں طویل عدم استحکام اور کشیدگی کے خاتمے کے لیے تنازعہ کشمیر کا منصفانہ حل ناگزیر ہے۔

### ☆ بقیہ صباح 36 ☆

گھٹ کر تقریباً 5 لاکھ 67 ہزار بیرل یومیہ رہ گئی ہیں جس کے بعد تہران نے متبادل زمینی راستوں پر انحصار بڑھا دیا ہے۔ ایران تقریباً 10 ہزار 400 کلومیٹر طویل ریلوے کوریڈور کے ذریعے تیل چین کے مختلف شہروں تک پہنچانے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس سفر میں تقریباً 15 دن لگ سکتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ایران پر ریٹائرڈ آئل ٹینکر ریل کارز کی تعداد بڑھ جانے کے ساتھ پرانے ذخیرہ مراکز کو بھی دوبارہ فعال کر رہا ہے تاکہ تیل کی ترسیل کا سلسلہ برقرار رکھا جا سکے۔ تاہم ریل کے ذریعے تیل کی ترسیل سمندری راستے کے مقابلے میں کہیں زیادہ مہنگی ہے۔ اندازوں کے مطابق ریل سے ایک بیرل تیل کی ترسیل پر تقریباً 15 ڈالر لاگت آتی ہے جبکہ سمندری راستے سے یہی لاگت تقریباً 5 ڈالر فی بیرل ہے۔ صلاحیت بھی ایک بڑا مسئلہ ہے ایک ٹرین تقریباً 70 ہزار بیرل تیل لے جا سکتی ہے جبکہ ایک بڑے آئل ٹینکر میں 20 لاکھ سے زائد بیرل تیل منتقل کرنے کی گنجائش ہوتی ہے۔

### ☆ بقیہ صباح 37 ☆

اپنے بیان میں سردار ایاز صادق نے کہا کہ فتنۃ الخوارج کے دہشتگرد ملک کے امن و استحکام اور ترقی کے دشمن ہیں، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی عزم غیر متزلزل ہے، سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور کامیابیاں قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ آخری دہشتگرد کے خاتمے تک دہشتگردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی

### ☆ بقیہ صباح 38 ☆

کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اختیار ولی خان نے کہا کہ پی ٹی آئی کے کارکن ملک دشمن ہر تحریک کا حصہ بننے سے گریز نہیں کرتے اور 9 مئی کے واقعات کے تسلسل میں ایسی کارروائیاں جاری رکھنے کی کوشش کی جاتی رہی ہے۔ انہوں نے خیبرپختونخوا حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ صوبے میں منشیات اور اسمگلنگ مافیاز سے وابستہ افراد حکومت میں بیٹھے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی نے پاکستان کی موٹروے آئی ایم ایف کے پاس گروی رکھی، لہٰذا نئے اور خوشحال پاکستان کے دعوے کرنے والوں کی پالیسیوں پر سوال اٹھنے چاہئیں۔ اختیار ولی نے مزید الزام عائد کیا کہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں بدانتظامی ہوئی اور سیاسی مخالفین کے خلاف ریاستی اداروں کو استعمال کیا گیا۔ ان کے مطابق مدینہ کی ریاست کا نعرہ لگانے والوں کے دور حکومت میں حج اور عمرہ بھی مہنگا ہوا، اس لیے نئے پاکستان کے دعوے کرنے والوں سے عوام کو ان کی کارکردگی کا حساب لینا چاہیے۔ انہوں نے خیبرپختونخوا میں صحت اور تعلیم کی صورتحال پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں تعلیمی ادارے بند ہو چکے ہیں، جبکہ جنگلات کی کٹائی اور بدانتظامی بھی سب کے سامنے ہے۔ اختیار ولی خان نے کہا کہ صوبے کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور حکومتی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت ہے۔

### ☆ بقیہ صباح 39 ☆

تعلقات اچھے تھے۔ ٹرمپ نے اپنے پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر ایک پوسٹ میں کہا کہ خاص طور پر اس تصویر میں غیر دوستانہ نظر کے باوجود ایسی بہت سی تصاویر ہیں جن میں ہم مسکرا رہے ہیں۔ امریکی صدر نے شمالی کوریا کے رہنما کے ساتھ اپنے تعلقات پر تبصرہ کرتے ہوئے مزید کہا کہ میں اور کم جونگ ان بہت شاندار انداز میں ایک دوسرے کے ساتھ ہم آہنگ ہیں۔ ٹرمپ نے اپنی پوسٹ کے ساتھ کم جونگ ان کے ساتھ اپنی ایک تصویر بھی منسلک کی جس میں دونوں رہنما سنجیدہ تاثرات کے ساتھ دکھائی دے رہے تھے۔ یہ وہی تصویر تھی جس نے امریکی صدر کو اس بات کی تصدیق کرنے پر مجبور کیا کہ یہ تصویر شمالی کوریا کے رہنما کے ساتھ ان کے تعلقات کی نوعیت کی عکاسی نہیں کرتی۔

### ☆ بقیہ صباح 40 ☆

اور اسے کراچی سے تنظیم کے لیے مالی معاونت جمع کرنے کا ٹاسک دیا گیا۔ حکام کے مطابق ملزم نے منگھوپیر کے علاقے میں مختلف افراد سے رابطے کر کے انہیں تنظیم کے لیے ماہانہ بنیادوں پر رقم فراہم کرنے پر آمادہ کیا۔ بعد ازاں جمع کی گئی رقوم مبینہ طور پر ٹانک میں موجود منصور کے ساتھی دین محمد کے فراہم کردہ موبائل مالیاتی اکاؤنٹس کے ذریعے وزیرستان منتقل کی جاتی رہیں۔ تفتیشی حکام کے مطابق ملزم مختلف اوقات میں وزیرستان جا کر دہشتگرد منصور سے خفیہ ملاقاتیں بھی کرتا رہا۔ جون 2026 میں پاک افغان سرحد سے ملحقہ علاقے تیرہ میں ہونے والی ایک ملاقات کے دوران اسے کراچی میں دہشتگردی اور بھتہ خوری کے لیے اپنا نیٹ ورک مضبوط کرنے کی ہدایت دی گئی۔ حکام نے کہا کہ بعد ازاں ملزم کو مبینہ طور پر اس کے ایک نامعلوم ساتھی کے ذریعے اسلحہ اور بارود فراہم کیا گیا۔ گرفتار ملزم اور اس کے ساتھی کراچی میں حساس مقامات کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے۔ ذرائع کے مطابق گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ اس کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

### ☆ بقیہ صباح 41 ☆

جاری رکھی گئی۔ ذرائع کے مطابق دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے جدید اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر جنگی سامان برآمد ہوا، جبکہ ایک موٹرسائیکل اور دو گاڑیاں بھی قبضے میں لے لی گئیں۔ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مکمل طور پر تباہ کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ ہلاک دہشت گرد بھتہ خوری، اغوا برائے تاوان، ٹارگٹ کلنگ اور خودکش حملوں کی منصوبہ بندی سمیت دہشت گردی کی مختلف کارروائیوں میں ملوث تھے۔ ذرائع کے مطابق آپریشن رد الفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے اور امن و امان کے قیام کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔

### ☆ بقیہ صباح 42 ☆

روز وزیراعلیٰ ایک روزہ دورے پر بنوں پہنچے جہاں پاکستان تحریک انصاف کی مقامی قیادت اور کارکنوں نے ان کا والہانہ استقبال کیا۔ وزیراعلیٰ نے 27 ستمبر کے لانگ مارچ کی تیاریوں کے سلسلے میں منعقدہ سٹریٹ موومنٹ ریلی کی قیادت کی۔ اس موقع پر پی ٹی آئی خیبرپختونخوا کے صوبائی صدر جنید اکبر خان سمیت ارکان قومی و صوبائی اسمبلی، پارٹی رہنما اور کارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ریلی شرکاء کی جانب سے چیئرمین عمران خان کی رہائی کے حق میں نعرے لگائے جا رہے تھے جبکہ شہر بھر میں پی ٹی آئی کے پرچم لہراتے نظر آ رہے تھے۔ وزیراعلیٰ محمد سہیل خان آفریدی 27 ستمبر کے لانگ مارچ کے لیے عوامی رابطہ مہم اور تیاریوں کے سلسلے میں صوبے کے مختلف شہروں کا دورہ کر رہے ہیں۔ بنوں میں ہونے والی اسٹریٹ موومنٹ کو بھی اسی سلسلے کی اہم کڑی قرار دیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ کی آمد کے موقع پر بنوں شہر کے مختلف مقامات پر استقبالیہ کیمپ قائم کیے گئے تھے جہاں کارکنوں اور حامیوں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے شاندار استقبال پر بنوں کے عوام کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ 27 ستمبر کے مارچ کے لیے بھرپور تیاری کرنا ہوگی۔ انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ کریں اور اپنے مستقبل کے لیے جرات کے ساتھ باہر نکلیں۔ محمد سہیل آفریدی نے صوبے میں امن و امان کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ 2022 تک خیبرپختونخوا میں امن تھا تاہم اس کے بعد کے حالات سب کے سامنے ہیں۔ ان کے بقول امن کی تباہی کی ذمہ داری موجودہ حکومت اور اسے اقتدار میں لانے والوں پر عائد ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا کے عوام نے امن کے قیام کے لیے ہزاروں جانوں کی قربانیاں دی ہیں تاہم بند کمروں میں کیے گئے فیصلوں نے امن کو تباہ کر دیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے ناگزیر ہے اور ان کی حکومت صوبے میں امن کی بحالی کے لیے ہر ممکن اقدام کرے گی۔

### ☆ بقیہ صباح 43 ☆

انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اتوار کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان میں صدر مملکت نے کہا کہ فتنۃ الخوارج کے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی اور بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود کی برآمدگی اہم کامیابی ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

### ☆ بقیہ صباح 44 ☆

ہیں۔ ضیا لانگو نے خیریت دریافت کرنے اور حوصلہ افزائی پر محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا۔ بلوچستان کے وزیر داخلہ نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک ضرور پہنچایا جائے گا اور امن دشمن عناصر کے مذموم عزائم کامیاب نہیں ہونے دیے جائیں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور مستونگ میں پیش آنے والے حملے کے بعد ان کی خیریت دریافت کی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہوا کہ میر ضیا اللہ لانگو حملے میں محفوظ رہے۔ انہوں نے مستونگ حملہ ناکام بنانے پر بلوچستان پولیس کی بہادری اور جرات کو خراج تحسین پیش کیا۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان پولیس کی قربانیاں قابل تحسین ہیں۔ قوم اپنے بہادر جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے خیریت دریافت کرنے اور حوصلہ افزائی پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا۔